ماہنامہ

# راہنمائے عملیات

لاہور

قیمت 30 روپے

ماہ مئی

فیصل آباد کا ڈرا

جفر جامع

طلسماتی انگوٹھی

کرشمہ حاضرات

دست غیب



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# راہنمائے عملیات ماہنامہ لاہور

راہنمائے عملیات ہر ماہ شائع ہوتا ہے۔
قیمت 30 روپے




خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔
قیمت 80 روپے




| | |
|---|---|
| راہنمائے عملیات (ماھانہ) | 30 روپے |
| خالد روحانی جنتری 2004 | 80 روپے |
| مستحصلہ قادر الکلام | 50 روپے |
| علم الحروف | 100 روپے |
| روحانی مشورے (تیسرا ایڈیشن) | 60 روپے |
| خزینہ اعداد (ترمیم شدہ) | 50 روپے |
| ساعات حقیقی | 90 روپے |
| بانڈز لیس اور لاٹری کے نمبر (ترمیم شدہ) | 100 روپے |
| اسباق دست شناسی | 60 روپے |
| 10 سالہ جنتری | 115 روپے |
| راہنمائے تل شناسی | 40 روپے |
| راہنمائے عملیات | 80 روپے |
| السحر العجیب فی جلب الحبیب | 80 روپے |
| السحر الاحمر | 50 روپے |
| الاقوال المرغوبہ فی معرفۃ الاعمال الرملیہ | 40 روپے |
| سحر بار نوخ | 50 روپے |
| راہنمائے علم نجوم | 80 روپے |
| طلسمات زہرہ | 60 روپے |
| مجربات خالد | 55 روپے |
| ہندی نجوم | 110 روپے |
| تسخیر موکلات و حاضرات | 60 روپے |
| مفتاح الرموز و اسرار الکنوز | 80 روپے |

راٹھور پبلشرز

خالد اسحاق راٹھور، پروپرائٹر راٹھور پبلشرز
2/11، محمد نگر نزد جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور۔
فون (042)6374864 موبائل 0300 8442060

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

ماہنامہ

# راہنمائے عملیات لاہور

ایڈیٹر
خالد اسحٰق راٹھور


## فہرست مضامین



| | | |
|---|---|---|
| راہ ہدایت | | ۲ |
| الحکمت فی مخلوقات اللہ | محی الدین ابن عربی | ۳ |
| دلائل الخیرات | | ۴ |
| حصول مطلوب علم الحروف کے کرشمے | فقیر بشیر احمد چشتی | ۷ |
| اعمال نادرہ | سید وارث علی شاہ جیلانی | ۹ |
| فیصل آباد کا ڈرا | حاجی عبداللطیف | ۱۰ |
| جفر جامع | محمد سعید وارثی | ۱۱ |
| آپ کا یہ ماہ کیسا گزرے گا | ادارہ | ۱۴ |
| الہامات جفر | سید شعیب الرحمٰن شاہ | ۲۱ |
| اسمائے حسنیٰ | علامہ عمران حمید اشرفی | ۲۴ |
| کرشمہ حاضرات | ملازم حسین | ۳۱ |
| جنات کی دنیا | غلام قادر بلوچ | ۳۳ |
| تسخیر الارواح | عدیل مصطفیٰ آتش | ۳۵ |
| خواص و برکات بسمہ اللہ الرحمٰن الرحیم | الخان محمد عبداللہ | ۳۷ |
| پاکستان کے زائچے | ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ | ۳۹ |
| جواہرات اور پتھروں سے خوش قسمتی اور صحت | خالد اسحاق راٹھور | ۴۱ |
| فیس روحانیہ | محمد اسد اللہ سلیمانی | ۴۲ |
| طلسماتی انگوٹھی | عطا حسین مری بلوچ | ۴۴ |
| چہروں پر تحقیق | بالا جان مغل | ۴۴ |
| آپ کا عدد اور یہ ماہ | قیصر علی عباس | ۴۵ |
| دست غیب | قیوم رضا | ۵۰ |
| کون سا کام کب کریں | خالد اسحاق راٹھور | ۵۱ |
| نظرات کواکب کے اثرات و احکام | حافظ ایم فرخ | ۵۳ |
| مفت ایک سوال کا جواب | | ۵۶ |
| بانڈ نمبر | | ۵۶ |




**پبلشر و چیف ایڈیٹر**

شائستہ خالد راٹھور



**رابطہ**

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر ۲، گلی نمبر ۱۱، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان۔

**فون**

(042) 6374864
0300 8442060


**اوقات کار**

صبح 11 تا شام 5 بجے تک / تعطیل بروز اتوار

**قیمت**

فی شمارہ ۳۰ روپے
زر سالانہ (بمعہ جنتری) ۳۶۰ روپے
زر سالانہ رجسٹرڈ ڈاک (بمعہ جنتری) ۵۶۰ روپے
بیرون ملک ۳۵ ڈالر (سالانہ)

**بنک ڈرافٹ (Bank Draft)**

M/s Rahnuma-i-amaliyat, A/c 1392-35, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan

**انٹرنیٹ (Internet)**


www.kirathor.com
kirathor@yahoo.com



ناشر شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر الامین ٹریڈرز لاہور
جلد ۷ شمارہ ۳



free copy
khalidrathore.com
Lurnatech Document Processing Solutions

# راہ ہدایت

## القرآن

اے ایمان والو! جب تم آپس میں ایک دوسرے سے معیاد مقرر پر قرض کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو اور لکھنے والے کو چاہیے کہ تمہارا آپس کا معاملہ عدل سے لکھے کاتب کو چاہیے کہ لکھنے سے انکار نہ کرے جیسے اللہ تعالیٰ نے اسے سکھایا ہے پس اسے بھی لکھ دینا چاہیے اور جس کے ذمہ حق ہو وہ لکھوائے اور اپنے اللہ تعالیٰ سے ڈرے جو اس کا رب ہے اور حق میں سے کچھ گھٹائے نہیں ہاں جس شخص کے ذمہ حق ہے وہ اگر نادان ہو یا کمزور ہو یا لکھوانے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اس کا ولی عدل کے ساتھ لکھوا دے اور اپنے میں سے دو مرد گواہ رکھ لو اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں جنھیں تم گواہوں میں سے پسند کر لو تاکہ ایک کی بھول چوک کو دوسری یاد دلا دے اور گواہوں کو چاہیے کہ وہ جب بلائے جائیں تو انکار نہ کریں اور قرض کو جس کی مدت مقرر ہے خواہ چھوٹا ہو یا بڑا ہو لکھنے میں تامل نہ کرو اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ بات بہت انصاف والی ہے اور گواہی کو بھی درست رکھنے والی اور شک و شبے سے بھی زیادہ بچانے والی ہے ہاں یہ اور بات ہے کہ وہ معاملہ نقد تجارت کی شکل میں ہو جو آپس میں تم لین دین کر رہے ہو تو تم پر اس کے نہ لکھنے میں کوئی گناہ نہیں۔ خرید و فروخت کے وقت بھی گواہ مقرر کر لیا کرو۔ اور (یاد رکھو کہ) نہ تو لکھنے والے کو نقصان پہنچایا جائے نہ گواہ کو اور اگر تم یہ کرو۔ اور (یاد رکھو کہ) نہ تو لکھنے والے کو نقصان پہنچایا جائے نہ گواہ کو اور اگر تم یہ کرو تو یہ تمہاری کھلی نافرمانی ہے اللہ تعالیٰ سے ڈرو اللہ تمہیں تعلیم دے رہا ہے اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتا ہے اور اگر تم سفر میں ہو اور لکھنے والا نہ پاؤ تو رہن قبضہ میں رکھ لیا کرو ہاں اگر آپس میں ایک دوسرے سے مطمئن ہو تو جسے امانت دی گئی ہے وہ اسے ادا کرے اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے جو اس کا رب ہے اور گواہی کو نہ چھپاؤ اور جو اسے چھپا لے وہ گناہ گار دل والا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اسے اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے (سورۃ البقرہ)۔

## السنۃ

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک غلہ فروخت کرنے والے کے پاس سے گزرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ غلہ کے اندر ڈالا تو ہاتھ میں کچھ تری محسوس ہوئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا کہ یہ تری کیسی ہے؟ غلہ کے مالک نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ اس پر بارش ہو گئی تھی آپ ﷺ نے فرمایا تم اس بھیگے ہوئے غلہ کو اوپر کیوں نہ رکھا تاکہ لوگ اسے دیکھ لیتے؟ جس شخص نے دھوکہ دیا وہ مجھ سے نہیں ہے۔ (کتاب الایمان)۔

## ہماری تاریخ

فرات بن سائب کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کی بیوی فاطمہ بنت عبدالملک کے پاس ایک بیش بہا اور بے مثل گوہر تھا جو ان کو ان کے والد عبدالملک نے دیا تھا۔ ایک روز عمر بن عبدالعزیز نے اپنی بیوی سے کہا کہ تم اپنا تمام زیور (مع اس گوہر کے) یا تو بیت المال میں دے دو یا مجھے نہ پسند کرو تاکہ میں تمھیں خود سے جدا کر دو (طلاق دے دوں) کیونکہ مجھ سے یہ نہیں دیکھا جاتا کہ میں اور تم اور تمھارا زیور ایک گھر میں (ایک جگہ پر) ہوں۔ آپ کی زوجہ محترمہ نے کہا کہ آپ میرا تمام زیور شوق سے بیت المال میں جمع کرواء دیجیے میں زیور کے مقابل میں آپ کو ترجیح دیتی ہوں۔ چنانچہ آپ نے ان کا تمام زیور لے کر بیت المال میں داخل کر دیا۔ جب آپ کا انتقال ہو گیا اور (حسب وصیت) یذید بن عبدالملک تخت پر بیٹھا تو اس نے آپ کی زوجہ محترمہ (اپنی بہن فاطمہ) سے کہا کہ اگر تم چاہو تو میں تمھارا زیور بیت المال سے واپس لے کر تم کو دے دوں مگر آپ نے انکار کر دیا اور کہا کہ جو چیز میں اپنی مرضی سے اپنے شوہر کی زندگی میں دے چکی ہوں تو اب ان کے انتقال کے بعد واپس نہیں لوں گی۔

☆☆☆☆☆

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# الحکمت فی مخلوقات اللہ

محی الدین ابن عربی

## حضرت سلیمانؑ پر اللہ کا احسان

"اور ہم نے بنادیا حضرت سلیمانؑ کے لئے بالکل آسان" یعنی اللہ رب العزت نے حضرت سلیمانؑ پر معدنیات کا حصول اور ان کا استعمال بالکل آسان بنادیا ہے۔ اور اس نے اپنے بندوں پر انھیں چیزوں کا احسان جتلایا فرمان الٰہی "اور ہم نے لوہے کو پیدا کیا اس میں بڑی سختی اور لوگوں کے لئے بہت سے فوائد ہیں" اور اسی طرح ہی دوسری معدنیات جیسا کہ سونا چاندی اور دوسری مفید چیزیں جن کا استعمال کسب معاش میں انتہائی فائدہ مند ہے اور انھیں چیزوں کو ضرورت کے وقت ڈھال کر ان کی مختلف چیزیں بنتی ہیں۔ جیسا کہ سونے اور چاندی کے زیورات اور معدنیات سے دوسری بھی بہت سی چیزیں نکلتی ہیں۔ جس طرح کے دھبنج، موفنعنا، سارن، توتیا وغیرہ اور اسی زمین پر پہاڑوں کے بنانے میں بڑی حکمت ہے جیسا کہ اللہ کا فرمان ہے "اور ہم نے پہاڑوں کو بڑا ہی سخت بنایا"۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اور ہم نے زمین پر ایک لمبا اور سخت قسم کا پہاڑی سلسلہ پیدا کیا"۔ اللہ تعالیٰ نے مزید فرمایا "اور ہم نے آسمان سے اتنی مقدار میں پانی نازل کیا اور پھر ہم نے اسے زمین میں جمع کیا" ان پہاڑوں میں بیشمار فوائد مخفی ہیں جنھیں اللہ ہی شمار کر سکتے ہیں اور پھر اللہ نے آسمان سے پانی بھی تو اسی لئے نازل فرمایا تاکہ وہ اپنے بندوں اور شہروں کو زندہ رکھیں اگر زمین ان پہاڑوں سے خالی ہوتی تو ہوا اور سورج کی تپش سے زمین پر پانی ختم ہو جاتا ان پہاڑوں کے پیٹوں میں پانی کا خزانہ ہے جو کہ چشموں اور نہروں اور دریاؤں کی شکل میں بہتا ہے اور کئی ایسے پہاڑ بھی ہیں جن پر سورج کی دھوپ پڑنے سے برف پگھل جاتی ہے اور پانی جاری وساری ہوتا اور انھیں پہاڑوں پر ایسی مضبوط لکڑی پیدا ہوتی ہے جس سے انسان کشتیاں اور گھر تعمیر کرتے ہیں اور یہ لکڑی انھیں پہاڑوں کی بدولت ملتی ہے اور انھیں پہاڑوں میں بعض لوگ سردی اور گرمی سے بچنے کے لئے گھر اور اپنے مردوں کا مدفن بناتے ہیں۔ جیسا اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ "اور وہ لوگ اپنے امن کے لئے ان پہاڑوں میں گھر بناتے ہیں" اور انھیں پہاڑوں کی بدولت مسافر خشکی اور تری میں اپنے لئے راستوں کا تعین کرتے ہیں اور جنگ کی شکل میں دشمنوں سے بچنے اور ان پر فتح حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے اور ان پہاڑوں میں بہت سے خزانے مخفی ہیں۔ جیسا کہ فرمان الٰہی ہے۔ "اور ہم نے خزانوں میں بہت سی چیزیں دیں ہیں اور ہم ان کو ایک مقدار کے مطابق نازل کرتے ہیں بیشک اللہ کی ذات پاک ہے اور وہی ان ساری چیزوں کا علم رکھنے والا اور غلبے والا ہے"۔

## سمندر کے بارے میں حکمت

اللہ تعالیٰ نے فرمایا "اور وہی ذات باری ہے جس نے سمندر کو مسخر کر دیا تاکہ تم تر و تازہ گوشت کھا سکو" یاد رکھیں اللہ نے سمندر کو وسیع و عریض بنایا اور اس میں بہت سے فوائد رکھے اور یہ سمندر اتنا وسیع و عریض ہے کہ پوری زمین اس کی لپیٹ میں ہے۔ حتیٰ کہ کائنات کی تمام چیزیں پہاڑ سمندر کے سامنے بہت ہی چھوٹے ہیں اور جس طرح زمین میں مختلف حیوانات ہیں اسی طرح سمندر کے اندر حیوانات اور جواہر کی ایک عظیم دنیا آباد ہے اور اگر ان میں سے کوئی ایک جانور زمین پر آ جائے تو ایسا لگے گا جیسا کہ پہاڑ یا بہت بڑا جزیرہ، اور جس طرح زمین پر انسان پرندے اور مختلف جانور، گھوڑا، گائے، بیل وغیرہ ایسے ہی سمندر میں حیوانات کی اتنی عظیم دنیا ہے جن کا شمار انسان کے گمان میں نہیں اور پھر اس سمندر میں ہی اللہ نے ہیرے، جواہرات پیدا کئے ہیں۔ جیسا کہ فرمان الٰہی ہے "اور اسی سے ہی ہم نے لولو اور مرجان پیدا کئے تو تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے"۔

اور اللہ کی مرضی سے ہی تو تم اس قابل ہو کہ سمندر کی تیز ہواؤں اور طوفانوں کے باوجود تم اس میں کشتیاں چلا لیتے ہو اور بآسانی مختلف چیزوں کو ایک سے دوسری جگہ منتقل کر لیتے ہو جیسا کہ فرمان الٰہی ہے "اور تم کشتی کو سمندر میں چلاتے ہو اور لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں"۔ کیا اہل علم وعقل سب مل کر بھی کوئی ایک چیز بنا سکتے ہیں؟

یہ تو اس قادر مطلق کا کام ہے جو انسانیت کا راہنما قدرت والا جبار اور قہار ہے اے اللہ تو پاک ہے ہم تو تیرے گنہگار بندے ہیں۔

جاری ہے.........

عرفان صاحب، گلستان نیوز ایجنسی، فیریئر مارکیٹ، فیریئر روڈ، اخبار مارکیٹ، کراچی
مستصلہ قادر الکلام 50 روپے

# دلائل الخیرت

## یا اللہ

ترجمہ

اسم ذات ہے۔یعنی الف دور کردو تو للہ خدا کے معنی ہیں اگر لام دور کردو تو یہی خدا کے معنی نکلتے ہیں اگر دوسرا لام گرادو تو یعنی خدا کے معنی پیدا ہوتے ہیں۔

خاصیت

جو کوئی اس کو ہزار بار پڑھے گا صاحب یقین ہوگا۔جو ہر نماز کے بعد دو سو سو بار پڑھ لیا کرے گا صاحب کشف ہوگا اور جو کوئی چالیس دن تک تین ہزار ایک سو پچیس (3125) بار روزانہ اس نام کو لکھ کر پھر ہر نام کی آٹے میں گولیاں باندھ کر دریا میں ڈالے گا ،مقصد پائے گا۔جو کوئی تین یا سات کا چلہ کر کے عشاء کی نماز کے بعد اللہ الصمد چار لاکھ بار پڑھے گا جو حاجت مہم رکھتا ہوگا وہ بھی پوری ہوگی۔جو چالیس (40) یا اکیس (21) دن میں سوا لاکھ مثلث یا مربع نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں باندھ کر دریا میں ڈالے گا تا کہ مچھلیاں کھالیں حاجت پوری ہوگی۔اگر تپ کی دفع کو اللہ کا مربع نقش پُر کر لے صحت ہوگی۔جو ایک وقت مقرر کر کے یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا ارحم الرحمین O پانچ سو (500) بار پڑھ لیا کرے گا اس پر در روزی کشادہ ہوگا اور دعا مستجاب ہوگی۔جو یا اللہ یا لطیف یا فتاح یا باسط یا رزاق یا غنی یا مغنی یا منعم تہجد کی نماز کے بعد پانچ سو (500) دفعہ تین تین دفعہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ مداومت کرے یا چلہ بھر پڑھے کشائش رزق میں بہت فائدہ پائے گا، جو ذکر فاس انفاس کرے گا یعنی ہر سانس پر جو اندر جاتا ہے اللہ اور جو باہر نکلے ھو اس کے ختم پر قلب سے جاری رکھے، یہ افضل الاعمال ہے جو مع اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے صبح و شام تین سو بار یا اللہ پڑھا کرے خدائے تعالیٰ کا ذوق و شوق روزی ہوگا، جو کسی حاجت براری کو جمعہ یا نوچندی جمعرات کو یا جماعت عصر کی نماز پڑھ کر ایک گوشہ میں مغرب تک یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم پڑھے گا ،اسی طرح تین جمعہ پورے کرے مقصد پائے گا۔

دیربی رحمتہ اللہ علیہ اپنے مجربات میں تحریر فرماتے ہیں کہ بعض خواص اسم اللہ سے یہ ہے کہ واسطے شفائے جملہ امراض کے ہے کہ اگر اس کو موافق اس کے عدد کے 66 مرتبہ لکھیں اور اس کو دھو کر مریض کو پلادیں تو وہ شفا پائے گا، باذن اللہ تعالیٰ اور برائے جملہ گزند رسیدہ اور آسیب زدہ کے بھی یہی اسم لکھ کر اور دھو کر پلاویں اور اگر واسطے حبس اور باز اشت جن کے ارادہ کریں تو اس اسم کے حرفوں کو جن زدہ کے انگشتان دست پر لکھ دیں تو وہ محبوس جائے گا یعنی وہ شخص جن سے محفوظ اور جن اس سے باز ایستادہ رہے گا اور اگر ارادہ حرق جن کا کریں یعنی اس کے جلانے کا ارادہ رکھتے ہوں تو حروف اسم اللہ کو ایک نیلے کپڑے میں لکھیں اور ایک سرے سے اس کا جلادیں اور جن زدہ کو سونگھادیں، اس صورت میں اگر ارادہ اسکے مارڈالنے کا یا جلادینے کا رکھتے ہوں یا اس کو گویا کرنا چاہتے ہوں تو یہ سب باتیں اس سے حاصل ہوں گی۔

اور بعض علمائے سلف نے ذکر کیا ہے کہ جو کوئی اسم اللہ کو کسی ظرف میں بلا تعداد جس قدر اس ظرف میں گنجائش ہو لکھ کر اور دھو کر اس کا پانی مصروع یعنی آسیب زدہ پر چھڑک دیوے تو شیطان اس کا جل جاوے گا۔اور بونی نے کہا کہ میں نے بھی یہ عمل ایک شخص کو بتایا کہ اس کا لڑکا تیس برس سے مصروع یعنی آسیب زدہ تھا اور اس امر نے اس کو درماندہ اور عاجز کر دیا تھا، چنانچہ وہ شخص تین روز اس عمل پر آمادہ رہا اور آرام ہوگیا اور جو شخص محبت خدا کی وجہ سے اس کو پڑھے گا اور شک بالکل نہ کرے گا تو وہ صدیقوں میں ہوگا۔جو ہر نماز کے بعد سات بار ھو اللہا لرحیم پڑھتا رہے گا ، اس کا ایمان سلب نہ ہوگا اور شر شیطان سے محفوظ رہے گا۔

## یا رحمٰن

ترجمہ

اے بہت بخشنے والے دنیا اور آخرت میں!

خاصیت:

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

کینٹ۔
علم الحروف 100 روپے

جوکوئی صبح کی نماز کے بعد دوسو اٹھانوے (298) بار پڑھے گا خدا اس پر بہت رحم کرے گا۔ جو ہر نماز کے بعد الرحمٰن الرحیم کا سو (100) بار وظیفہ کرے گا اللہ جل جلالہ غفلت اور نسیان اور قساوت اسکے دل سے اٹھا دے گا اور نور کی روشنی سے اسے بھر دے گا۔ دشمن سے نجات پانے کو خواہ پڑھے یا کوئی اس کا نقش لکھے تو عجب لطف دیکھے گا یا رحمن الدنیا والاخرۃ و یار حیمھما اکتالیس (41) بار اکتالیس (41) دن تک پڑھے گا اس کی ضروری حاجت برآئے گی۔ جو معشوق عاشق سے موافقت نہ کرے اور نہ دیکھ سکے اور منکر و مردم آزار ہو اس عزیمت کو یارحمن کل شیء ورحمہ کو سفید حریر کے کاغذ پر چار آدمیوں کے نام۔ عاشق اور اس کی ولدیت معشوق اور اسکی ولدیت سمیت مشک اور زعفران سے لکھ کر جس جگہ رہتا ہے اس جگہ دفن کر دے جو پاک جگہ نہ دفن کرے گا ناپاک جگہ کرے گا خود ہلاک ہو جائے گا، پھر جو کچھ عاشق کہے گا وہ سنے گا، مجرب ہے۔
اور جو شخص اکتالیس (41) دن تک پیاز و لہسن کے پرہیز سے یعنی ترک حیوانات جلالی کے ساتھ یا ارحم الرحیمن مع اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے پانچ سو (500) بار روزانہ پڑھے گا، خدا اسے بہت دوست رکھے گا اور محتاج نہ رہے گا۔ جو کسی حاکم کے سامنے یا رحمن الدنیا و رحیم الاخرۃ بحق یا بدوح پڑھتا جائے اور دم کرتا جائے وہ حاکم سختی نہ کرے گا۔

## یارحیم

ترجمہ

اے بہت مہربان بخشنے والے!

خاصیت:

جو کوئی ہر روز اس اسم کو پانچ سو (500) بار پڑھے گا دولت پائے اور خلق اللہ مہربان اور شفیق ہوگی۔ جو کوئی صبح کی نماز کے بعد سو (100) بار پڑھے تمام خلق اللہ اس پر شفقت اور مہربانی کرے گی۔ جو اور وقت بھی روز سو (100) بار پڑھتا رہے اس کو تمام خلقت عزیز رکھے اور آخرت میں درجہ پاوے۔ جو اعداد کے موافق دو سو اٹھاون (258) تک کوئی سا نقش پُر کر کے آٹے میں گولیاں باندھ کر مچھلیوں کو کھلائے فتح و نصرت پاوے، جو لوہے کے نگینہ پر یا اللہ یا رحمن جمعہ کے دن منقش کرے کچھ بھی کبھی دکھ نہ پاوے اور ہمیشہ مظفر و منصور رہے۔ 555 بار پڑھنے والا صبح کی نماز کے بعد ہر حاجت سے غنی رہا کرتا ہے۔

## یاملک

ترجمہ

اے بادشاہ ظاہر و باطن!

خاصیت:

جو کوئی شخص القدوس سمیت اس اسم کو اپنے وظیفہ میں رکھے جو مال و ملک والا ہو اللہ اس کے مال و ملک کو قائم و دائم رکھے گا جو ملک نہ رکھتا ہو اس کا نفس اس کی اطاعت میں رہے گا اور خلق میں محترم رہے گا۔ حضرت شاہ عبد الرحمٰن نے اپنے تجربہ سے لکھا ہے کہ نوے (90) بار جو کوئی روز اس کو پڑھے گا تونگر ہوگا جو نوے (90) دن تک روز نوے (90) نقش بھرتا رہے ہرگز خالی نہ رہے جو سورج نکلنے کے وقت تین ہزار (3000) بار پڑھے گا جو مراد مانگے گا، حاصل ہوگی۔

## یاقدوس

ترجمہ

اے بہت پاک!

خاصیت

جو کوئی ہزار بار اس اسم کو پڑھے گا سب سے بے پرواہ ہوگا، جو جمعہ کی نماز کے بعد اسم سبوح سمیت اس کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھاتا ہے فرشتہ صفت ہو جو دشمن سے بچنے کو بھاگتے وقت جس قدر ہو سکے پڑھے محفوظ رہے جو سفر میں اس کی مداومت کرے کبھی نہ تھکے جو کوئی ہر روز زوال کے نزدیک سو (100) بار پڑھا کرے اس کا دل صاف ہو جو تین سو انیس (319) بار شرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلا دے دشمن مہربان ہو جو کوئی سا نقش اس کا ایک سو ستر (170) مرتبہ روز ہمیشہ یا ایک سو ستر (170) دن تک لکھ کر روز گولیوں میں مچھلیوں کو کھلایا کرے، کسی کا محتاج نہ رہے۔

## یاسلام

ترجمہ

اے سلامت رکھنے والے!

ریاض احمد شیخ صاحب، کیپیٹل نیوز ایجنسی، شاہی بازار، بہاولپور
روحانی مشورے (ترمیم شدہ) 60 روپے

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

### خاصیت

جو ہمیشہ صبح کی نماز کے بعد ہزار (1000) بار اس اسم کو پڑھے گا علم زیادہ ہوگا جو ایک سو اکتیس (131) بار یا ایک سو اکسٹھ (161) بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے گا بیمار صحت پاوے گا۔ جو اس کا وظیفہ رکھے یا پاس رکھے دشمن سے نڈر رہے گا۔ جو ایک سو گیارہ (111) بار پڑھ کر دم کرے بیمار شفایاب ہووے گا اور خوف سے بچے گا جو ایک سو اکتیس (131) نقش ایک سو اکتیس (131) دن تک بھرے گا ہر حاجت سلامت پائے گا، جو چھ سو نوے بار شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلا دے دشمن مہربان ہو۔

## یا مومن

### ترجمہ

اے امن دینے والے!

### خاصیت

جو کوئی صاحب ہر روز تین بار پڑھے گا خوف سے نڈر رہے گا اور جو پڑھے گا اور اپنے ساتھ رکھے گا خدا اس کو مع اس کے تمام مال کے شر شیطان سے امن میں رکھے گا کہ کوئی اس پر قدرت نہ پاوے ہر آئینہ ظاہر و باطن اللہ کی امان میں رہے، جو کوئی بہت اس کا ورد کرے خلقت اس کی مطیع و معتقد ہو ایمان کے قیام کو یہ بزرگ عمل ہے جو ایک سو پندرہ (115) بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے گا، تندرستی پائے گا۔

## یا مہیمن

### ترجمہ

اے نگہبان!

### خاصیت

جو کوئی اسے انتیس (29) بار پڑھے گا غم نہ پائے گا جو ہمیشہ پڑھتا رہے تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ جو کوئی غسل کر کے اس اسم کو ایک سو پندرہ (115) بار یا ایک سو (100) بار پڑھے گا باطن اور غیبوں سے واقف اور پرنور ہو جائے گا اور بہشتیوں کی جماعت میں شمار ہوگا، جو مربع یا مثلث ایک سو پینتالیس (145) دن تک اس اسم کے اعداد کے موافق لکھے یا پڑھے محترم رہے گا۔

## یا عزیز

### ترجمہ

اے غالب اور بے مانند!

### خاصیت

اگر آخر شب میں خلقت جمع ہو کر دو دو ہزار (2000, 2000) بار پڑھے، پانی برسے گا۔ جو کوئی پڑھے معزز ہوگا۔ اور دشمن پر غالب ہوگا۔ جو یا عزیز من کل عزیز بحق یا عزیز کہے تمام خلق میں عزیز ہوگا جو چلہ بھر فجر کی نماز کے بعد اکتالیس (41) روز یا فجر کے فرض اور سنت کے بیچ میں پڑھے دنیا اور عقبیٰ میں کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ اس اسم میں عجیب و غریب خواص ہیں۔ جو چورانوے (94) دن تک چورانوے (94) مرتبہ روز پڑھ لیا کرے معزز و کامران رہے جو چار سو گیارہ (411) دن تک مع اول و آخر دو دو سو (200, 200) بار درود کے پڑھے، اس کے سب کام بر آویں جو اکتالیس (41) بار صبح کو روز حاکم کے پاس جانے کے وقت یا عزیز پڑھ لیا کرے حاکم مہربان رہے، جو چاندی کی انگوٹھی میں چاندی کے نگینہ پر شرف قمر کے وقت جو ہر مہینے ہوتا ہے اور یہ نجومیوں کو معلوم ہوتا ہے مربع نقش ذیل کندہ کرا کر معطر بعطر کر کے احتیاط سے رکھ لے عدالت میں حاکم کے حضور جاتے وقت داہنی چھنگلی میں پہن کر جاوے مسخر رہے گا، جو بعد عشاء دو ہزار (2000) نہ ہو سکے تو دو سو (200) بار یا عزیز یا عزیز من کل عزیز ادعو بلطفک یا عزیز پڑھ لیا کرے، خدا اسکی طرف رجوع کرے گا۔

## یا جبار

### ترجمہ

اے پورا کرنے والے نقصان کے!

### خاصیت

جو کوئی صاحب مسبعات عشر کے بعد اکیس (21) بار یہ اسم پڑھتا رہے، ظالموں کے شر سے بچے جو کوئی اس کی مداومت کرے غیبت اور بدگوئی خلق سے نڈر ہو۔ اور دولتمند ہو جو انگوٹھی پر نقش کرا کر پہنے خلق کے دل میں اس کی دہشت اور شوکت پیدا ہوگی، جو دو سو چھ (206) نقش دو سو چھ (206) دن تک لکھے سلطنت پائے گا۔

(جاری ہے)

آفتاب جہانگیر صاحب، یونائیٹڈ بک لینڈ' مہران مرکز، سکھر

خزینہ اعداد (ترمیم شدہ) 50 روپے

free copy khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# حصول مطلوب
# علم الحروف کے کرشمے

ازقلم :فقیر بشیر احمد چشتی، مانکی۔

عمل فعل ہے عامل فاعل ہے۔ اور کاتب قوت فاعلی ہے اور قلم قوت آلیہ ہے۔ اور روشنائی قوت تصویر ہے اور خط قوت مصوری ہے۔ اور مکتوب فیہ یعنی کاغذ وغیرہ قوت حاصلہ ہے اور بلاغت قوت نامیہ ہے اور نطق قوت معرفت ہے اور اشکال اعرابی قوت مبینہ ہے اور قاری قوت مظہرہ ہے اور سامع قوت عالمہ ہے۔

علامہ عبدالرحمٰن بن محمد بن علی بن احمد حنفی بسطامیؒ اپنی تصنیف بحر الوقوف فی علم الحروف میں رقمطراز ہیں کہ خط ایک روحانی ہیئت ہے اگرچہ جسمانی آلہ کے ساتھ اس کا ظہور ہوا ہے اور حرف اصل روح کے اندر ہے اگرچہ جسم کے حواس میں ظاہر ہوا ہے۔ خط اس دائرہ سے ماخوذ ہے جو کل حروف کی اصل ہے اسی واسطے جب حروف اس دائرہ سے مناسب ہوتے ہیں تو خط بھی صحیح ہوتا ہے۔ اور اس کی تاثیر بھی ہوتی ہے۔

قارئین کرام! کلام مجید کے کل حروف لوح محفوظ میں اسی شکل کے ساتھ لکھے ہوئے ہیں۔ جب عامل کسی حرف کے تمام لوازمات بجالا کر عمل کرتا ہے تو اس حرف کی روحانیت اجاگر ہو جاتی ہے۔ جو عامل کے کام کو انجام دیتی ہیں۔ دراصل اللہ تعالیٰ نے جب حروف کا نزول فرمایا تو اسی کے ساتھ ہزاروں موکلات ملائک بھی پیدا فرمائیں۔

قارئین کرام! ہر دور میں اہل علم حضرات پر حروف کے رموز و اسرار خوب روشن ہوتے چلے آرہے ہیں۔ اس لیے انھوں نے مختلف مناسبتوں سے حروف کو ترتیب دے کر اس کی روحانیت سے استفادہ فرمایا ہے۔

واضح باد کہ کل حروف ابجد کو سال کی چار فصلوں پر مزاجوں کے موافق تقسیم کیا گیا ہے۔ چنانچہ حروف آتشی "اھ ط م ف ش ذ" صیف یعنی گرمی کے موسم پر مستولی ہوتے ہیں اور حروف بادی "ب و ی ن ص ت ض" فصل ربیع میں مستولی ہوتے ہیں۔ اور جاڑے میں حروف آبی "ج ز ک س ق ث ظ" اور حروف خاکی "د ح ل ع ر خ غ" فصل خریف میں مستولی ہوتے ہیں۔ اسی طرح ہر فصل میں ایک حرف کا تسلط بارہ دن ہوتا ہے۔ اور انہی بارہ دنوں میں اسی حرف سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

عزیزان من! آج کی بزم میں اسی قبیل سے ایک ایسا عمل ہدیہ ناظرین کرتا ہوں جو قضاء حوائج اور جمیع مطالب و مقاصد کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس عمل کی قدر و قیمت اہل بصیرت ہی جانتے ہیں۔ پس اس بات کو خوب سمجھو تاکہ تم پر حروف کے رموز و اسرار کھل جائیں۔

## عمل کی تفصیل :

سب سے پہلے اس حرف کو معلوم کرو جو اس وقت مستولی ہے۔ پھر مطلوب کے نام کے اعداد جمل کبیر سے استخراج کرو، پھر ان کو منازل قمر 28 پر تقسیم کرو، جو عدد باقی رہے اس کو حروف ابجد پر طرح کر کے حرف دلیلی حاصل کرو۔ اسی طرح طالب کے نام سے بھی حرف دلیلی حاصل کرو، جو حرف سِرّی ہوگا۔ اور ان تینوں حروف مستولی، دلیلی اور سِرّی کو جمع کرو۔ اب ان کو منازل قمر پر ساقط کرو جو باقی رہے اس کو حروف ابجد پر طرح کرو۔ جس حرف پر عدد منتہی ہو یہی حرف طالب اور مطلوب میں واسطہ ہے۔ اب طالب اور مطلوب کے اعداد باہم تفریق کریں۔ جو باقی آئے اس کو مع حروف سِرّی، اور جو حرف واسطہ تھا طالب اور مطلوب کے درمیان سب کو جمع کرو اور منازل قمر پر تقسیم کر کے باقی جو عدد آئے اسے حروف ابجد پر طرح کر کے حرف حاصل کرو۔ اب آپ کے پاس کل پانچ حروف حاصل ہو جائیں گے۔ اس کی مثال دیتا ہوں تاکہ خوب واضح ہو جائے۔

مثلاً لطیف چاہتا ہے کہ اس کے پاس دولت آجائے، اس لیے لطیف طالب اور دولت مطلوب ہوگی۔ جس کی مثال یہ ہے۔

طالب۔لطیف، مطلوب۔دولت

مطلوب دولت کے اعداد جمل کبیر 440 تقسیم منازل قمر 28۔ باقی 20۔

حرف ابجد پر طرح کرنے سے 20 واں حرف۔ر

اس لیے "ر" حرف دلیلی ہوا۔

طالب "لطیف" کے اعداد جمل کبیر 129 تقسیم منازل قمر 28 باقی 17۔

حروف ابجد پر طرح کرنے سے 17 واں حرف۔ف۔

اس لیے "ف" حرف دلیلی ہوا جسے حرف سِرّی شمار کریں گے۔

پھر تینوں، مستولی، دلیل، سِرّی کے اعداد جمل کبیر سے جمع کیے (ق) 100 + (ر) 200 + (ف) 80 = 380

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

محمد افتخار عباسی صاحب، پنجاب نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، موتی پلازہ، راولپنڈی
ساعات حقیقی 90 روپے

380 منازل قمر پر تقسیم کرنے سے 380÷28 باقی =16 ۔جو طالب اور مطلوب کے درمیان واسطہ ہے۔

اب 16 کو حروف ابجد پر طرح کیا تو 16 واں حرف "ع" آیا۔

اب طالب اور مطلوب کے اعداد کی باہم تفریق 440-129= 311

طالب اور مطلوب میں واسطہ حرف "ع" اعداد =70

حرف تری "ف"۔ اعداد =80

اب تینوں اعداد کو جمع کیا 311+70+80=461

منازل قمر پر تقسیم کرنے سے 461÷28 باقی =13

حروف ابجد پر طرح کرنے سے 13 واں حرف "م"۔

آپ کے پاس کل حروف ق ٗ ر ٗ ف ٗ ع ٗ م برآمد ہوئے۔

ان حروف کے اعداد جمل کبیر 100+200+ 80+70+40 =490

اب 490 سے مخمس خالی القلب نقش پُر کریں جس کا طریقہ یہ ہے۔

490 کو 60 پر تقسیم کیا 490÷60۔ خارج قسمت 8 باقی =10

اب 8 خارج قسمت کو پہلے خانے میں رکھیں اور ہر خانے میں آٹھ آٹھ اضافے کے ساتھ خانے پُر کرتے جائیں اور ایک سے 19 تک خانے پُر کریں۔ اب سرلوح کے پہلے پُر شدہ چار خانوں کے اعداد جمع کریں۔ اور کل اعداد سے تفریق کریں۔ اور باقی اعداد کو خانہ نمبر 20 میں رکھ کر پہلے کی طرح آٹھ آٹھ اعداد ہر خانے میں بڑھاتے جائیں اور باقی خانے پُر کریں۔ نقش اور چال لکھتا ہوں تا کہ واضح ہو جائیں۔

نقش کو دی گئی چال سے پُر کریں۔

چال

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٨ | ٢ | ١٦ | ٢٠ | ١٤ |
| ١٥ | ٢٤ | ١٣ | ٧ | ١ |
| ١٢ | ٦ | | ١٩ | ٢٣ |
| ٤ | ١٨ | ٢٢ | ١١ | ٥ |
| ٢١ | ١٠ | ٩ | ٣ | ١٧ |

490÷60 خارج قسمت 8۔ باقی 10

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ق ر ف ع م

جبرائیل

قسورہ الحق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٨٠ | ١٦ | ١٤٤ | ١٢٢ | ١٢٨ |
| ١٣٦ | ١٥٤ | ١٢٠ | ٧٢ | ٨ |
| ١١٢ | ٦٤ | | ١٦٨ | ١٤٦ |
| ٣٢ | ١٦٠ | ١٣٨ | ١٠٤ | ٥٦ |
| ١٣٠ | ٩٦ | ٨٨ | ٢٤ | ١٥٢ |

ق ر ف ع م — حمعسق — عزرائیل

اسرافیل — کھیعص — ق ر ف ع م

لطیف کے پاس دولت آئے بحق ایں

نقش معظم و مکرم

خانہ اول سے خانہ اُنیس تک 168 کا ہندسہ آ گیا۔ اب سرلوح کے چاروں خانوں کو جمع کیا۔ 128+144+16+80 =368 کو کل اعداد سے تفریق کیا۔ باقی 122 کو خالی خانہ 20 میں لکھا پھر آٹھ آٹھ کے اضافے کے ساتھ باقی خانے پُر کیے۔

شرائط:

(۱) نقش کو کسی بھی ساعت سعید مثل زہرہ مشتری میں لکھ کر بازو راست پر باندھیں۔

(۲) زعفران کو گلاب میں حل کر کے لکھیں۔ جس ستارے کی ساعت میں لکھ رہے ہوں اس کا بخور روشن کریں۔

(۳) نقش کے چاروں طرف خطوط کھینچ کر نقش بند کریں اور خوب واضح لکھیں۔

(۴) رجال الغیب کو بائیں طرف یا پشت پر رکھیں۔

(۵) قلم سرکنڈے وغیرہ کی نئی بنا کر استعمال کریں۔

(۶) پہلے بسم اللہ لکھیں۔ پھر قولہ الحق ولہ الملک سے چاروں اضلاع قائم کریں اور اس کے بعد چاروں ملائک کے نام لکھیں پھر اسماء رؤس اربعہ کونوں پر لکھیں۔ اس کے بعد نقش پُر کرنا شروع کریں۔ اور نقش کے نیچے مطلب لکھیں اور نقش کے چاروں طرف یہی پانچ حروف لکھیں "ق ٗ ر ٗ ف ٗ ع ٗ م"۔

☆☆☆☆☆

عبدالروف ہاشمی صاحب، گوردت سنگھ روڈ، کوئٹہ

بانڈز ریس اور لاٹری کے نمبر

free copy khalidrathore.com

# اَعمالِ نادِرہ

از: پیر سید وارث علی شاہ جیلانی، فیصل آباد۔

## 1-اُمورِ دُنیوی میں کفایت:

انقلاب سے قبل بغداد شریف کے ایک معمر بزرگ، دسوہہ ضلع ہوشیار پور (مشرقی پنجاب) دربار قادریہ میں تشریف لائے اور یہ عمل عنایت فرمایا کہ بعد از نماز فجر "یَا کَافِيَ الْغَنِيُّ" اکتالیس مرتبہ روزانہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعا مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ اُس کے کاروبار اور رزق میں وسعت و کشائش عطا فرمائے گا اور جُملہ دنیوی اُمور میں اُس کو کفایت کرے گا۔

## 2-بے نُقط اِسم اعظم:

حضرت فقیر نُور محمد سروری قادری کلاچویؒ نے فرمایا کہ اسم الٰہی "یَا وَدُوْدُ" بے نقط اسم اعظم ہے۔ جس طرح کہ اللہ الصمد بے نقط اسم اعظم ہے۔ یہ اسم محبت و تسخیر کے بے حد مفید اور کارگر ہے۔ اس کے علاوہ اس کے ورد سے انسان سے خوارق عادات اور کشف و کرامات کا ظہور ہوتا ہے۔ اس کی زکوۃ باپرہیز روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ اول و آخر درود شریف ایک تسبیح چالیس روز میں ادا کرلینی چاہیے۔

## 3-اِسم اعظم بُدُوح:

یہ اسم تورات کا اسم اعظم ہے۔ اور بہت مفید اور نہایت موثر ہے۔ اس کی زکوۃ بھی ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ اول و آخر درود شریف ایک تسبیح چالیس روز تک باپرہیز پڑھ کر زکوۃ ادا کرلی جائے۔ اس کے عمل سے رُوحانی کشش اور قوت جاذبہ عامل میں پیدا ہو جاتی ہے۔ جس طرح مقناطیس لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ اس کے اعداد بھی "ودود" کی طرح بیس (۲۰) ہیں۔ ہر دو کے اعداد بیس ہیں لہٰذا ان اسماء کے تین برابر حصے نہیں ہو سکتے۔ اس لیے ان ہر دو اسماء کے نقش مثلث میں ایک طرف کسر آئے گی۔ یہ جو مشہور ہے کہ اگر ان اسماء کے نقش میں کسر نہ آئے تو یہ محبت کے لیے اکسیر اور تیر بہدف ہے یہ غلط ہے۔ اس لیے کہ اصولاً کسر والا ہی نقش صحیح اور درست ہے۔ آج لوگ تسخیر دا کسیر کے لئے سرگرداں ہیں۔

## 4-کیمیائے درویشاں:

نمازِ عشاء کے بعد نمازِ وتر پڑھ کر پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر چودہ مرتبہ اسم "یَا وَهَّابُ" پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر چودہ مرتبہ یہ دُعا پڑھے "یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ط اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ط" اس عمل کی مداومت اور مواظبت سے کاروباری میں برکت اور رزق میں وُسعت ہوگی۔ اقتصادی بُحران کے شکار اشخاص اس کیمیاوی درویشی عمل کی ضرور استفادہ کریں۔ بفضلہ تعالیٰ ایک ہی چلّہ میں مالی حالات سازگار اور موافق ہو جائیں گے۔ اسم وَهَّابُ کے معنی ہی ایسی عطا کے ہیں جو ہبہ کر دی جائے۔

## 5-عمل سورہ اخلاص:

حضرت بابا حاجی غلام فرید خاں چشتی نظامیؒ جو ایک ولی کامل تھے اور درگاہ جھیرہ شریف بٹالہ (گورداسپور) کے سجادہ نشین تھے۔ آپ نے دینوی جملہ مشکلات کے حل کے لیے فرمایا کہ روزانہ بعد از نماز فجر سورۂ اخلاص کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھا جائے اور ہر مرتبہ اَللہُ الصَّمَدُ کو ایک سو مرتبہ پڑھا جائے۔ اس عمل کی مداومت سے ظاہری مشکلات کے حل کے علاوہ روحانی منازل بھی کُھل جاتی ہیں اور ایک دن وہ بھی آ جاتا ہے کہ عامل ولایت کے مقام پر فائز ہو جاتا ہے۔ اولیائے کرام اور بزرگان نے اس کو اسم اعظم قرار دیا ہے۔ بلکہ حضرت جہانیاں جہاں گشتؒ اوچ شریف نے ایک مستقل رسالہ "چلہ اللہ الصمد" کے اعمال پر تحریر فرمایا ہے۔ موصوف اللہ الصمد کے زبردست عامل تھے اور ایک دنیا آپ سے فیض یاب ہوئی ہے۔ آپ نے اللہ الصمد کے چھبیس خواص لکھے ہیں۔ اور اللہ الصمد کو باموکل بھی لکھا ہے۔ ملاحظہ ہو "اَللّٰهُ الصَّمَدُ اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا مَدُوْفَآئِیْلُ یَاهُوْ کَلَانِ" اور اس کے لاکھ لاکھ کے چار چلّے بھی ارقام فرمائے ہیں۔

## 6-دافعِ بلیات و آفات:

خطبات منبریہ مطبوعہ مصر کے آخری صفحات میں ایک عمل لکھا ہوا ہے۔ یَا سَطِیْعَ النُّوْرِ الَّذِیْ وَضَعَ الْمَذَلَّةَ عَلٰی رِقَابِ الْجَبَابِرَةِ وَالْفَرَاعِنَةِ فَهُمْ فِیْ سَطْوَتِهٖ خَائِفُوْنَ۔ اس کے بعد یَا سَطِیْعُ اکتالیس بار پڑھا جائے تو بفضلہ تعالیٰ ہر قسم کی بلیات و آفات سے نجات مل جاتی ہے۔ اور مخالفوں اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو جاتا ہے۔ عامل بدخواہوں کے شر سے اللہ کے حفظ و امن میں رہتا ہے۔

**فائدہ اسم سطیع:** باب ثلاثی مجرب فَتَحَ یَفْتَحُ سے ہے۔ جس کے معنی ہیں صبح کی سفید پھیلنا، بجلی کوندنا، غبار اُڑ کر بلند ہونا۔

☆☆☆☆☆

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

سلطان نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، لاہور
(ترمیم شدہ) 100 روپے

# فیصل آباد کا ڈرا

حاجی عبدالطیف قادری، اوکاڑہ۔

معزز قارئین، عزیز دوستوں اسلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ ان گنت حمد وثناء اس ذاتِ قدوس پر جس نے ہمیں اشرف المخلوقات بنایا۔ اور سرکارِ دوعالم جیسا رہنما عطا فرمایا۔ اُس رہنمائے کل پر لاکھوں درود وسلام۔

میں علم الاعداد کے میدان میں اناڑی کھلاڑی ہوں۔ مگر صدقہ تاجدار مدینہ اور اُن کی آل کا جو کچھ میرے پاس ہوتا ہے قارئین کی نذر کردیتا ہوں۔

اگر کوئی صاحب میرے کلیات سے مستفید ہو۔ وہ مجھے اور جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھے۔

قارئین راہنمائے عملیات۔ جب سے چھ ہندسوں کے قومی انعامی بانڈ حکومتِ پاکستان نے جاری کیے ہیں فیصل آباد میں اس دورانیہ میں پانچ ڈرا ہوئے ہیں۔ چھٹا ڈرا اب یکم مئی 2004 کو ہورہا ہے۔ ان ڈراؤں میں مندرجہ ذیل کلیات کے تحت بننے والے آکڑے فسٹ پوزیشن حاصل نہ کرسکے۔ کلیہ ایسے ہے۔

(1) فسٹ انعامی بانڈ کے پہلے تین عدد لکھیں۔ (2) پہلے تین عدد کی جمع لکھیں۔ (3) پہلے تین عدد سے حاصل جمع کے گھر لکھیں۔ (4) پہلے تین عدد پھر حاصل جمع عدد بعد ازاں حاصل جمع عدد کے گھر ترتیب وار لکھیں۔ (5) حاصل شدہ اعداد کے آکڑے بنائیں۔ (6) حاصل شدہ آکڑے فسٹ پوزیشن پر نہ ہونگے۔

| فسٹ انعامی بانڈ کا نمبر | پہلے تین عدد | پہلے تین عدد کے حاصل جمع | حاصل جمع کے گھر | حاصل شدہ اعداد کو ترتیب وار | آکڑے بنے | فسٹ آیا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 813182 | 813 | 12 | 67 | 8131267 | 11'12'13'16'17'18'21'23' 26' 27' 28' 31'32'36'37'38'61'62'63'67' 68'71' 72'73'76'78'81'82'83'86'87. | 55 |
| 559700 | 559 | 19 | 64 | 5591964 | 14'16'15'19'41'45'46'49'51' 54'55' 56'59'61'64'65'69'91'94' 96'95'99. | 24 |
| 247068 | 247 | 13 | 68 | 2471368 | '24' 26'27' 12'13'14'16'17'18'21'23 28'31'32'34'36'37'38' 41'42'43' 46' 47'48'61' 62'63' 67'68'71'72'73'74' 76'78' 81'82'83'84'86'87. | 97 |
| 973886 | 973 | 19 | 64 | 9731964 | 13'14'16'17'19'31'34'36'37'39'41' 43'46'47'49'61'63'64'67'69'71'73' 74'76'79'91'93'94'96'97'99 | 89 |
| 898895 | 898 | 25 | 70 | 8982570 | 20'25'27'28'29'02'05'07'08'09'50' 52'57'58'59'70'72'75'78'79'80'82' 85'87'88'89'90'92'95'97'98 | یکم مئی 2004 کے ڈرا سے پتہ چلے گا |

کلیہ نمبر 2: (1) فسٹ انعامی نمبر کے آخری تین ہندسے۔ (2) آخری تین ہندسوں کی جمع۔ (3) حاصل جمع کے گھر۔ (4) آخری تین ہندسے پھر اُن کے جمع شدہ اعداد بعد ازاں حاصل جمع کے گھر لکھیں۔ (5) حاصل شدہ اعداد ترتیب وار لکھ کر آکڑے بنائیں۔ (6) حاصل شُدہ آکڑے فسٹ پوزیشن پر نہیں آئیں گے۔

مثال: فسٹ انعامی نمبر 813182، آخری تین ہندسے 182، جمع شدہ اعداد 11، گھر 66۔ ترتیب وار لکھے 1821166۔

آکڑے بنے۔ 11,12,16,18,21,26,28,61,62,66,68,81,82,86۔　　فسٹ آیا-55

معزز دوستو! اسی طرح دوسرے فیصل آباد میں فسٹ انعامی نمبر کے کلیہ نمبر 2 کی طرح آکڑے بنائیں جو فسٹ پوزیشن پر نہیں آئیں گے۔ اب دیکھیں کلیہ کیا گُل کھلاتا ہے۔ کلیہ حرف آخر نہیں ہوتا بلکہ اللہ کی رضا حرفِ آخر ہوتی ہے۔ بقیدِ حیات رہا تو پھر بذریعہ ماہنامہ راہنمائے عملیات ملاقات ہوگی۔ اللہ نگہبان۔

اسباق دست شناسی 60 روپے

حفیظ احمد صاحب، نیو وھاڑی نیوز ایجنسی، وھاڑی

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# جفر جامع

## (علم جفر کا صدری مستحصلہ)

از: محمد سعید وارثی ملتان۔

منقول ہے کہ تمام دینی و دنیاوی حاجتوں کے حاصل کرنے کے لیے جفر جامع مجرب ہے۔ مثلاً شفائے امراض وسعت رزق ترقیات عہدہ اور وہ تمام علوم جن کا تعلق دین و دنیا ارض و سما اس کتاب جفر جامع میں موجود ہے اور جو کچھ لوح محفوظ میں لکھا ہے وہ سب کچھ جفر جامع میں موجود ہے۔ تمام خبر ماضی حال و مستقبل اور علوم علوی و سفلی احوال مرض و مریض حیات و موت کتاب جفر جامع میں موجود ہے۔ استخراج تمام احوال کُلی اکابرین جفر کی کتابوں میں خال خال ملتا ہے۔ بدون رضائے الٰہی اس علم کو پانا محال بلکہ ناممکن ہے کیونکہ یہ علم اسرار ربانی و رموز الٰہیہ میں سے ہے۔ اس علم کے متلاشی کو زہد و تقویٰ پر سختی سے پابند ہونا چاہیئے۔ طلب اس علم کے چار قلت کا ضرور خیال رکھے۔ (۱) قلت منام (۲) قلت طعام (۳) قلت کلام (۴) قلت محبت۔ باخوانی عوام لقمہ بے شک کھاؤ کیونکہ ایک لقمہ مشتبہ سالک کے اندر چالیس روز رہتا ہے۔ زبان کو فحش گوئی سے ہمیشہ دور رکھے۔ تا کہ خدائے ذوالجلال کی عنایات طالب پر متوجہ ہوں۔ جفر جامع ۲۸ حرف کی نسبت سے ۲۸ جز رکھتی ہے۔ ہر جز کے اٹھائیس حصے اور ہر حصہ میں ۲۸ سطور اور ہر سطر میں ۲۸ خانے اور ہر خانے میں چار حرف لکھے جاتے ہیں۔ حرف اول خانہ حرف دوئم سطر اور تیسرا حرف حصہ حرف چہارم جز قرار دیا گیا ہے بلکہ استادان جفر نے کتاب جفر جامع کو کُل کائنات کا درجہ دے کر جز اول کو اقلیم حرف صفحہ کو شہر اور سطر کو محلّہ اور خانہ کو گھر قرار دیا ہے۔ جفر جامع کے پہلے خانے میں چار الف (اااا) ہونگے۔ دوسرے خانہ میں تین الف ایک ب ہوگا (اااب)۔ تیسرے خانہ میں (اااج) ہونگے اور جفر جامع کے آخری خانہ میں چار غین (غ غ غ غ) پر مشتمل ہو کر اختتام پذیر ہوتی ہے۔ اس کتاب کے کل ۸۴ صفحہ اور ۳۲۹۵۲ سطریں اور ۹۲۲۶۵۶ خانے ہوں گے پس دنیا کا ہر وہ لفظ جس کا تلفظ انسان سے ممکن ہے خواہ مہمل ہو یا مکمل یا بامعنی ہو یا بے معنی اس کتاب کے کسی نہ کسی خانہ میں ضرور ہو گا۔ اگر وہ لفظ چار حرفی ہے تو ایک خانہ میں اگر چار حروف سے زیادہ ہو تو بقیہ حصہ کسی دوسرے خانہ میں موجود ہوگا۔ مثلاً سعید جو کہ عربی زبان کا لفظ ہے۔ جفر جامع میں جز ۱۵ صفحہ ۱۶ سطر ۱۰ اور خانہ ۴ میں یہ لفظ موجود ہوگا۔ ایزد جو کہ فارسی کا لفظ ہے۔ جز اول صفحہ دس سطر ے خانہ ۴ میں یہ لفظ موجود ہوگا اور فادر جو کہ انگریزی زبان کا لفظ ہے۔ جز سترہ صفحہ اول سطر ۴ خانہ ۲۰ میں یہ لفظ موجود ہو گا۔ غرض یہ کہ ہر لفظ کا مرقع اسی جفر جامع میں موجود ہے۔ اُستادان علم نے جفر جامع سے جہاں عملیات اخذ کیے ہیں وہاں احوال ماضی حال و مستقبل جاننے کے قواعد وضع کیے ہیں۔ مگر افسوس ہوتا ہے کہ وہ سب قواعد فروعی اور رمزیست ہیں۔ جفر جامع سے جواب اخذ کرنے کا عام اور مشہور طریقہ کتابوں میں جو ملتا ہے وہ یہ ہے کہ جس سطر میں سائل کا نام موجود ہو وہ سطر اس کے حال کی خبر دے گی۔ اس سے ماقبل سطر اُس کا ماضی ہے اور اگلی سطر مستقبل کی ہوگی۔ جس سطر میں سائل کا حال ہو اس کے حروف ملفوظی مکتوبی اور سروری کو جدا جدا سطروں کو اوپر نیچے لکھ لو۔ ان تینوں سطور کو امتزاج دے کر حاصلہ سطر کو تکسیر کرلے۔ جب زمام برآوے تو تمام احوال سائل کا منصوباً مقلوباً طریقے سے ظاہر ہوگا۔ اُستادان جفر یہ لکھ کر قبروں میں جا سوئے۔ اپنے پیچھے بہت سی غور طلب باتیں چھوڑ گئے۔ قابل غور بات یہ کہ نام سائل (مثلاً رفیق) اس نام کے ہزاروں گزر گئے اور نا معلوم قیامت تک کتنے رفیق آئیں گے احوال سب کا ایک جیسا ہی برآمد ہوگا۔ رفیق نام کا بادشاہ بھی ہوسکتا ہے۔ رفیق نام کا مزدور بھی ہوسکتا ہے ان سب کے حالات اور واقعات ایک جیسے کیسے ہوسکتے ہیں۔ پھر بھی یہ سر دردی ساتھ ہے کہ ہر سطر میں ۱۱۲ حروف ہیں۔ ان ۱۴۴ حروف کو آخر تک تکسیر کرنا بہت وقت طلب کام ہے۔ بیسیوں جگہ پر غلطی کا احتمال ہے۔

یہ بات صحیح ہے کہ عام مستحصلہ کے مقابلے میں جفر جامع کے قوائد پیچیدہ اور وقت طلب ہیں مگر سمجھ بھی تو آئیں۔ بھلے جواب اخذ کرنے کے لیے ہفتہ عشرہ لگ جائے مگر جواب تو درست برآمد ہونا چاہیئے۔ زیر نظر قائدہ جفر جامع وقت طلب ہے مگر جب جواب برآمد ہوتا ہے تو طبیعت کی تھکن دور ہو کر طبیعت وجد میں آجاتی ہے۔ یہ قائدہ منتہی حضرات کے لیے ہے۔ مبتدی حضرات کو اس میں کافی مشق کی ضرورت ہوگی۔ ایک بات اور یہ قائدہ صرف وہی حضرات حل کرسکیں گے جن کے پاس جفر جامع موجود ہو گی۔ اس قائدہ پر آپ کی مشق ہوگئی تو پھر کتاب جفر جامع کی بھی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔ انگلیوں پر گن کر جفر جامع کے حروف لے سکیں گے۔

**قائدہ جفر جامع:** سوال ربع کی شکل میں چار سطور میں لکھ

اعجاز نیوز ایجنسی، نیوز پیپر ایجنٹ، بس سٹاپ، حویلیاں

10 سالہ جنتری 115 روپے

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

لیں۔یعنی چار چار حروف کا ربع بنائیں۔ہر ربع کے حروف کے اعداد ابجد قمری سے الیقھی کے حساب سے جمع کریں۔

| اعداد | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حروف | ا<br>ی<br>ق<br>ع | ب<br>ک<br>ر | ج<br>ل<br>ش | د<br>م<br>ت | ہ<br>ن<br>ث | و<br>س<br>خ | ز<br>ع<br>ذ | ح<br>ف<br>ض | ط<br>ص<br>ظ |

حروف: ص ۹ 'د ۴' ی ا' ق ا۔ میزان = ۱۵

لفظ صدیق کے عدد الیقھی جمع کیے تو میزان ۱۵ ہوا۔ہم جفر جامع کے جس جز کا استعمال کریں گے وہ جز ۱۵ ہوگا۔اب صفحہ حاصل کرنے کے لے اسی ربع کے عدد اصلی سے جمع کر لے۔اعداد اصلی اس طرح حاصل ہونگے کہ اس ربع کو لکھ کر نیچے اسی ربع کو معکوس لکھ لے اور ربع کے حروف پر نمبر شمار درج کریں پھر انہیں جمع کریں۔

مثلاً ربع ص(۱)د(۲)ی(۳)ق(۴)

ربع معکوس ق(۴)ی(۷)د(۸)ص(۵)

یہاں پر یہ یاد رہے میزان میں کوئی بھی عدد اکائی سے بڑھ بڑھ جائے تو اُسے استنطاق کر کے لکھو جیسا کہ ہمارے ربع کے اول حرف کا میزان اص ق (ا) ہوا۔ گیارہ جمع یعنی استنطاق ۲ ہو گا۔اب ہمارے ربع اول کے اعداد اصلی ۵۸۷۲ حاصل ہوئے چونکہ ہمارے جفر جامع کے ہر جز میں ۲۸ صفحہ ہوتے ہیں لہذا ان اعداد کو ۸۴ ۷ پر تقسیم کرلے اس تقسیم سے جو باقی بچے اُسے ۲۸ سے تقسیم کرے اس تقسیم کا حاصل قسمت صفحہ نمبر ہے اور باقی کا عدد وہ سطر نمبر بھی وہی ہے اور خانہ نمبر بھی وہی ہے۔ربع کے اعداد کو تقسیم کے عمل کے بعد حاصل قسمت ۱۴ ہوا۔باقی ۲۰ حاصل ہوئے پس معلوم ہوا کہ جفر جامع کے جز پندرہ کا صفحہ ۱۴ اور سطر بیس اور خانہ بھی بیس حاصل ہوئی۔اب جفر جامع کو کھول کر اپنے سامنے رکھے جہاں یہ سطر خانہ ملے اُس خانہ سے اگلا خانہ میں جو بھی حروف ملیں اُس ربع کو لکھ لیں۔اسی طرح سوال کا دوسرا ربع دو خانے کی دوری سے لینا ہے۔تیسرا ربع تیسرے خانے کی دوری سے لیں گے غرض جتنے ربع ہونگے اُتنے خانے کی دوری ہوتی جائے گی۔ چوتھا ربع چار خانے کی دوری پانچواں خانہ پانچ خانے کی دوری سے حاصل ہوگا۔ آگے چل کر مثال سے یہ بات واضح ہو جائے گی جب سب ربعات سوال حل ہوں تو آگے کا مرحلہ تقلیب کا آتا ہے جیسا کہ بیان کر چکا ہوں۔جز پندرہ صفحہ ۱۴ سطر بیس و خانہ بھی بیس کا اگلا ربع میں جو حروف ملے وہ (س ن ر ش) ہیں ان حروف کو اُٹھائیں۔حروف تک ترفع کر لے مثلاً س ن ر ش کو ترفع کیا تو یہ صورت ظاہر ہوئی۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آتش | س | ن | ر | ش |
| باد | ع | س | ش | ت |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آب | ف | ع | ت | ث |
| خاک | ص | ف | ث | خ |
| آتش | ق | ص | خ | ذ |
| باد | ر | ق | ذ | ض |
| آب | ش | ر | ض | ظ |
| خاک | ت | ش | ظ | غ |
| آتش | ث | ت | غ | ا |
| باد | خ | ث | ا | ب |
| آب | ذ | خ | ب | ج |
| خاک | ض | ذ | ج | د |
| آتش | ظ | ض | د | ھ |
| باد | غ | ظ | ھ | و |
| آب | ا | غ | و | ز |
| خاک | ب | ا | ز | ح |
| آتش | ج | ب | ح | ط |
| باد | د | ج | ط | ی |
| آب | ھ | د | ی | ک |
| خاک | و | ھ | ک | ل |
| آتش | ز | و | ل | م |
| باد | ح | ز | م | ن |
| آب | ط | ح | ن | س |
| خاک | ی | ط | س | ع |
| آتش | ک | ی | ع | ف |
| باد | ل | ک | ف | ص |
| آب | م | ل | ص | ق |
| خاک | ن | م | ق | ر |

اب ہمارے پاس 28 ربع موجود ہیں۔اول ربع آتشی دوسرا ربع بادی تیسرا ربع آبی چوتھا ربع خاکی پھر پانچواں ربع آتشی پھر بادی آبی خاکی اسی ترتیب سے تمام ربعات کو عنصر دے۔اب ہمارے پاس سات ربع آتشی سات ربع بادی سات آبی اور سات ربع خاکی موجود ہیں۔اب ہم نے ان تمام ربعات سے صرف ایک ربع حاصل کرنا ہے۔وہ کیسے حاصل ہوگا اس کا طریقہ بھی بیان کیے دیتا ہوں مگر یہ کیا آپ اس لمبے چوڑے حساب سے گھبرا گئے ہونگے کہ کیا ربعات ربعات کی میں نے رٹ لگا رکھی ہے۔اے میرے دوست آپ جفر کا مستند قاعدہ سیکھ رہے ہیں۔کوئی اٹکل پچو کلیہ نہیں پڑھ رہے کہ کوئی لفظ ادھر سے گھسیٹ لیا کوئی اُدھر سے گھسیٹ کر جواب بنا لیا اگرچہ میں نے رسائل میں کم لکھا ہے مگر جب بھی لکھا اچھا

چودھری امانت علی اینڈ سنز' ریلوے روڈ' رحیم یار خان۔
راہنمائے تل شناسی 40 روپے

لکھا۔ اگر آپ اس قاعدہ کی طوالت سے بیزار ہو گئے تو فطرت سے کبھی ہم کلام نہ ہو سکیں گے جو ہم نے اٹھائیس ربع تقلیب سے حاصل کیے ہیں۔ ان میں سے کونسا ربع ہمارے کام آئے گا یہ جو ہم نے جفر جامع سے ربعات حاصل کر کر رکھے ہیں وہ شمار میں آٹھ ربعات ہیں: ربع نمبر۲ بتائے گا ربع دوئم میں کونسے عنصر کے حروف زیادہ ہیں۔ جس عنصر کے حروف زیادہ ہوں تقلیب والے ربعوں میں اُسی عنصر کا ربع حاصل کریں چونکہ تقلیب میں ہر عنصر کے سات سات ربع ہونگے اب انہیں سات ربعوں سے صرف ایک ربع لینا ہے اس کے لیے دیکھیں گے جس ربع کے عدد سب سے زیادہ ہوں وہی ربع اخذ کر لے۔ مثلاً جفر جامع سے اخذ کیا ہوا ربع نمبر۲ ک م ق ش ہے اس میں دو حرف آتشی اور دو حرف خاکی ہیں یعنی چونکہ آتش کے عدد زیادہ ہیں اس لیے ہم تقلیب میں آتشی ربعات میں سے ربع اخذ کرنا ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ عنصری ربعوں میں جس کے عدد زیادہ ہوں وہی ربع اخذ کرنا ہے۔ ہمارے تقلیب کیے ہوئے آتشی ربعات میں (ظ ض د ھ ۱۷۰۹) کے عدد سب سے زیادہ ہیں اس۔ لیے اس ربع کو اخذ کر کے علیحدہ لکھا۔ اب جفر جامع سے حاصل کیے ہوئے دوسرے ربع کی تقلیب کے لیے تیسرے نمبر کا ربع جس عنصر کا ہو گا اُسی عنصر کا زیادہ عدد والا ربع تقلیب سے لینا ہوگا۔ غرض ہر اگلا ربع ہمیں عنصر بتائے گا کہ تقلیب سے کس عنصر کا ربع لینا ہے۔ جب تمام ربعات کی تقلیب ہو کر ہر تقلیب سے ایک ایک ربع حاصل کر چکے تو ان ربعوں کو اُوپر نیچے لکھ کر 5'5 کی طرح سے سولہ حروف اخذ کر کے ایک سطر میں بچھاوے۔ اس حاصلہ سطر کو چار مرتبہ موخر صدر کر لے۔ آپ کے پاس پانچ سطور حاصل ہوئیں ایک سطر 5 کی گنتی سے چار سطور موخر صدر سے اب ایک آخری سطر مستحصلہ کی حاصل کرنی ہے۔ مستحصلہ کا طریقہ یہ ہے کہ تداخل اُولی سطر اول اور تداخل آخری آخری سطر۔ ان کے میزان پر جو حروف ناطق آوئے وہ مستحصلہ ہے۔ حاصلہ سطر مستحصلہ کو ایک مرتبہ موخر صدر کر لے جواب سے شرف بازیابی ہوگی۔

سوال سائل: صدیق بن کرم مائی کو نسخہ شمس ملے گا یا نہ؟

| جز | ربع سوال | میزان | حصہ سطر خانہ | ربع جفر جامع سے | ربع تقلیب سے | عنصر | عدد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵ | ص و ی ق | ۵۸۷۲ | ۱۴-۲۰-۲۰ | س ن ر ش | ظ ض د ھ | آتش | ۱۷۰۹ |
| ۱۱ | ب ن ک ر | ۸۱۹۵ | ۱۳-۱۹-۱۹ | ک م ق ش | ف ق ذ ظ | آب | ۱۷۸۰ |
| ۱۰ | م م ا ی | ۹۸۷۶ | ۱۷-۲۰-۲۰ | ی ف ر ث | ع ث ض ا | آتش | ۱۳۷۱ |
| ۱۹ | ک و ن س | ۳۵۴۹ | ۱۵-۲۱-۲۱ | ق س ش ذ | ذ ش ظ ج | آب | ۱۹۰۳ |
| ۱۸ | خ ہ ش م | ۵۲۱۲ | ۱۹-۴-۴ | ص ق د ط | س ظ ش ظ | آب | ۲۱۶۰ |
| ۱۱ | س م ل ی | ۲۱۹۸ | ۲۳-۱۷-۱۷ | ک ث ف ث | م ض ر ظ | آب | ۱۹۴۰ |
| ۵ | ک ا ی ا | ۷۵۴۴ | ۱۸-۱۲-۱۲ | ہ ص ل ق | ن ص ق ظ | آتش | ۱۸۵۰ |
| ۲۳ | ن ھ ص د | ۴۸۷۱ | ۶-۲۷-۲۷ | ث و ظ ز | | | |

| پانچواں حرف | ف | ث | ظ | ظ | ن | ض | ذ | ا | س | ص | ق | ہ | غ | ش | ش | ظ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موخر صدر | ظ | ف | ش | ث | ش | ظ | ع | ظ | ھ | ن | ق | ص | ض | ذ | س | ا |
| موخر صدر | ا | ظ | س | ف | ذ | ش | ض | ث | ض | ش | ق | ظ | ن | ع | ہ | ظ |
| موخر صدر | ظ | ا | ھ | ظ | ع | س | ن | ف | ظ | ذ | ق | ش | ش | ض | ض | ث |
| موخر صدر | ث | ظ | ض | ا | ض | ہ | ش | ظ | ش | ع | ق | س | ذ | ن | ظ | ف |
| مستحصلہ | م | ل | ف | ش | س | ی | د | م | ت | ہ | ا | ز | م | ن | ی | م |
| جواب موخر صدر | م | م | ل | ی | ف | ن | ش | م | س | ز | ی | ا | د | ہ | م | ت |

ملے | فن شمس | زیادہ | مت

**تشریح:** (۱) ربع سوال اول کے اعداد ۵۸۷۲ تقسیم سات سو چورانوے سے ۳۸۴ بچے۔ ان اعداد کو طرح ۲۸ کیا حاصل قسمت ۱۳ ہوا ایک عدد قانون کا جمع کیا ۱۴ ہوئے۔ چودہواں صفحہ ن ٹھہرا۔ (۲) ربع سوال دوئم ۸۱۹۸ = اعداد رکھتا ہے۔ بعد تقسیم حاصل قسمت ۱۲ ہوا قانون کا جمع کیا۔ ۱۳ ہوا لہذا تیرہواں صفحہ م ٹھہرا۔ غرض اسی طرح سے سوال ربعات سے جفر جامع سے نئے ربعات حاصل کر لے۔

☆☆☆☆☆

شاہ لطیف کتب گھر، اکبر نیوز ایجنسی، نزد حیدر چوک حیدر آباد، سندھ
راہنمائے عملیات 80 روپے

## علم نجوم کی روشنی میں

# آپ کا یہ ماہ کیسا گزرے گا



### برج حمل

21 مارچ تا 20 اپریل سیارہ۔۔مریخ

حروف۔۔ا، ل، ع، ی پتھر۔۔مرجان دن۔۔منگل

رنگ۔۔سرخ دھات۔۔لوہا، تانبہ عدد۔۔9

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 2-6-7 | 1-5-9-17 | 3-4-8-12 |

برج حمل کے وہ افراد جن کے گھریلو معاملات پچھلے کئی ماہ سے توجہ کے طالب تھے اب ایسا وقت ہے کہ انہیں گھر اور گھر سے متعلق معاملات میں وقت دینے کے مواقع میسر ہوں گے۔ گھر، روزگار، نوکری یا کاروبار کی اپنی اہمیت ہوتی ہے تاہم یہ وقت آپ کی جذباتی وابستگیوں کے حوالے سے زیادہ ذمہ داریاں لے کر آئے گا۔ اس وقت وہ حمل افراد جن کے تعلقات اپنی شریک حیات یا والدین یا بہن بھائیوں یا دوستوں وغیرہ کے ساتھ بہتر نہیں وہ ان لوگوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری لانے کے لیے ایک مثبت اور کامیاب کوشش کر سکتے ہیں۔

مالی معاملات کے حوالے سے آپ کے سامنے کئی نئے معاملات یا چانسز آنے کی توقع ہے۔ سو ہر ایک معاملے پر اپنی توانائی ضائع نہ کریں بلکہ صرف کسی خاص یا اہم نوعیت کی پیش کش کو قبول کریں۔ 18 مئی کو ہونے والی زہرہ کی رجعت معاملات میں کسی قدر پیچیدگی لانے کا باعث ہوگی۔ باوجود زہرہ کی رجعت کے آمدن کے بند ہونے کے امکانات نہیں ہیں۔ تاہم رکاوٹ یا التواء کا سامنا ہو سکتا ہے۔

معاملات محبت کے حوالے سے برج حمل والوں کے لیے 17 تاریخ

## آپ کا برج کون سا ہے

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں ذیل میں کون سا برج آپ کا ہے۔ ☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔ ☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

### عددی جدول

| | |
|---|---|
| ا، ی، ق، غ | 1 |
| ب، پ، ک، گ، ر، ڑ | 2 |
| ج، چ، ل، ش | 3 |
| د، ڈ، م، ت، ٹ | 4 |
| ھ، ن، ث | 5 |
| و، س، خ | 6 |
| ز، ژ، ع، ذ | 7 |
| ح، ف، ض | 8 |
| ط، ص، ظ | 9 |

مثال: اکبر = اک ب ر =
۱+۲+۲+۲= ۷

### رجعت و کواکب

وہ دوست جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ بھی دیں۔ عزیمت برائے رجعت و نحوست سیارگان یوں ہے۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

free copy
khalidrathore.com


راہنمائے عملیات 80 روپے

تک کا وقت ٹھیک ہے تاہم اس کے بعد معاملات میں پیچیدگی پیدا ہو سکتی ہے۔ تاہم یہ پیچیدگی یا مسئلے مسائل اس حوالے سے بہتر ہوں گے کہ آپ کے سامنے فریق مخالف کا حقیقی چہرہ آ جائے گا۔ وہ حمل افراد جو بانڈ نمبر یا ریس وغیرہ یا میچوں کے نمبر لگانے کے شوقین ہیں ان کے لیے اس ماہ کے پہلے دو عشرے بہتر ثابت ہوں گے تاہم اس وقت کے بعد ایسے معاملات جہاں چانس کے ذریعے جیتنے کی اُمید ہو وہاں نہایت سوچ سمجھ کر رقم لگائیں۔ جلد بازی میں کیے گئے فیصلے آپ کے لیے بہتر ثابت نہیں ہوں گے۔ خاص طور پر شیئرز اور سٹاکس سے وابستہ لوگ اس ماہ کے آخری عشرے میں لین دین میں انتہائی محتاط رویے کا مظاہرہ کریں۔ وہ حمل افراد جو اس ماہ منگنی یا شادی وغیرہ کا ارادہ رکھتے ہوں بہتر ہو گا کہ وہ ماہ رواں کے پہلے پندرہ دنوں میں یہ کام کر لیں بعد ازاں یہ وقت مثبت ثابت نہ ہو گا۔

وہ افراد جو نوکری تلاش کر رہے ہیں ان کے لیے یہ ماہ بہتر امکانات لانے کا باعث ہو گا اس لیے انہیں چاہیے کہ تھوڑی توجہ اور لگن کے ساتھ نئی نوکری تلاش کرنے کی کوشش کریں انشاء اللہ بہتر نتائج حاصل ہوں گے۔

## برج ثور



21 اپریل تا 20 مئی

سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ب، د

پتھر۔۔الماس

دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔نیلا

دھات۔۔پیتل، تانبہ

عدد۔۔6

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 0-3-9 | 5-17-18-21 | 4-5-8-16 |


مالی اُمور کے حوالے سے یہ ماہ کئی چیزیں آپ کے سامنے لائے گا۔ تاہم 18 مئی کو واقع ہونے والی زہرہ کی رجعت جو اختتام ماہ تک جاری رہی گی کے درمیان آپ کو مالی اور مادی معاملات پر جذباتی یا قلبی فیصلہ لاگو کرنے کی بجائے ذہن کو حاضر رکھنا ضروری ہو گا۔ پوری توجہ اور تندہی کے ساتھ اپنے مالی اُمور کی دیکھ بھال کرنا ضروری ہو گا۔

دوران چلہ بعض اوقات کئی چیزیں بزرگوں کے روپ میں حاضر ہو جاتی ہیں یا اگر آپ ہمزاد کا عمل کر رہے ہیں تو ہمزاد کی شکل میں حاضر ہوتی ہیں۔ اگر آپ جنات کا چلہ کر رہے ہیں تو جنات آ کر حاضر ہو جاتے ہیں کہ ہم حاضر ہیں۔ آپ عمل پڑھنا بند کر دیں۔ عامل کو چاہیے کہ ان کے کسی دھوکے فریب میں ہرگز نہ آئے۔ جب تک چلے کا اختتام نہ ہو۔ اگر دوران چلہ کوئی بھی چیز حاضر ہو تو ان سے بات چیت مت کریں نہ ہی اس کی کسی بات کا جواب دیں نہ ہی اس سے کوئی چیز لیں۔ اگر عامل ان کے دھوکے میں آ گیا اور چلے کو چھوڑ دیا تو پھر جان کی خیر نہیں۔ اُسی وقت رُجعت میں گرفتار ہو جائے گا اور ساری زندگی کے لیے پچھتائے گا ان کو تسخیر کرنے کی بجائے خود ہی ان کا غلام بن جائے گا۔ اور پھر کوئی علاج بھی کارگر نہ ہوگا۔ اس لیے نہایت ہی احتیاط سے کام لیں۔

دوران چلہ اپنے ہوش و حواس کو قائم رکھو۔ تا کہ کسی بھی جگہ غلطی نہ ہونے پائے۔

## رُجعت:

چلے کو درمیان میں سے کسی وجہ سے چھوڑ دینا یا ڈر کر بھاگ جانا یا بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ عامل جہاں پر چلہ کر رہا ہے وہ جگہ یا گھر آسیبی ہوتا ہے۔ دوران چلہ جنات عمل میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔ اس وجہ سے بھی رجعت ہو جاتی ہے۔ بہتر ہوگا کہ چلہ کسی عامل کامل کی زیر نگرانی کیا جائے۔ تا کہ رُجعت کا خوف نہ رہے۔

☆☆☆☆☆

اوقات ملاقات
صبح گیارہ تا شام پانچ بجے تک
اتوار تعطیل

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# جنات کی دنیا

از: غلام قادر بلوچ، کراچی۔

**تسخیر شاہ جنات:** جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ شاہ جنات کو اپنا تابع فرمان بنا کر اُس سے اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لے تو سب سے پہلے بدھ سے سنیچر تک چار روزے رکھے۔ روزانہ غسل کرے اور پاک وصاف لباس زیب تن کرے۔ اکل حلال اختیار کرے اور امور شرعیہ کی پابندی کرے اور امور ممنوعہ و شغل جنسیہ سے مکمل پرہیز کرے۔ عمل کو بجالانے کے لیے آبادی سے باہر کسی تنہا مقام کا انتخاب کرے اور اس مقام پر بیٹھنے سے قبل بسم اللہ اور آیت الکرسی سے حصار کرے۔ بہتر ہے یہ عمل کسی کامل اُستاد کی زیرنگرانی کریں۔ تاکہ کسی قسم کا نقصان یا رجعت کا اندیشہ نہ ہو۔ وقت اور جگہ کی پابندی بے حد ضروری ہے۔ دوران چلہ پرہیز جلالی و جمالی رکھیں۔

سورۃ جن سات مرتبہ اور سورہ مزمل شریف ایک سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔ چالیس یوم کا عمل ہے۔ آخری عشرہ میں مشاہدات وعجائبات کا ظہور ہوگا۔ ڈراؤنی اور خوفناک چیزیں، ننگی عورتیں، مختلف قسم کے جانور اور وحشت ناک قسم کے انسان نظر آئیں گے۔ اگر عامل بے خوف رہے اور اپنا دل قوی رکھے اور حصار سے بالکل باہر نہ نکلے جب تک کہ اس کا عمل پورا نہ ہو جائے تو صبح صادق کے وقت شاہ جنات اپنے مصاحبین کے ساتھ حاضر خدمت ہوگا اور طلب کرنے کا سبب دریافت کرے گا۔ عامل انہیں حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم دے کر تابعداری کا عہد لیں اور قول واقرار کرلیں بعدازاں انشاء اللہ وہ عامل کا تابع فرمان ہو جائے گا اور اس وقت تک تابع فرمان رہے گا جب تک عامل غلط کاموں سے گریز رکھے گا۔ جونہی عامل نے کوئی غلط کام کیا۔ مال حرام کمایا اور شاہ جنات سے کسی غلط کام کی فرمائش کی وہ اُسی دن ناراض ہو کر چلا جائے گا بعد عامل کے بار بار بلانے پر بھی نہیں آئے گا۔ اور عامل کو سخت نقصان بھی پہنچا سکتا ہے۔ لہٰذا احتیاط سے کام لیں اور صرف جائز کاموں میں شاہ جنات کی خدمت حاصل کریں۔

**جنات کو مسخر کرنا:** عمل ہذا خاص الخاص ہے اور بارہا کا تجربہ رسیدہ ہے۔ جو لوگ کریں گے اس کی تاثیر اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔

**ترکیب:** عروج ماہ نو چندی اتوار سے اس عمل کا آغاز کریں۔ عمل کو بجالانے کے لیے آبادی سے باہر کسی ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں عام لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو۔ دوران چلہ پرہیز جلالی و جمالی رکھیں اور عمل بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ ہو کر کرنا ہے۔ جاءِ نماز اور کپڑے سُرخ رنگ کے اَن سلے استعمال کریں۔ عمل سے قبل مضبوط حصار کرلیں تاکہ کسی قسم کا نقصان یا رجعت کا اندیشہ لاحق نہ ہو۔ دوران عمل بخور لوبان، سندورس، گوگل کا سلگائیں۔ عمل روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (3125) بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ دوران چلہ آپ اپنا دل مضبوط رکھیں۔ اور مشاہدات وعجائبات سے ہرگز نہ گھبرائیں۔ اختتام چلہ جنات کا ایک وفد دست بستہ حاضر خدمت ہوگا۔ عمل پورا کرنے کے بعد انہیں حضرت سلیمانؑ کی قسم دے کر تابعداری کا عہد لیں اور قول و اقرار کریں۔ بعدازاں وہ عامل کا حکم بجالائیں گے اور عامل جو بھی کام ان کے سپرد کرے گا چشم زدن میں پورا کریں گے۔ لیکن یاد رہے ناجائز کام ان سے ہرگز نہ لیں ورنہ نقصانِ عظیم ہوگا۔

عمل یہ ہے: **عزمت و اقسمت علیکم یا اصحاب الجن**

جھنگ نیوز ایجنسی، ریلوے پھاٹک، ٹوبہ ٹیک سنگھ

حالات زندگی کے 9 امور۔ فیس۔/350

والانس بحق خاتم سلیمان بن دائود علیهما السلام احضر و من جانب المشارق والمغارب احضرو من جانب الجنوب والشمالِ وبحقِ لا اله الا الله محمد رسول الله ٥

**تسخیر جن:** یہ تین دن کا عمل ہے۔ ماہ سعید کے پہلے منگل سے شروع کرے۔ مکمل خلوت، روزہ، ترک حیوانات اور پرہیز جلالی و جمالی کریں اور یہ عمل ہر نماز کے بعد پچیس سو (2500) مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھیں۔ دوران عمل خواب میں جو حکم ہو اُس پر عمل کرے۔ اگر دوران عمل انکار ہو تو ترک نہ کرے۔ عوام ناقص العمل جو اکثر اعمال میں ناکام ہوتے ہیں ان پر لازم ہے کہ وہ مسلسل بارہ یوم تک عمل کریں۔ بارہویں روز ضرور تقدیر کا فیصلہ معلوم ہوگا۔ یہ عمل ایسا تصدیق شدہ ہے کہ جس شخص کو اس بارہ روزہ عمل میں بھی کامیابی نہ ہو تو وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے تائب ہو جائے کیونکہ اس کی اس عمل میں کامیابی محال ہے۔

عمل یہ ہے: **(یَا ھَیْلُوْشِ)**

**جنات کو مسخر کرنے کا بے نظیر عمل:** یہ عمل تنہائی میں مسجد کے اندر نصف رات کو کیا جاتا ہے۔ چالیس دنوں میں اس عمل کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ روزانہ کی تعداد (3125) بار ہوگی۔ عمل مقررہ وقت، مقررہ جگہ پر ہی کیا جاتا ہے۔ دوران عمل خوشبو اور بخور جلائیں اور عمل با حصار کریں۔ دوران چلہ پرہیز جلالی و جمالی لازمی رکھیں اور چلہ کشی کے تمام آداب و شرائط کو بجا لائیں۔ اختتام چلہ تین خوبصورت جن حاضر خدمت ہوں گے۔ انہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قسم دے کر تابعداری کا عہد لیں۔ بعد ازاں عامل کا حکم بجا لائیں گے اور ہر کام میں معاون ہوں گے۔ لیکن غیر شرعی کاموں سے پرہیز کیجئے ورنہ سخت نقصان پہنچائیں گے۔

عمل یہ ہے: بسم الله الرحمن الرحيم۔ عزمت عليكم و أقسمت عليكم يَا عبدالصمد يَا عبدالرحمن يَا عبدالواحد حاضر شو حاضر شو بحق لا اِله اِلا الله محمد رسول الله٥

**بادشاہ جنات کو حاضر کرنے کا تین روزہ عمل:**

امام احمد بن علی البونی ؒ اپنی شہرہ آفاق کتاب شمس المعارف الکبریٰ میں تحریر فرماتے ہیں کہ جنوں کے بادشاہ ابو یوسف موکل کو بلانے کا یہ عمل اس طرح کریں کہ منگل، بدھ اور جمعرات کے تین روزے رکھیں۔ ان تین دنوں میں سورۃ قل اوحی کو ایک ہزار بار پڑھیں ہر روز تین سو تینتیس (333) بار۔ آخری دن ایک عدد بڑھا کر ہزار کی تعداد پوری کر لیں۔ عمل جمعہ کی نصف شب کو پورا کر لیں۔ عمل مکمل ہونے پر بادشاہ جنات ابو یوسف حاضر ہوگا اور وہ آ کر سلام کرے گا۔ عامل اس وقت اپنا دل مضبوط رکھے۔ اور اس کی سخت ہیبت سے مت ڈریں۔ اُس کے ساتھ تین جن اور ہوں گے جو اُس کی پشت کے پیچھے کھڑے ہوں گے۔ موکل ابو یوسف سے کہے کہ میرا حق آپ پر واجب ہے۔ آپ میری تنگی سے واقف ہیں۔ اس لیے حلال اشیاء سے میری مدد کریں تاکہ میں حج کر سکوں اور اپنے بال بچوں کے کھانے پینے کا سامان مہیا کر سکوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر عطاء فرمائیں گے۔ پس وہ اپنے ساتھیوں کو بھیج کر آپ کے لیے اشیاء منگوا دے گا۔ آپ ان کا شکریہ ادا کریں اور رخصت کر دے۔ یاد رہے کہ یہ موکل خاتم الانبیاء احمد مجتبےٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک پر ایمان لایا تھا۔

☆☆☆☆☆

سحر بار نوخ

یہ بنیادی طور پر ہزاروں سال قبل گزرے ہوئے حکیم الحکماء فرید عصر حکیم برنوخ ساحر سوڈانی کی کتاب ہے جسے قلمی نسخے سے عربی کتاب کی شکل "الطوخی فلکی" نے دی اور راٹھور پبلشرز نے اس کتاب کو قارئین کے لیے اردو ترجمہ کے ساتھ شائع کیا ہے۔

آج ہی طلب کریں۔ اس سے قبل ایسے عملیات آپ نے نہ دیکھے نہ پڑھے ہوں گے۔

قیمت 50 روپے علاوہ محصول ڈاک

راہنمائے تل شناسی

قیمت 40 روپے علاوہ محصول ڈاک

عددی رپورٹ۔ فیس۔/450

طارق بک ڈپو نولکھا بازار نزد لنڈا بازار ریلوے سٹیشن لاہور

# تسخیر الارواح

از: عدیل مصطفیٰ آتشی، ہری پور۔

قارئین اُمید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے اس سے قبل میرا مضمون تسخیر ہمزاد چھپا تھا۔ آج کی بزم میں تسخیرات کے مجرب و آزمودہ آسان عملیات پیش کر رہا ہوں۔ ایک بات جو بہت اہم ہے اس کی وضاحت کرتا چلوں مجھے اکثر لوگوں کے خطوط ملتے ہیں اور تقریباً سب کے ایک جیسے ہی سوالات ہوتے ہیں کہ ہم نے فلاں عمل کیا مگر کچھ بھی حاضر نہ ہوا نہ ہی ہمیں ڈرایا گیا تو کیا یہ عمل درست نہیں تھا؟

ایک بات یاد رکھیے تسخیرات کے عملیات کرنا بچوں کا کھیل نہیں ہے۔ اس کے لیے ریاضت کرنا پڑتی ہے۔ عمل اپنی جگہ بالکل درست ہوتا ہے خرابی ہم میں ہوتی ہے۔ عملیات تسخیرات کے لیے ضروری ہے کہ عامل اپنی روحانی قوت بیدار کرلے ورنہ اگر ایک ہی عمل کو ساری زندگی بھی کرتا رہے تو کامیابی کبھی نہ ہو گی۔ اس لیے ضروری ہے کہ اپنی روحانی قوت بیدار کرلی جائے۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل عزیمت کو ایک وقت اور جگہ مقرر کر کے اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا پھر 505 بار پڑھا جائے کچھ دنوں بعد عامل میں نہایت زبردست روحانی قوت پیدا ہو جائے گی پھر کوئی بھی عمل کریں ناکامی نہ ہو گی۔

عزیمت: **یا ھادیُ یا خبیرُ یا متینُ یا عَلّامُ الغُیُوب۔**

اب جو عملیات پیش کر رہا ہوں مجرب المجرب ہیں۔ خود میرے عمل بھی رہے ہیں۔ کوئی بھی عمل کرنے سے پہلے استخارہ کرلیں یا پھر اجازت ضرور لیں ورنہ رجعت کا خطرہ ہوتا ہے۔

## عمل کشف القبور

اہل حاجت پر مخفی نہ رہے کہ کشف قبور کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ ہر شخص سات یوم کے اندر اندر ارواح سے ملاقات کر سکتا ہے۔ بشرطیکہ اس کی روحانی قوتیں بیدار ہوں۔ یہ جو عمل پیش کر رہا ہوں آپ کو کوئی نہیں بتائے گا۔ یہ عمل مجھے ایک روح سے ملا تھا جس کا میں مدعی ہو گیا۔ آپ بھی آزمائیے اور فیض روحانی پائیے۔ اسم یالطیف کو ایک ہزار دفعہ صاحب قبر کے سینے کے مقابل بیٹھ کر اور انگلی قبر پر رکھ کر آنکھیں بند کر کے پڑھیں۔ اگر صاحب قبر مقبول ہیں تو پہلے دن ہی ملاقات ہو جائے گی وگرنہ مسلسل سات یوم تک عمل کریں اور عمل کے بعد مراقبہ کریں ضرور ملاقات ہو گی۔ اس عمل کو مغرب کے بعد کریں اور اگر گھر پر عمل کرنا چاہیں تو بعد از عشاء تنہا کمرے کو خوب معطر کر کے تصور صاحب قبر کا کر کے پڑھیں۔ خواب میں ضرور ملاقات ہو گی یہ عمل مبتدی حضرات کے لیے قابل قدر تحفہ ہے اس سے بہتر عمل کشف قبور کا آپ کو نہیں ملے گا۔ یہ عمل میرے معمولات میں شامل ہے۔

## عمل خاص

یہ عمل مجھے اپنے ایک دوست سے ملا تھا جو تجربہ کرنے پر نہایت کامیاب رہا۔ نہایت آسان عمل ہے۔ نوچندی جمعرات کو عمل کی ابتدا کریں اور بعد از عشاء اس عمل کو ایک سو ایک مرتبہ مسلسل اکتالیس یوم تک پڑھیں۔ عمل باحصار و ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ کیا جائے اور وقت اور جگہ کی پابندی نہایت ضروری ہے۔ دوران عمل کئی طرح سے عامل کو ڈرایا جائے گا مگر ڈرنا ہرگز نہ چاہیے اور کسی سے کلام ہرگز نہ کریں۔ جب تک چلے کا اختتام نہیں ہوتا ورنہ اس کی رجعت ایک عذاب ہو گی۔ اگر کوئی بھی روح یہ کہے کہ ہم حاضر ہو گئے ہیں عمل ترک کر دو تو ہرگز عمل ترک نہ کریں اور نہ ہی اُن سے کلام کریں ورنہ دیوانے ہو جائیں گے۔ آخری روز حاضری ہو گی اور ایک بزرگ جن حاضر ہوں گے اُن سے شرائط طے کر لیں وہ آپ کو ایک نشانی دیں گے اور بلانے کی ترکیب بھی بتا دیں گے۔ کمزور دل کے لوگ یہ عمل ہرگز نہ کریں۔ دوران عمل ایسا نہ ہو کہ اُن کا دل پھٹ جائے۔ اور عمل اجازت لے کر شروع کریں۔

عمل یہ ہے: **یا اللہ یا محمد**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

مولا بخش نیوز ایجنسی، گھنٹہ گھر، سکھر۔
وقتی زائچہ (بمعہ پیشن گوئی)۔ فیس۔/1000

## عمل پردہ راز

یہ عمل حضرت غوث پاک سے منسوب ہے۔اس میں جنات کے ایک پورے قبیلے کی تسخیر صرف ایک رات میں ہوتی ہے۔اس عمل کو صرف اہل شخص ہی کر سکتا ہے ہر شخص طبع آزمائی نہ کرے۔اس عمل میں ڈر و خوف بہت آتا ہے۔حصار کر کے ترک حیوانات کے ساتھ جمعرات کو 12 بجے عمل بے تعداد پڑھنا شروع کریں۔تھوڑی دیر بعد ہی عجیب و غریب واقعات شروع ہو جائیں گے مگر جو ڈرا وہ مرا۔دوران عمل سر، آنکھیں اور کندھے بھاری رہیں گے۔صبح کی اذان سے کچھ دیر پہلے شاہ جنات بمعہ اپنے لشکر کے حاضر ہوگا۔عامل شرائط طے کرے وہ ایک نشانی دیں گے اور بلانے کی ترکیب بھی بتا دیں گے۔اس عمل سے پہلے استخارہ کر لیں اجازت ہے تو شوق سے ورنہ خیال ترک کر دیں۔

عمل: **باسم اللہ فیہ عبدالقادر رضی اللہ عنہ۔**

## عمل تسخیر ہمزاد

تسخیر ہمزاد کے شوقین اس عمل کو ضرور کریں ناکام نہیں ہوں گے۔ ایسا کریں بعد از عشاء اپنی پشت پر ایک چراغ روشن کریں اور نظریں سائے کی گردن پر جما کر اسم "یا بدوح" کو 400 مرتبہ مسلسل 41 یوم پڑھیں۔عمل با حصار کریں۔پرہیز شرعی کریں اور کوئی پرہیز نہیں۔دوران عمل خوفناک واقعات پیش آئیں گے۔گھبرائیں نہیں عمل جاری رکھیں۔آخری روز ہمزاد حاضر ہوگا تو اس سے شرائط طے کر لیں۔یہ عمل 21 روز میں بھی پورا ہو سکتا ہے۔

## حاضرات الارواح

جو لوگ تسخیر حقیقی نہیں کر سکتے ان کے لیے تسخیر عکسی کا عمل پیش کر رہا ہوں۔یہ عمل حاضرات خود میرے عمل میں رہا ہے۔نہایت ہی کامیاب اور پُر اثر عمل ہے۔اس کے موکلین ہر خبر بالکل درست دیتے ہیں۔طریقہ یہ ہے کہ ایک خلوت کے مقام پر کسی طفل نابالغ کو خوب معطر کریں اور نہلا دھلا کر پاک کپڑے پہنا کر اس کی آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر چاروں قل ایک ایک دفعہ پڑھ کر بچے پر دم کر دیں۔فوراً حاضرات کا نزول ہوگا اگر نہ ہو تو پھر اسی طرح برابر پڑھ پڑھ کر پھونکتے رہیں اگر معمول پر حاضرات ہوتی ہے تو ضرور کامیاب ہوں گے۔نہایت زبردست عمل ہے اس کی قدر کریں۔

قارئین میں نے اپنی نظر میں آسان اور مجرب عمل پیش کر دیئے ہیں اب ان سے فیض یاب ہونا آپ کا کام ہے۔اب اجازت چاہتا ہوں اگر سانسوں نے وفا کی تو پھر حاضری دوں گا۔

☆☆☆☆☆

# عادت نشہ چھڑانا

از: مسز میجر اقبال کاظمی، راولپنڈی۔

قمر و مریخ یا زحل مریخ یا قمر و زحل میں تربیع ہو یا مقابلہ ہو یا ناقص النور کے وقت ہفتہ کے دن ساعت اول میں رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے اہتمام کریں۔

### طریقہ عمل:

صدقہ کے لیے پہلے سے مطلوب کے نام کے کپڑے حسب استطاعت لیں۔سوا چھ کلو چینی بھی لیں۔عمل کے وقت رجال الغیب کا خیال رکھیں۔زعفران سے تکسیر کی زمام نکالیں۔جتنی لائن ہونگی اتنے دن پلانا ہو گا۔

تکسیر لکھنے کے بعد قبرستان میں چینی بکھیر دیں۔جوڑا بطور صدقہ رکھ دیں، دعا کریں اور پھر واپس آ جائیں۔

### مثال:

سطر اول: عامر بن معروف بستم چرس ابدا

سطر دوئم: احدرسعی طعک لموہ

سطر امتزاج: اع ح ادم رڑس ب مں ن لم ع ع ک رل وم ف وب ہ س ا ت ح م د چ ر رس س ص اط ب ع د ک ال

مطلوب کے کل لفظ 45 بنے یعنی 12 لائنوں میں زمام برآمد ہو گی۔12 دن مطلوب کو عمل پلانا ہوگا۔آخر میں گزارش ہے کہ کامیابی عمل کے بعد محسن جناب خالد راٹھور اور میرے والد ڈاکٹر رحمت حسین کاظمی و کل اُمت مسلمہ کے لیے دعائے خیر کریں۔

☆☆☆☆☆

free copy
khalidrathore.com

# خواص و برکات

# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## شروع اللہ کے نام کے ساتھ جو نہایت مہربان اور رحمت والا ہے!

الخان محمد عبداللہ چارہ سدہ۔

تفسیری معنی: اللہ کی جانب توجہ اور ماسوئی اللہ سے علیحدگی کا ہونا ہے۔ اللہ ہی ہے جو ہر چیز پر قادر مطلق ہے۔ میں سب کام اسی کے بابرکت نام سے شروع کرتا ہوں۔ کفار عرب دین اسلام سے قبل ہر کام بتوں کے نام سے شروع کرتے تھے۔ اس لیے ضروری تھا کہ مسلمان مومن اپنے کام کو اپنے اللہ کے نام سے شروع کرے تاکہ کفار عرب کی مخالفت ظاہر ہو جائے۔ کیونکہ جو کام کفار کرتے ہیں ان کے برعکس مومن کام کرے۔ بسم اللہ شریف میں اللہ رحمٰن رحیم تین اسماء الٰہی ہیں۔ ان میں ایک اسم اللہ ذاتی اور باقی دو صفاتی اسم پاک ہیں۔ بسم اللہ شریف کی ان گنت برکات اپنے اسماء پاک کی وجہ سے ہیں۔ اشرف التفاسیر تفسیر نعیمی شیخ التفسیر قرآن جناب مولانا احمد یار خان نعیمی فرماتے ہیں کہ بسم اللہ شریف کے بے شمار فضائل و برکات ہیں جو احاطہ تحریر میں نہیں لائے جا سکتے ہیں۔ تاہم اس مختصر کالم میں چند ایک فضائل بیان کر سکوں گا۔

بسم اللہ شریف قرآن پاک کی کلید و کنجی ہے۔ جس سے ہر آیت و سورۃ کا دروازہ کھلتا ہے بلکہ یہ کہنا بجا ہو گا۔ کہ ہر کام کی کنجی ہی بسم اللہ شریف ہی ہے۔ شیخ ابوالعباس احمد علی بونی" اپنی مشہور کتاب شمس المعارف میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ اگر کوئی بسم اللہ شریف کی عظمت کا خیال کر کے اس کو لکھے تو اللہ کے ہاں اس کا بہت اجر عظیم ہے۔ نیز سب چیزوں سے پہلے صرف اللہ ہی تو تھا اور کوئی چیز اس کے ساتھ نہ تھی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنا نور پیدا فرمایا اس کے بعد لوح و قلم اس کے بعد قلم کو حکم فرمایا کہ جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب لوح پر لکھو قلم نے سب سے پہلے جو لکھا وہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہی تھی۔ اس لیے اس کو امن والی قرار دیا گیا۔ فرشتے اور کل اھلِ فلک اس کا ورد کرتے ہیں۔ اور حضرت سیدنا جبرائیل علیہ السلام کے مبارک پروں پر بسم اللہ شریف ہی تو لکھا ہے۔ اس لیے اس کی برکت سے آپ افضل الملائکہ کہلاتے ہیں۔ آپ کے پروں پر سنہری حروف میں جگمگاتا ہوا نور بکھیرتا ہے۔ سبحان اللہ اگر کوئی حالت خواب میں حضرت جبرائیل" کے پروں کی زیارت کرے تو بیش بہا خزائین نور کا حصول پائے۔ ایسی مقدس زیارت کے حصول کا طریق بھی یہ ہے کہ خلوت میں روزے رکھ کر چالیس یوم بسم اللہ شریف کا چلہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ گوہر مقصود ملے گا۔

قارئین یہ وہ باتیں ہیں جو سینہ بہ سینہ اہل اللہ سے علوم مخفیہ کی صورت میں حاصل ہوتی ہیں۔ ہر ولی، غوث، قطب، فقیر، درویش پہلے بسم اللہ شریف کی جانب رجوع کرتا ہے بلکہ انبیاءؑ نے بھی اللہ سے براہ راست یہ نعمت عظمیٰ حاصل کی اور اللہ کی جانب سے فرمان جاری ہوتے رہے ہیں۔ سب سے پہلے یہ حضرت آدم علیہ السلام پر نازل ہوئی تو انہوں نے فرمایا اب میری اولاد عذاب سے محفوظ رہے گی۔

پھر حضرت ابراہیمؑ پر بھی جس وقت منجنیق میں تھے اور آگ میں پھینکے جانے والے تھے نازل ہوئی تب اس کی برکت سے نار گلزار ہو گئی تو پھر بحکم اللہ آسمان پر چلی گئی۔ اس طرح حضرت سلیمان علیہ السلام پر اس کا نزول ہوا تو فرشتوں نے کہا کہ اب سلیمان علیہ السلام کا ملک پورا ہو گیا۔ بعد ازاں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے سلیمانؑ اب عباد و زھاد کا اعلان کرو کہ جس نے آیت ایمانی سُنی ہو وہ سلیمان علیہ السلام کے پاس آئیں۔ جب سب اس مبارک آیت ایمان کو سُننے سب اکٹھے ہوئے تو آپ منبر پر چڑھے بسم اللہ شریف ہی کو پڑھ کر سنایا سب سُن کر مسرور ہوئے اور سب نے یک زبان ہو کر کہا کہ اے سلیمانؑ بن داؤدؑ تم بے شک اللہ کے رسول ہو گویا یہ تصدیق نبوت ثابت ہوئی قرآن میں وارد ہے (من سلیمان وانہ من بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) اس کے بعد یہ حضرت موسیٰ پر نازل ہوئی

ماڈرن بک ڈپو' نیوز ایجنٹ' سٹیشنرز' ۲۴۶ عزیز شہید روڈ' سیالکوٹ کینٹ

بچے کا نام۔ فیس -/200

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

جس سے فرعون، قارون مغلوب ہو گئے۔ حضرت عیسیٰؑ پر بھی نازل ہوئی اور فرمایا گیا یہ آیت ایمان ہے۔ ہر وقت چلتے پھرتے اس کا ورد کرو اور جس کے نامہ اعمال میں بسم اللہ شریف ہو گی اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں جس شخص نے صدق دل سے بسم اللہ کہی اس کے واسطے پہاڑ مغفرت مانگتے ہیں۔ مگر لوگ پہاڑوں کی مغفرت مانگنے کو نہیں سن پاتے۔ جب بندہ بسم اللہ کہتا ہے تو جنت کہتی ہے لبیک وسعدیک، یعنی اے بندے میں حاضر ہوں اور اے اللہ تیرے بندے نے بسم اللہ کہی ہے۔ اس کی برکت سے اس کی قسمت بدل دے۔ قیامت کے روز جب تمام اُمتیں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کی بڑائی و بزرگی دیکھ کر سبحان اللہ پکاریں گی تو ان کے نبی مرسل علیہ السلام یہ کہیں گے کہ یہ لوگ ہر کلام کی ابتداء بسم اللہ کے ساتھ کرتے تھے۔ یہی وجہ بزرگی و مغفرت ہے۔ بسم اللہ کے بارے میں یوں بھی مرقوم ہے کہ اگر کل آسمان و زمین کو ملا کر میزان کے ایک پلے میں رکھ دیا جائے اور دوسری طرف بسم اللہ شریف ہو تو بسم اللہ شریف کا پلہ جھک جائے۔ اسی سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل ہوتا ہے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ہر نبی مرسل کی مدد اسی مبارک کلمات ربی سے کی۔ اور خود بھی یہی پڑھتے رہتے ہیں۔ اور جب کوئی مومن بسم اللہ شریف پڑھتا ہے تو شیطان اس قدر چھوٹا ہو جاتا ہے جیسے مکھی۔

تفسیر روح البیان میں تحریر ہے کہ جب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم معراج پر تشریف لے گئے تو جنتوں کی سیر فرمائی۔ وہاں چار نہریں دیکھیں ایک پانی کی دوسری دودھ کی، تیسری شراب کی اور چوتھی شہد کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبرائیل امین سے دریافت کیا کہ نہریں کہاں سے آ رہی ہیں؟ انہوں نے عرض کی کہ مجھے خبر نہیں مگر دوسرے فرشتے نے عرض کیا۔ آیئے ان چاروں نہروں کا چشمہ میں آپ کو دکھا دوں۔ وہ ایک جگہ آپ ﷺ کو لے گیا۔ وہاں ایک بڑا درخت تھا جس کے نیچے ایک عمارت بنی ہوئی تھی اور دروازے پر بڑا قفل پڑا ہوا تھا۔ اس کی نیچے سے یہ نہریں نکل رہی تھیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس قفل کو کھولو۔ فرشتے نے عرض کیا اس کی چابی میرے پاس نہیں ہے۔ بلکہ آپ ﷺ کے پاس ہے یعنی بسم اللہ شریف۔ آپؐ نے بسم اللہ شریف پڑھ کر قفل کو ہاتھ لگایا تو دروازہ کھل گیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت میں سے جو بھی بسم اللہ شریف پڑھے گا وہ ان چاروں کا حقدار ہو گا۔ یہ ہیں اس مبارک کلمے کی برکات اور انعامات الٰہی۔

بسم اللہ شریف میں کل 19 حروف ہیں۔ انیس کا مفرد علم الاعداد میں ایک ہے جو اسم اللہ کی جانب اشارہ ہے۔ میم حرف کی تین بار تکرار کی ہے۔ لام نے چار بار اور راء نے دوبارہ، ان میں ایک حرف باء بھی ہے جو خیر و نفع پہنچانے کے لیے ہے۔ اس کا مزاج سرد ہے۔ یہی ذات باء کا بابط ہے اور باء سے جو اسماء الٰہی آتے ہیں وہ بے شمار اسرار و نفع دیتے ہیں۔ بیماری میں خاص سانس و دمہ کی بیماری میں شافی ہے جیسے باری، باقی، باعث اس طرح بصیر، بدیع، باطن ہر اسم ایک خاص اثر رکھتا ہے اور نیک کاموں میں معاون و مددگار ہے۔ اس کو جس مہم یا کام کے لیے (233) مرتبہ جس شخص سے کام ہو اس کا نام ملا کر پڑھا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ کام ہو جائے گا۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ حروف کو لکھا جائے ساتھ اسم کے حروف ملا کر بسط کر کے پڑھنا احسن ہے۔ یہ ایسے اسرار الٰہی ہیں جو ہر کس و ناکس کا کام نہیں کہ ان سے استفادہ کر سکے۔ مگر ہر کام میں محنت رہبری اور اُستاد کامل کی ضرورت ہوتی ہے۔ کلام الٰہی برحق ہے۔ مگر اس کے استعمال کا طریق بھی کسی اہل اللہ سے خدمت کر کے حاصل کرے پھر دنیاوی اور دینی نعمتوں سے اپنی جھولی بھر لے اللہ تعالیٰ نے تو خوان نعمت دستر خوان نوری بچھا رکھا ہے۔ جو چاہے حاصل کر کے کھائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے دعوت عام ہے۔ حرف با ایک بابرکت حرف ہے۔ اگر کوئی شخص جمعرات، جمعہ چاند زائد النور میں روزہ رکھے اور پھر شکل با کو زعفران اور سرکنڈے کے قلم سے سعد اوقات میں عرق گلاب ملا کر سفید کاغذ پر لکھ کر سیدھے بازو پر باندھے تو اللہ تعالیٰ اس کا سینہ فراخ کر دے گا۔ ہر کام میں خیر و برکت ہو گی۔ جو شکل باء کو بار بار دیکھے گا۔ اس کو فرشتوں کی انوار الٰہی دکھائی دیں گے۔ اس کے آگے ایک نوری صورت خوشبوؤں سے معطر سامنے آئے گی۔ اور باء کے ساتھ کلام کرے گی۔ اس کا نور زائل نہ ہو گا۔ حرف باء کا ذکر نور طاری کرتا ہے۔ باء کا تعلق قدرت سے ہے۔ باء کا اصل مطلب ہے کہ تجھ سے ہر طرف تیرے، ہو بہو اور وہ کہتا ہے مجھ سے ہی ہے میرے ہی ساتھ ہے۔ یہ وہ ترجمہ ہے جو سمجھ لے نفع کثیر پائے۔ اس لیے بربادیوں، تکالیف، رنج والم، مصائب اور بلاؤں کا رونا فضول ہے۔ اللہ سے رجوع ہونا اس سے طلب کرنا ہی عقل مندوں کا کام ہے۔ اگر کوئی بسم اللہ شریف کو مربع کی شکل میں اس کے 16 خانوں میں آتشی چال سے عرق و گلاب زعفران سے لکھ کر سعد اوقات یا شرف قمر میں گلے میں ڈالے اور ساتھ اس کا ورد بھی کریں تو انشاء اللہ مصائب وغیرہ سے نجات ملے گی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اعداد قمر 786 ہیں جو سب جانتے ہیں یہ ستارہ قمر سے متعلق ہے۔ اس کا دن پیر موکل حضرت جبرائیلؑ ہیں۔

غفاریہ بکسٹال، بالمقابل جنرل بس سٹینڈ، کوٹ ادو، ضلع مظفر گڑھ۔
سالانہ زائچہ (بمعہ پیشن گوئی)۔ فیس -/1500

# پاکستان کے زائچے

☆☆☆☆☆

از: ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ، راولپنڈی۔

ایک محفل منجمین میں دوران گفتگو بہت سے علمی اور فنی مسئلوں پر بات چیت ہوئی۔ حاصل گفتگو یہ تھا کہ پاکستان کے زائچے پر موجودہ حالات کی روشنی میں بحث ہونا چاہیے۔ میں نے انہیں بتایا۔ اس خاص موضوع پر اس سے پہلے کئی بار لے دے ہو چکی ہے۔ شاید مزید باتوں کی اب گنجائش نہیں۔ اس بارے میں کچھ منجمین کا کہنا تھا جب تک سوال اور وجہ زائچہ قائم ہے۔ بحث ہو سکتی ہے۔

صاحبان فن نجوم پاکستان نے بہ حساب ہندی پاکستان کے دو زائچے بنائے ہیں۔ ایک میں طالع حمل اور دوسرے کا برج سنبلہ ہے۔ پہلے زائچے کا تعلق 14/13 اگست کی نیم شب سے ہے جبکہ دوسرے کا 14 اگست 1947 صبح 9 بجکر 30 منٹ سے ہے۔ یہ رات کی زائچے میں برج حمل اور صبح کے زائچے میں برج سنبلہ ہے جن کے سیاروں کی موجودہ صورت یہ ہے۔

قائداعظم نے 14 اگست 1947 کو صبح 9 بجکر 30 منٹ پر گورنر جنرل پاکستان کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ یہ وقت پاکستان کی تاریخ میں زیادہ اہم ہو گیا ہے۔ اس وقت پر کراچی میں برج سنبلہ طلوع ہو رہا تھا۔




اس وضاحت کے بعد 14/15 تاریخ کی بحث کی گنجائش نہیں ہے۔ اس بات سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان کا یوم ولادت 14 اگست اور وقت صبح 9-30 ہے اور بھارت کا یوم تاسیس 15 اگست 1947 ہے۔

14 اگست نصف شب کے اعتبار سے برج حمل اور صبح ساڑھے نو بجے کے لحاظ سے افق کراچی پر برج سنبلہ طلوع ہو رہا تھا۔ یہی وہ بروج اور طالع ہیں جن سے پاکستان کا گہرا تعلق ہے۔ دونوں زائچوں میں ساڑھے نو گھنٹے کا فرق ہے۔ اور تاریخ 14 اگست 1947 ہے۔ سیاروں کے اوضاع میں زیادہ فرق نہیں۔ اب دیکھنا یہ ہوگا کہ کس زائچے کو زیادہ اہم خیال کیا جائے۔ ہمارے خیال میں وہ زائچہ جس کا تعلق صبح سے ہے کو زیادہ اہم ہونا چاہیے کہ اس وقت پر قائداعظم نے حلف اُٹھا کر پاکستان کو آئینی صورت دی۔

اس وقت کراچی کے مشرقی افق پر برج سنبلہ تھا۔ یہی پاکستان کا حقیقی طالع برج کے صاحب طالع مریخ کا دوسرے گھر میں واقع ہونا جو اس کے لیے نجوم کی رو سے وبال کا گھر ہے اس کی آٹھویں نظر نویں اور ساتویں نظر آٹھویں گھر پر پڑ رہی ہے اور چوتھی نظر پانچویں گھر پر جہاں مشتری مقیم ہے۔ مریخ زحل سے بارہویں ہے۔ زحل پلوٹو سے آٹھویں ہے۔ مشتری اپنے فطری گھر سے چھٹے میں ہے۔ زحل اور نیچون میں چھٹے آٹھویں کی حالت ہے۔ طالع میں راس کا ہونا بھی نحوست کی نشان دہی کرتا ہے۔ نیچون خانہ اقتدار میں زحل سے آٹھویں ہے۔

مریخ اور ذنب میں بھی چھٹے آٹھویں کی کیفیت ہے۔ شمس اور راس کا اتصال اپریل مئی میں ہوگا اور مریخ پیدائشی راس کو اپریل کے پہلے ہفتے میں عبور کرے گا تو قومی اور ملکی اور بین الاقوامی حالات اور سیاست میں اچھی خاصی تبدیلی لائے گا۔

مریخ شروع سال سے اپنا اچھا اثر ظاہر کر رہا ہے۔ نیچون دسویں گھر سے طالع کو بہ نظر تربیع متاثر کر رہا ہے اور جب نیچون برج جدی کے بائیسویں درجے پر اُلٹا ہو گا تو ہماری حکومت اور مقتدر حکمرانوں اور سیاست دانوں پر اس کا اثر

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

شیخ مسعود الرحمٰن' پاکستان نیوز ایجنسی' پنڈی گھیب' ضلع اٹک
بائیو رِدم رپورٹ۔ فیس -/350 برائے ایک سال


ہوسکتا ہے۔ یہ بات مئی کے تیسرے ہفتے میں متوقع ہے۔ مریخ زحل کا اتصال بھی مئی کے آخری ہفتے میں ہوگا۔ یہ اتصال برصغیر کے ملکوں کے اقتدار میں دراڑیں اور ذرائع ابلاغ میں حادثوں سے نقصان کو ظاہر کرتا ہے۔ اس لیے مقتدر لوگ سیر و سفر اور سیاحت احتیاط سے کریں۔ ایک زائچے میں زحل دسویں گھر اور دوسرے زائچے میں تیسرے گھر میں ہے۔ اس لیے دسویں گھر کے منسوبات کو ظاہر کرے اور اس کے نتیجے میں برسر اقتدار لوگ پریشان ہوسکتے ہیں۔

پاکستان کے قمری زائچے میں اس وقت طالع میں ہے اور آٹھویں نویں گھروں کے حالات کی نشان دہی کرتا ہے۔ اس بنا پر نجوم کی روشنی میں یہ کہنا مناسب ہوگا کہ پاکستان کے لیے یہ وقت کسی صورت اچھا نہیں ہے۔ چاہے برصغیر میں سیاسی حالات اس کی غمازی کریں یا نہ کریں یہ وقت ملکوں کے لیے اچھا نہیں ہے۔ ان پر سیاسی اعتبار سے اثر ناگزیر ہے۔ (اللہ کرے ایسا نہ ہو) اس وقت زحل اپنے پیدائشی مقام سے بارہویں ہے یہ کئی اعتبار سے نحس ہے لیکن مشتری کا نویں گھر کا مالک ہونا صاحبان اقتدار کے لیے زیادہ اچھا نہیں تاہم کچھ سہولتیں پیدا کرسکتا ہے۔ پھر بھی حکمران طبقوں کے لیے مشورہ ہے کہ وہ اپنے انداز حکمرانی سے عوام کے جذبات کی قدر کریں تاکہ عوام یہ باور کریں کہ یہ ہماری اپنی حکومت ہے کوئی غیر ملکی اب ان پر حاکم نہیں ہے۔

جب زحل گردش کرتا ہوا 23 درجے سرطان پر آئے جو جولائی اور اگست میں واقع ہوسکتا ہے یہ وقت پاکستان کے لیے کسی صورت اچھا نہیں۔ یہ اوضاع فلکی ہم سب کو احتیاط سے کام لینے کا نیک مشورہ دے رہے ہیں۔ زحل سے دسواں زائچے کا آٹھواں گھر بنتا ہے اور مشتری جو زحل کی تیسری نظر کی زد میں ہے۔ دسویں گھر سے چھٹے آگیا ہے۔ اس زائچے کی ایک خاص بات یہ ہے کہ اکثر سیارے باہم چھٹے آٹھویں واقع ہوئے ہیں اور یہ بات جوتش (نجوم) میں ایک خاص مقام رکھتی ہے۔ ان اوضاع کا دنیا اور دنیا والوں پر منفی اثر پڑے گا۔ یہ اور بات ہے اس وقت پر برصغیر کے ملکوں میں تعلقات کی فضا چاہے خوشگوار ہی کیوں نہ محسوس ہورہی ہو اس کے ہوتے ہوئے بھی یہ باتیں خواب سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی۔ لیکن سیارے مخدوش حالات و واقعات کے اشارے کر رہے ہیں۔ جنگی حالات میں محدود ایٹمی طاقت کا استعمال بعید از قیاس نہیں کہ پلوٹو ایٹم کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ بات مزید ایٹمی تجربات کو ظاہر کرتی ہے جن میں تادیبی اور سزا وار دونوں قسم کے دھماکے ہوسکتے ہیں جو اندازوں کی حدوں کو پھلانگ کر تباہی پیدا کرسکتے ہیں۔ اس لیے دھماکوں میں ملوث لوگوں سے انسانیت کے نام پر اُمید کریں گے کہ وہ ایسے امکانات کو ہرگز ظاہر نہ ہونے دیں بلکہ ایٹمی تجربات کو بھی محدود رکھنا ہی مناسب رہے گا۔

اب ذرا ان اوضاع کو عالمی طاقتوں خصوصاً امریکا کے زائچوں میں دیکھتے ہیں۔

امریکہ کا طالع برج عقرب ہے اس کا مالک مریخ ساتویں گھر میں حالت وبال مقیم ہے۔ اس زائچے کے مرکزی گھروں میں نحس سیاروں کا تربیعی حالت میں واقع ہونا خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ نحس




گھروں میں بھی نحس سیاروں کا غلبہ ظاہر ہوا ہے۔ ان فلکی تقاضوں کے پیش نظر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ امریکہ اپنی طاقت کے زعم میں کوئی عالمی بحران پیدا کرنے کی کوشش کرے گا۔ جو اس کے اپنے مفاد اور دنیا کے لیے مضر ثابت ہو۔ اس کی موجودہ سیاسی ساکھ اور بساط مجروح ہوسکتی ہے۔

☆☆☆☆☆


## طلسم تسخیر وحاجت

یہ لوح ایک طویل عرصے سے تیار کررہا ہوں۔ یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کی جاتی ہے۔ اس کی تیاری میں مختلف کواکبی حالتوں کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو وسحر سے حفاظت، حفظ امن یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کرواسکتے ہیں۔


free copy khalidrathore.com

شمس نیوز ایجنسی، نزد ریلوے پھاٹک میلسی، ضلع وہاڑی۔
70 سالہ دشا۔ فیس۔/550 روپے

# جواہرت اور پتھروں سے خوش قسمتی اور صحت

پتھر اور انسان کا تعلق شاید اتنا ہی قدیم ہے جتنا کہ انسانی ذہانت کی کہانی۔ اس طویل عرصے میں پتھر کبھی مادی افادیت کبھی روحانیت اور کبھی اپنی خوبصورتی کے باعث انسانی تہذیب کا ایک ناقابل فراموش حصہ رہے ہیں۔ انسان نے اپنی حفاظت اور شکار کے لیے سب سے پہلے پتھروں سے بنے ہتھیاروں کی ہی مدد حاصل کی۔ آگ سے روشناس کروانے کے سہرا بھی پتھروں کے ہاتھ ہی جاتا ہے۔ جہاں پتھر نے انسان کی حفاظت کا فریضہ انجام دیا۔ اس کو اپنے دشمنوں یعنی دیگر جان داروں پر غالب کیا۔ اس کو شکار کرنے کی صلاحیت دی وہاں پتھروں کے ذریعے آگ جلا کر اس شکار کو پکا کر کھانے کی فراست بھی دی۔ روشنی کو منعکس کرنے اور پھیلانے کے لیے ایک عرصہ تک غاروں کے اندر پتھر استعمال ہوتے رہے۔

روحانی اور مادی ترقی کے ساتھ ساتھ انسان نے پتھروں کی مزید خصوصیات کا کھوج لگایا۔ ان کا استعمال انسانی خوبصورتی میں اضافے' مال و دولت کے حصول' تجارت کے مقاصد اور روحانی اور جسمانی قوتوں کو طاقت دینے کے ساتھ دوسرے انسانوں کی جان لینے کے لیے بھی استعمال ہونے لگا۔

## جواہرات

وہ پتھر جو عام پتھروں کی نسبت خاص خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں اور خوش قسمتی یا حصول صحت یا روحانی اور طبی امور میں استعمال ہوتے ہیں حرف عام میں نگینے یا جواہر کہلاتے ہیں۔ یہ جواہر بلحاظ قیمت بھی مہنگے ہوتے ہیں۔ کمیاب' خوبصورت اور خاص کوالٹی کے جواہر عام آدمی ہی کیا بعض حالتوں میں اچھے خاصے دولت مندوں کی قوت خرید سے باہر ہوتے ہیں۔ تاہم جواہرات کی ایک بڑی تعداد کی قیمت اتنی ہوتی ہے کہ عام آدمی بھی ان کو خرید سکتا ہے۔

## پتھروں کی اقسام و قیمت

کوئی بھی پتھر ہو یہ ایک بڑا خاندان رکھتا ہے۔ انسانی ذاتوں کی طرح اس کے اندر تقسیم در تقسیم کا عمل ہوتا ہے۔ انسانی ذاتوں کی طرح پتھروں کی بھی ذاتیں/اقسام ہوتی ہیں۔ درجہ اول کا یاقوت گو مہنگا ہوتا ہے۔ تاہم یاقوت ہی کی فیملی کے بعض پتھر ایسے بھی مل جاتے ہیں جو عام آدمی بھی خرید سکتا ہے۔ اس بات سے یہ خیال نہ کریں کہ میں نقلی پتھروں کی بات کر رہا ہوں۔ بات ہے کوالٹی کی جو پتھر جس قدر صاف ستھرا ہوگا اس قدر اعلیٰ قیمت کا حامل' لیکن ایک کم صاف اور ہلکی کوالٹی کا پتھر ہلکی قیمت میں مل سکتا ہے۔ یوں قدرت کی اس نعمت سے امیر اور غریب دونوں حسب منشاء فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یعنی یاقوت آپ کو دو ہزار کا بھی مل جائے گا۔ اور دو سو کا بھی۔ نیلم آپ کو ایک ایک سو کا بھی مل جائے گا اور ایک لاکھ کا بھی۔

## نقلی و اصلی پتھر

پتھر ہمیشہ اصلی لینا چاہئے۔ گو نقلی پتھر ہمیشہ سے ہی بنتے چلے آرہے ہیں لیکن آج کل جدید سائنس کی بدولت نقل کے کام نے بہت ترقی کر لی ہے۔ اصل سے بہتر نقل دستیاب ہے۔ جو قیمت میں بھی کم ہوتا ہے۔ تاہم میرا مشورہ یہ ہے کہ ان نقلی پتھروں کے استعمال سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا۔ سو زیادہ پیسے نہیں ہیں تو سستا پتھر خرید لیں لیکن ہو اصل۔ اگر اصل ہوگا تو اس کا فائدہ ہوگا ورنہ نہیں۔ نقلی پتھر ایسے ہی ہے جیسے آپ نے رنگ دار شیشہ یا پلاسٹک پہن رکھا ہو۔

## پتھروں کا عمومی استعمال کا طریقہ

پتھروں کے عمومی استعمال کے دو خاص طریقے ایسے ہیں جو میں ذاتی حوالے سے پسند کرتا ہوں۔

اول: برج کے لحاظ سے منسوبی پتھر۔ مثلاً برج اسد والوں کے لیے ان کا منسوبی پتھر یاقوت بہتر ثابت ہوگا۔

دوم: پہلے فرد کے مقصد یا مسلئے کا تعین کریں پھر اس کے مطابق دیکھیں کون سا پتھر ان مقاصد کے حصول میں مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ سو اس پتھر کو سائل کو استعمال کرنے کے لیے دیں۔ مثلاً کسی فرد کی نظر کمزور ہے تو اس کا برج وغیرہ دیکھنے کی بجائے ایسے پتھر کا انتخاب کیا جائے جو ان امراض کو دور کرنے کا باعث ہو۔ مثلاً یاقوت یا حجر القمر۔

پتھروں کے استعمال کے دیگر طریقے

مندرجہ بالا دو طریقوں کے علاوہ پتھر کے انتخاب کے لیے بعض دوسرے سادہ طریقے بھی استعمال کیئے جاتے ہیں۔

جاری ہے

غزنوی کتب خانہ، قندھاری منان چوک' کوئٹہ۔ 70 سالہ دشا (تفصیلی)۔ فیس-/1550 روپے

free copy khalidrathore.com

# فیضِ روحانیہ

تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی' جھنگ۔

شائقین و قارئین راہنمائے عملیات کی خدمت میں اپنے آزمائے ہوئے عملیات ونقوش پیش کرر ہا ہوں۔ ان اعمال کی اجازت میری طرف سے عام ہے کسی کو کسی دوسرے عامل سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ میرے اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کے لیے دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ اب آتے ہیں اپنے اصل مقصد کے طرف۔

استخارہ:

جب کسی امر میں پریشانی ہو یا کوئی بھاگ گیا ہو یا بیمار بیماری سے شفا نہ پائے یا بانڈ کا نمبر معلوم کرنا ہو۔ غرضیکہ کسی قسم کی دریافت مدنظر ہو تو یوں کریں کہ نئے چاند کی پہلی جمعرات کو جب سورج طلوع ہو تو اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھیں اور تعویذ کو سامنے رکھ کر اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ چھ سو ساٹھ (۶۶۰) مرتبہ پڑھ کر اس نقش پر دم کر کے کہیں احتیاط سے رکھ دو۔ اسی طرح تین یوم کرنا ہے۔ پھر جب رات کو سونے لگو تو بعد نماز عشاء پھر اس عزیمت کا ورد اتنی ہی مرتبہ کرو اور نقش پر دم کر کے سرہانے رکھ کر دل میں نیت کر کے سو جائیں۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات خواب میں کُلی حالات کی آگاہی ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

جبرائیل ۷۸۶ میکائیل

| | | |
|---|---|---|
| ۵ | ۴۴ | ۱۷ |
| ۳۴ | ۲۲ | ۱۰ |
| ۲۷ | بحق یا اللہ | ۳۹ |

اسرافیل عزرائیل

برائے زبان بندی:

جو شخص زبان دراز ہو اور اپنی کوشش سے نقصان پہنچاتا ہو تو یہ نقش لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبا دو اور ایک اس کے راستے میں یا تکیہ میں دے دو۔ زوال ماہ میں قمر در عقرب ( یہ وقت خالد روحانی جنتری میں دیکھیں) میں کرو یا ہفتہ کے دن ساعت زحل میں کرو۔ وہ آپ کے خلاف کچھ نہ کر سکے۔ نقش یہ ہے۔

صم بکم عمی فہم لا یرجعون

[illegible]

(یہاں نام بمعہ والدہ لکھیں)

[illegible]

[illegible]

دافع دردِ سر:

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو زمین پر لفظ اب ج د لکھ کر ایک چھری کی نوک سے لفظ الف پر زور دیں اور تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم مع سورۃ فاتحہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ آرام ہوگا۔ اگر درد دور نہ ہو تو حرف ب پر چھری رکھ کر زور دیں اور اسی طرح پڑھیں۔ انشاء اللہ چاروں حروف ختم نہ ہوں گے کہ شفاء اللہ پاک دے گا۔

دفع دشمنان:

صبح کی نماز کی سنتوں کی پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۃ فیل پڑھا کرے اور اس پر مداومت کرے تو کسی دشمن کا اس پر زور نہ چلے گا۔ یہ عمل نہایت صحیح اور مجرب ہے اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے۔

شفائے مرض:

اگر کسی شخص کی مرض سمجھ میں نہ آتی ہو یا اتنا طویل عرصہ گزر گیا ہو کہ وہ مایوس ہو جائے تو اسے چاہیے کہ چالیس روز تک بارہ سو بار روزانہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ چالیس روز میں شفا پائے گا۔ عمل یہ ہے۔ **یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبْ بِا**

ارشاد بک ڈپو' تھانہ چوک میلسی۔
لوح دست غیب تانبے پر ۷۰۰ روپے۔ چاندی پر ۱۱۰۰ روپے

الشّفآء یا بَدِیۡعُ۔

## خواب میں ملاقات:

جس کسی کا کوئی عزیز یا دوست مر گیا ہو اور اس کو خواب میں دیکھنا منظور ہو تو غسل کر کے کپڑے صاف پہنے۔ عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت نماز نفل پڑھ کر سورۃ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ التکاثر ہر رکعت میں پڑھ کر نماز تمام کرلے پھر صاف بستر پر لیٹ کر **اَللّٰهُمَّ اَرِنِیۡ فلاں عَلَی الۡحَالَةِ الَّتِیۡ هُوَ عَلَیۡهَا۔** یہ بلا بعداد پڑھتا ہوا سو جائے تو اس رات خواب میں دیکھے گا۔ اگر پہلی رات خواب میں ملاقات نہ ہو تو پھر پانچ روز کرے انشاء اللہ خواب میں ملاقات ہوگی۔ یہ ضروری ہے کہ نفل پڑھنے کے بعد کوئی کام یا کلام نہ کرے اور سو جائے۔

## کند ذہنی:

اگر کوئی شخص صاف پانی پر سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کرے اور کند ذہن کو چالیس روز تک ایک چمچ روز پلائے تو اس کا ذہن تیز ہو جائے گا۔ وہ لڑکے یا لڑکیاں جو شکایت کرتی ہیں کہ ہمارا پڑھنے کو جی نہیں چاہتا ہے یا دماغ کام نہیں کرتا ہے ان کو بھی ایک ایک دو بوتل پانی کی تیار کر کے پینی چاہیے۔

## محبت کے لیے:

اگر کسی شخص کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا ہو تو اتوار کے دن منزل نثرہ میں جب چاند آئے تو مطلوب کے پاؤں کی مٹی ایسے طریقہ سے اُٹھا لے کہ کوئی شخص بھی نہ دیکھ سکے۔ اس کو لا کر اپنے پاؤں کی مٹی میں ملائے اور علیحدہ جگہ میں پانچ بار اس طلسمی عمل کو پڑھے اور مٹی پر دم کر کے اس جگہ دفن کر دے جس جگہ وہ سوتا ہو۔ اس کے بعد مٹی کا تماشہ دیکھے۔ اس شخص کو کبھی نیند نہ آئے گی۔ اسے تم ہی تم نظر آؤ گے۔ یہ میرے سینے کا راز تھا جو ظاہر کر دیا ہے عمل یہ ہے۔

**هٰلیَا طَلسَهِیۡلیٰ یَا بُدُوۡحُ یَا بُدُوۡحُ یَا بُدُوۡحُ**

## سحر و جادو:

جس پر جادو کیا گیا ہو۔ اس کا مجرب علاج یہ ہے کہ چینی کی سفید طشتری پر زعفران سے لکھے اور بارش کے پانی یا عرق گلاب سے دھو کر پی لے۔ چالیس یوم میں شفاء ہوگی بہت مجرب ہے۔ عمل یہ لکھنا ہے **یَا حَیُّ حِیۡنَ یَا حَیُّ فِیۡ دَیۡمُوۡمَةِ مُلۡکِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَا حَیُّ** پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پھر سورۃ الحمد پوری لکھیں۔

☆☆☆☆☆

# طلسماتی انگوٹھی

از: عطا حسین مری بلوچ، دوڑ سندھ۔


محترم قارئین راہنمائے عملیات آپ کی خدمت میں اپنا آزمایا ہوا عمل لے کر حاضر خدمت ہوا ہوں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کے درجات بلند ہوں۔ آپ انشاء اللہ تعالیٰ اجر عظیم پائیں گے۔ آمین۔

یہ عمل اُن کے لیے زیادہ زود اثر ہے جو صاحب تنگی، افلاس، قرض، مقدمہ وغیرہ میں گرفتار ہوں۔ وہ ضرور اس خاتم سلیمانی کو تیار کریں۔ میں وعدہ کرتا ہوں کہ آپ ضرور کامیاب ہوں گے، اور قدرت غیب سے مشکل کشائی کرے گا۔

نوٹ: یہ خاتم سلیمانی عمل جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کے ہاں دستیاب ہے آپ رابطہ کر کے منگوا سکتے ہیں۔

ترکیب عمل: یہ ہے کہ نام کا پہلا حرف معلوم کریں کیوں کہ ستارے سات ہیں اس لیے جو ستارہ آپ کا ہو اس کے حروف ملفوظی بنائیں۔ اب یہ دیکھیں کہ اُس ستارے کا برج کیا ہے ایک برج ہو یا دو ان دونوں کے حروف ملفوظی بنائیں۔

مثلاً طارق حسین کا ستارہ اپنے نام کے پہلے حروف سے مریخ ہے تو اس کے حروف ملفوظی یہ ہوئے میم۔ را۔ یا۔ خا۔ دو برجوں کا مالک ہے حمل اور عقرب کا لہذا دونوں کے حروف ملفوظی کیا۔ عین۔ کا۔ قاف۔ را۔ با۔ حا۔ میم۔ لام۔ بنیں، ملفوظی کے عدد لیے گئے۔ 1588 یعنی ستارہ دو بروج کے ان تینوں ملفوظی کو ایک جگہ جمع کیا تو 1588 ٹوٹل بنا۔ اب اس مجہول رقم کو 28 پر تقسیم کیا تو 20 بچا، اب اس 20 سے موکل بنایا تو "کٹکیل" بنا۔ اب موکل کا ملفوظی یوں بنا۔ کاف۔ الف۔ یا۔ لام۔ ان کے ملفوظی عدد لیے تو 296 بنے،




اب ان رقم کو 28 پر تقسیم کیا تو باقی 16 بچے تو جناب طارق حسین کے لیے طلسمی انگوٹھی، جو شرف مریخ میں بنیں لی گی یا اوج میں بنیں گی۔ ساتوں ستاروں کی انگوٹھی شرفات میں تیار ہوں گی، نام کے پہلے حروف کے مطابق۔ طلسمی انگوٹھی برائے طارق حسین جو شرف مریخ میں تیار ہوئی۔ بخور قسط روشن کریں۔

نام ستارہ برج معلوم کرنا اور ستاروں کے بخور مندرجہ ذیل ہیں

| ستارہ | حروف | بخور |
|---|---|---|

رمضان، نیوشاہین جنرل سٹور بک ڈپو اینڈ لائبریری، ریلوے روڈ، کمالیہ
لوح آیت الکرسی ۔تانبے پر ۲۱۰۰ روپے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

| | | |
|---|---|---|
| زحل | اب ج د | میع سائلی |
| مشتری | ہ و ز ح | عود |
| مریخ | ط ی س ل | قسط |
| شمس | م ن س ع | سندروس |
| زہرہ | ف ص ق د | مصطگی |
| عطارد | ش ت ث خ | گوگل |
| قمر | ذ ض ظ غ | لوبان |

مطفوظی حروف اوران کے ابجد

| الف | با | میم | دال | ھا | واؤ | زا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۱ | ۳ | ۵۳ | ۳۵ | ۶ | ۱۳ | ۸ |
| حا | طا | یا | کاف | لام | میم | نون |
| ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۰۱ | ۷۱ | ۹۰ | ۱۰۶ |
| سین | عین | فا | صاد | قاف | را | شین |
| ۱۲۰ | ۱۳۰ | ۸۱ | ۹۵ | ۱۸۱ | ۲۰۱ | ۳۶۰ |
| تا | ثا | خا | ذال | ضاد | ظا | عین |
| ۴۰۱ | ۵۰۱ | ۶۰۱ | ۷۳۱ | ۸۰۵ | ۹۰۱ | ۱۰۶۰ |

ستارے اور ملفوظی اعداد، ستاروں کے متعلقہ بروج اوران کے ملفوظی اعداد

| ستارے | ستاروں کے ملفوظی اعداد | بروج | بروج کے ملفوظی اعداد |
|---|---|---|---|
| زحل | ۸۸ | ۲۱-جدی-دلو | ۹۹-۱۱۹ |
| مشتری | ۱۰۶۳ | ۲۱-قوس-حوت | ۳۱۲-۴۲۳ |
| مریخ | ۹۰۳ | ۲۱-حمل-عقرب | ۱۷۰-۵۱۵ |
| شمس | ۵۷۰ | ۱-اسد | ۳۶۲ |
| زہرہ | ۲۲۱ | ۲۱-ثور-میزان | ۷۱۵-۳۲۶ |
| عطارد | ۴۸۷ | ۲۰۱-جوزا-سنبلہ | ۱۸۵-۳۰۶ |
| قمر | ۴۷۲ | ۱-سرطان | ۵۴۸ |

**فائدہ انگوٹھی:** (۱) ترقی درجات وعلوی مرتبات (۲) دفع افلاس (۳) مشکلات آسان ہو (۴) خواب میں حالات معلوم کرنا (۵) غیب سے قرض دور ہونے کے اسباب پیدا ہونا (۶) مقدمہ کا فیصلہ حق میں ہو۔

نوٹ: جس شخص کے نام کی یہ انگشتری تیار کی جائے گی صرف اُسی کو کام دے گی۔ دوسرے آدمی کے کام کی نہیں۔ بشرطیکہ اس نے ایک دفعہ پہن لی ہو۔ مجھے یقین ہے کہ آپ اس عمل سے خود بھی فیضیاب ہوں گے اور دوسروں کو بھی کریں گے۔ انشاء اللہ۔

# چیرون پر تحقیق

از: بالا جان مغل نقشبدی' گوجرانوالہ۔

ماہ مارچ 2004 کے شمارہ میں جناب فضل محمود نقاش صاحب کا مضمون چیرون وراہو کی نظرات وعملیات میں ایک نئے موضوع پر تحقیق پڑھا جس میں چونکہ مجھے قلم اُٹھانے کی دعوت ہے۔ لہذا اپنے خیالات میں آپ سب کے سامنے عرض کرونگا۔ تو گزارش ہے کہ میں چونکہ کچھ زیادہ نجوم تو نہیں جانتا تاہم یہ ہے کہ ضرور اپنی کم علمی نجوم کی مناسبت سے کہوں گا کہ چیرون راہو پلوٹو نپ چون یورینس ذنب وغیرہ کے زائچہ کے اندر کچھ اثرات تو شاید ضرور لیے جاسکتے ہیں لیکن عملیاتی طور پر ماسوائے سات سیارگان زحل' مشتری' مریخ' شمس' زہرہ' عطارد' قمر کے کسی سے کچھ بھی فائدہ نہیں اُٹھایا جاسکتا کیونکہ کوئی بھی عامل کوئی جنتری کتاب تقویم وغیرہ میں ساعت کا کوئی ذکر نہیں نہ ہی طریقہ کار ساعت کا مقدر ہے۔ سیدھی سی بات ہے کہ کل ہفتے کے ساتھ ہی دن ہوتے ہیں۔ بڑے اور پُر اثر حقیقی سیارے سات ہی ہیں۔ عام طور پر سات رنگ ہی معروف ہیں۔ سات زمین' سات آسمان' سات سمندر' سات عجائبات وغیرہ ہی معروف و پُر اثر ہیں۔ مشہور و معروف ہیں بس میں اس سے زیادہ نہیں جانتا کیونکہ میرا علم ہی صرف اتنا ہے۔ جی ہاں۔

# روحانی علاج برائے غصہ

# قرآن وحدیث کی روشنی میں

تعوذ مکمل اپنے نام کے کل اعداد کے مفرد اکائی عدد کے دن تک اور روزانہ اپنے نام کے کل اعداد کے مطابق پڑھ کر پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ پیئں انشاء اللہ تعالیٰ لازمی اثر ہوگا۔

مثال: مشتاق احمد کا غصہ کنٹرول کرنا ہے۔ کُل اعداد آٹھ سو چورانوے 894۔ مفرد 4+9+8=21 1+2=3 روزانہ 894 مرتبہ تین دن تعوذ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف نماز والا پڑھیں۔

☆☆☆☆☆

زچگی' امراض خواتین تانبہ پر ۷۰۰ روپے چاندی پر ۱۱۰۰ روپے

سٹار نیوز ایجنسی' بک سیلرز اینڈ سٹیشنری مارٹ' بازار کلاں' پشاور

# آپ کا عدد اور مہینہ

از: قیصر علی عباس۔

ذاتی عدد معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں۔

**اول:** تاریخ پیدائش کو آپس میں جمع کر کے مفرد عدد حاصل کریں۔ مثلاً 5 مئی 7=3+4=34=1+9+9+5+5+5=1995

**دوم:** اپنے نام کا عدد معلوم کریں۔ نام کا عدد حاصل کرنے کے لیے "عددی جدول" کی مدد لیں۔

مثلاً ہما=ھ۔م۔ا=1=1+0=10=1+4+5

**عددی جدول**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | ا، ی، ق، غ | 2 | ب، پ، ک، گ، ر، ڑ |
| 3 | ج، چ، ل، ش | 4 | د، ڈ، م، ت، ٹ |
| 5 | ھ، ن، ث | 6 | و، س، خ |
| 7 | ز، ژ، ع، ذ | 8 | ح، ف، ض |
| 9 | ط، ص، ظ | | |

## عدد..... 1:

یہ وقت تقاضا کرتا ہے کہ کسی بھی کام میں لاپرواہی سے کام نہ لیں۔ خاص طور پر ہر کاروباری معاملات کو تحریر میں لا کر کریں۔ کوئی بھی لین دین زبانی نہ کریں ورنہ جس سے ڈیل کر رہے ہیں وہ کل کو اپنی بات سے پھر سکتا ہے جس کی وجہ سے آپ کو ذہنی کوفت ہوگی۔ گھریلو اخراجات بھی عام روٹین سے قدرے بڑھیں گے۔ گھر میں مہمان آ سکتے ہیں۔ نئے لوگوں سے تعارف ہوگا۔ دوست، رشتہ داروں سے اگر کسی معاملے میں آپ کو مدد درکار ہے تو وہ مل جائے گی۔ البتہ خاندانی معاملات میں کسی دور کے رشتہ دار کی وجہ سے مسائل جنم لے سکتے ہیں اس لیے محتاط رہیں۔ اگر کوئی دوست یا رشتہ دار اپنے کسی گھریلو مسئلے پر آپ کی معاونت طلب کرے تو دیانت داری سے اُسے مشورہ دینا آپ کی نیک نامی کا باعث بنے گا۔ غلط بیانی یا غلط مشورہ آپ کی مخالفت کا باعث بنے گا۔ آپ کا چھوٹا بھائی بعض گھریلو معاملات میں آپ کی مخالفت کرتا نظر آتا ہے۔ اگر آپ خاندان میں سب سے چھوٹے ہیں تو گھر کے بزرگ کے ساتھ بحث و مباحثہ سے پرہیز کریں۔ جھگڑا بڑھ سکتا ہے۔ 14 اور 15 تاریخ کو محتاط رہیں۔ 4 اور 5 تاریخ کو آپ ذہنی طور پر بہت زیادہ پریشان ہوں گے۔ طبیعت میں خاص طور پر بے چینی محسوس کریں گے۔ ہو سکے تو یہ دو دن کسی بھی معاملے کو سلجھانے کی کوشش نہ کریں۔ اگر جاب کرتے ہیں تو بے شک چھٹی لے کر یہ وقت کسی دور کے دوست کے ساتھ گزاریں یا کسی پُرفضا مقام پر چلے جائیں۔ 1'16'17 تاریخیں آپ کو مالی فائدہ دیتی نظر آتی ہیں۔

خواتین کے لیے اس ماہ میں اُن کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ شادی شدہ خواتین کے ہاں اگر اولاد متوقع ہے تو انشاء اللہ اس ماہ کے پہلے ہفتے میں بیٹا ہوگا۔ البتہ 8 تاریخ کے بعد اگر بیٹا ہوا تو وہ آخری ہونے کی زیادہ توقع ہے۔ ورنہ بیٹی ہوگی۔ جو کہ یقیناً خوبصورت ہوگی۔ صحت میں قدرے مسئلہ پیش آ سکتا ہے۔ اس لیے اگلے ایک سال تک اُس کی کافی احتیاط کرنی ہوگی۔ بہت ساری خواتین کے پرانے مسائل غیر متوقع طور پر حل ہو جائیں گے۔ اگر آپ بہنوں میں سب سے بڑی ہیں تو صحت کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔ اچانک بیمار پڑ سکتی ہیں۔ بلڈ پریشر بڑھ سکتا ہے۔ اس لیے محتاط رہیں۔ 8'9 تاریخ خاص احتیاط کا تقاضا کرتی ہے۔ اگر آپ بہنوں میں سب سے آخر میں ہیں تو آپ کو اندرون ملک سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ البتہ کھانے پینے میں احتیاط کرنا ہوگا۔ ہیضہ ہو سکتا ہے۔ رات کے کھانے کے بعد سیر ضرور کریں۔ ممکن ہے رات کو سوتے وقت ڈراؤنے خواب دیکھیں۔ ایسی صورت میں پریشان نہ ہوں۔ یہ سب بدہضمی کی وجہ سے ہوگا۔ طبیعت زیادہ گفتگو کرنے کی طرف مائل ہوگی۔ جو کہ اچھی بات نہیں ہے۔ خاص طور پر شادی شدہ خواتین اپنے شوہر کے ساتھ بحث کرنے سے پرہیز کریں۔ جھگڑا ہو سکتا ہے۔ اخراجات پر بھی نظر رکھنا ہوگی۔ کیونکہ عام روٹین کی نسبت بڑھ سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 25-20-16-1 |
| نحس تاریخیں | 23-15-5-4 |

| | |
|---|---|
| لکی نمبر | 7-3 |
| صدقہ | سرخ مرغی |

## عدد..... 2:

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions
راہنمائے عملیات

ملٹی لائن بکس، ریگل چوک، لاہور
لوح خوش قسمتی ہدیہ چاندی پر ۷۰۰ روپے

مجموعی طور پر دیکھا جائے تو یہ ماہ آپ کے لیے ایک مشکل وقت کی نشاندہی کر رہا ہے۔ معاشی مسئلے کو بہتر بنانے کے لیے کی گئی کوششوں میں بے احتیاطی اور رسک لینا فائدے کی بجائے نقصان کا سبب ہوگا۔ بدنامی' الزام' دھوکہ کا اندیشہ ہے۔ سفر میں بھی احتیاط کی ضرورت ہے جیب کٹ سکتی ہے۔ خدانخواستہ حادثہ ہوسکتا ہے۔ میاں بیوی کے درمیان معمولی تلخی بڑی لڑائی کی صورت اختیار کر سکتی ہے۔ مزاج میں تلخی اور غصے کا عنصر بڑھ جائے گا جس کی وجہ سے آپ کی گفتگو میں دوسروں کو چبھن اور کاٹ کا احساس ہوگا۔ لوگ آپ سے اس بات کا شکوہ بھی کریں گے۔ دفتری معمولات میں بے احتیاطی' بدنظمی سے آپ کی نوکری بھی جاسکتی ہے۔ اگر آپ بھائیوں میں دوسرے نمبر پر ہیں تو بلاشبہ آپ کو بہت احتیاط کرنا ہو گی۔ اگر آپ سب سے آخر میں ہیں تو یہ بات ذہن میں بٹھالیں کہ چاہے حالات جیسے بھی ہوں آپ نے غصہ نہیں کرنا۔ دراصل یہ وقت آپ سے تقاضا کرتا ہے کہ غیر ذمہ داری' بے احتیاطی اور رسک سے پرہیز کریں۔ جو کچھ بھی کریں انتہائی سوچ سمجھ اور مشورہ کے ساتھ کریں۔ کسی قسم کی شراکت داری سے پرہیز کریں۔ دوسروں کے معاملات میں ٹانگ نہ اڑائیں اگر کوئی دوسرا آپ کی ذاتی زندگی میں دخل اندازی کرتا ہے تو انتہائی پرسکون اور ٹھنڈے دماغ سے اُسے منع کردیں۔ اگر وہ پھر بھی باز نہ آئے تو بحث کرنے کی بجائے وہاں سے اُٹھ کر چلے جائیں۔ 15'14' 9'5 تاریخ کو خاص احتیاط کریں۔

خواتین کو چاہیے کہ وہ بھی اس ماہ میں اپنی معاشی اور معاشرتی زندگی میں بے احتیاطی سے پرہیز کریں۔ اگر آپ خاندان میں سب سے بڑی' عمر رسیدہ' یا سب سے چھوٹی ہیں تو یقیناً آپ کے لیے یہ ایک مشکل وقت ہے۔ خاص طور پر شادی شدہ خواتین جن کے ازدواجی حالات پہلے ہی سے ٹھیک نہیں ہیں اُن کے لیے یہ ماہ بھاری ہے۔ شوہر کے ساتھ کی گئی بحث' لڑائی کی انتہائی شدت اختیار کرسکتی ہے جس کا نتیجہ علیحدگی کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ ہوسکے تو یہ ماہ شوہر کے ساتھ گزارنے کی بجائے اپنے میکے چلی جائیں۔ اگر آپ کا شوہر بھائیوں میں سب سے چھوٹا ہے یا سب سے چھوٹے سے بڑا ہے تو آپ کو بہتر مشورہ یہی ہے کہ وقتی طور پر شوہر سے دور ہوجائیں۔ آپ کی ساس اور سُسر کے ساتھ بھی نہیں بنے گی۔ آپ کی ساس اور سُسر کو بھی اپنی صحت کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔ خواتین کو چاہیے کہ وہ بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ نزلہ' زکام' ریشہ اور جوڑوں کے درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔ سر درد یا دردِ شقیقہ بھی کبھی کبھی ہوسکتی ہے۔ غیر شادی شُدہ خواتین دوسرے شخص کی باتوں میں نہ آئیں۔ دھوکے اور فریب کے علاوہ کچھ نہیں ہوگا۔

| سعد تاریخیں | 17-14-10-1 | لکی نمبر | 6-1 |
|---|---|---|---|

| نحس تاریخیں | 22-9-8-5 | صدقہ | گھی تیل |
|---|---|---|---|

## عدد..... 3:

یہ ایک بہتر وقت ہے۔ دوستوں سے فائدہ ہوگا۔ اگر آپ کاروبار کو بہتر بنانے کے لیے کسی دوسرے ملک میں عارضی شفٹ ہونا چاہتے ہیں تو اس کام کے لیے یہ ایک اچھا وقت ہے۔ معاشی طور پر جو ایک رکاوٹ آئی ہوئی تھی وہ دور ہو جائے گی۔ آپ کے پاس یقیناً اس ماہ میں روپے آئیں گے۔ بیرون ملک میں رہائش پذیر کوئی دوست' رشتہ دار آپ کو مالی مدد دینے کے ساتھ ساتھ بیرون ملک جانے میں بھی مدد دے گا۔ آپ کو چاہیے کہ اس بہتر وقت سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں۔ اگر آپ انعامی سکیموں میں دلچسپی لیتے ہیں تو اس ماہ میں ضرور نمبر لیں۔ لگنے کے چانسز زیادہ ہیں۔ مجموعی طور پر آپ اس ماہ میں خوشی محسوس کریں گے۔ نئے لوگوں سے تعارف ہوگا۔ جنس مخالف سے دوستی ہوسکتی ہے۔ روزمرہ امور کو سر انجام دیتے وقت پورے اعتماد سے کام کریں۔ کامیابی ملے گی۔ اچھا لباس اور عمدہ گفتگو آپ کے وقار میں اضافہ کا باعث بنے گی۔ اگر آپ اچھے لکھاری ہیں اور اپنی کوئی لکھی ہوئی کتاب مارکیٹ میں لانا چاہتے ہیں یا چھپوانا چاہتے ہیں تو اس کام کے لیے یہ ایک اچھا وقت ہے۔ ریڈیو' ٹی وی' اخبار' تعلیم' بینک سے متعلقہ لوگ آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ اگر آپ کی تعلیم کسی وجہ سے رک چکی ہے اور آپ دوبارہ سے تعلیمی سلسلہ شروع کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں۔ شراکتی کاروبار کے لیے بھی ایک بہتر وقت ہے۔

خواتین اس ماہ میں خود کو کافی پُرسکون محسوس کریں گی۔ سوشل تقریبات' شادی' منگنی' سالگرہ جیسی پارٹیوں میں جانے کا موقع ملے گا۔ نئے لوگوں سے تعلقات پیدا ہوں گے۔ حلقہ احباب بڑھے گا۔ ضروریات زندگی بہت اچھے انداز سے پوری ہوں گی۔ مالی مسائل سے واسطہ نہیں پڑے گا۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ اپنے اعصاب کا خیال رکھنا ہوگا۔ رات کو دیر تک جاگنا اعصابی طور پر کمزور کرے گا۔ رات کو باہر چلتے ہوئے سیر کے دوران کسی اندھیری جگہ پر نہ جائیں۔ خدانخواستہ کوئی کیڑا مکوڑا کاٹ سکتا ہے۔ آپ کسی پارک' گراونڈ میں سانپ وغیرہ بھی دیکھ سکتی ہیں۔ بے روزگار خواتین کو انشاء اللہ نوکری مل جائے گی۔ وہ دوران انٹرویو پورے اعتماد سے گفتگو کریں۔ اپنی صلاحیتوں کا مکمل اظہار کریں اور بتائیں کہ آپ اپنے کام کو کیسے سرانجام دیں گی۔ اگر آپ کا ریڈیو' ٹی وی' فلم' اخبار یا تعلیم سے تعلق ہے تو آپ کے لیے یہ ماہ زیادہ کامیاب ثابت ہوگا۔ اور آپ کو کامیابیاں ملیں گی۔ اگر آپ خود مختار خاتون ہیں اور باہر جانے کا ارادہ رکھتی ہیں تو ضرور کوشش کریں۔ انشاء اللہ کوشش کامیاب ثابت ہوگی۔ اور آپ ملک سے باہر چلی جائیں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

طلسم تسخیر وحاجت ہدیہ چاندی پر ۳۶۰۰ روپے
حامد برادرز' چوک انارکلی لاہور

گی۔ خاص طور پر جرمنی' جاپان' ہانگ کانگ کا ویزہ غیر متوقع طور پر مل سکتا ہے۔ کوشش کریں اگر وہاں جانا چاہتی ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 27-14-9-7 | لکی نمبر | 9-5 |
| نحس تاریخیں | 20-12-8-6 | صدقہ | آلو ابلے انڈے کی زردی۔ |

## عدد..... 4:

معاشی معاملات کو بہتر بنانے کے لیے اس ماہ میں کی گئی کوششیں کامیاب ثابت ہوں گی۔ اگر آپ نے کسی دوست یا رشتہ دار کو قرض دیا ہوا اور کافی عرصے سے نہیں ملا تو وہ اس ماہ میں ضرور ملے گا۔ آپ واپس لینے کے لیے رابطہ رکھیں۔ اگر آپ کو کسی دوست یا رشتہ دار سے اپنے کاروبار کو بہتر بنانے کے لیے یا ضروریات زندگی کے لیے کچھ رقم بطور قرض چاہیے تو واضح طور پر ملتی نظر آتی ہے۔ 14 '15 '17 تاریخ اس کام کے لیے بہتر رہے گی۔ البتہ اس کے ساتھ ساتھ واضح طور پر زائد اخراجات میں اضافہ بھی ہو گا۔ بچوں کی تعلیم و تربیت اور ضروریات پر زیادہ روپے خرچ ہوں گے۔ سسرالی رشتہ داروں کا گھر میں آنا جانا رہے گا۔ ساس اور بڑے سالے کی گھر میں آمد کی توقع رکھیں۔ اگر آپ کافی دیر سے سسرال سے ناراض ہیں تو یقیناً راضی ہونے کا وقت آ گیا ہے۔ غیر شادی شدہ افراد کی منگنی' شادی کا سلسلہ ضرور چلے گا۔ اگر منگنی ہو چکی ہے تو اس وقت شادی کرنا انتہائی مناسب رہے گا۔ زندگی پرسکون گزرے گی اور میاں بیوی کے درمیان باہمی اتفاق قائم رہے گا۔ مجموعی طور پر سوشل کاموں کی طرف رجحان رہے گا۔ صدقہ وخیرات کرنا باعث مسرت ہوگا۔ مختلف تقریبات میں جائیں گے۔ زیادہ کھانا کھانے کی طرف رجحان رہے گا۔ خاص طور پر گوشت زیادہ کھائیں گے۔ شوگر اور بلڈ پریشر بڑھ سکتا ہے محتاط رہیں۔

خواتین اس ماہ میں خود کو زیادہ چاک وچوبند محسوس کریں گی۔ گھر کی ضروریات کی چیزیں لانے کی طرف رجحان رہے گا۔ گھر کے پردے' صوفہ وغیرہ کو تبدیل کرنے کے لیے نئے نئے ڈیزائن پسند کیے جائیں گے۔ بچوں کی ضروریات کتابیں' کپڑے وغیرہ نئے لیے جائیں گے۔ مختلف تقریبات میں جانے کے لیے ملبوسات خریدے جائیں گے۔ سسرالی رشتہ داروں سے خوب بنے گی۔ خاص طور پر ساس سے دوستی رہے گی۔ غیر شادی شدہ خواتین اگر اس ماہ میں منگنی یا نکاح کی کوشش کریں تو ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔ اگر اولاد متوقع ہے تو بیٹی پیدا ہوگی جو کہ ذہین ہونے کے ساتھ ساتھ خوبصورت ہوگی۔ البتہ اُس کی تعلیم میٹرک کے بعد وقتی طور پر رُک سکتی ہے یا کوئی رکاوٹ آ سکتی ہے۔ مجموعی طور پر خواتین کا اس ماہ میں فنون لطیفہ کے کاموں کی طرف رجحان رہے گا۔ نئے لوگوں سے تعارف حاصل ہوگا۔ گھریلو اور ازدواجی سکون ملے گا۔ شوہر سے اچھی طرح سے بنی رہے گی۔ البتہ خواتین کو خاص طور پر صحت کا خیال رکھنا ہے۔ خاص طور پر شوگر اور بلڈ پریشر کا مسئلہ ہوسکتا ہے۔ جو خواتین موٹاپے کا شکار ہیں۔ انہیں خاص طور پر محتاط رہنا ہوگا۔ '22 '21 20 تاریخوں کو خاص احتیاط کریں۔ ہو سکے تو رات کا کھانا نہ کھائیں اگر ضرورت محسوس ہو تو بھوک رکھ کر کھائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 27-26-19-17 | لکی نمبر | 6-4 |
| نحس تاریخیں | 12-11-9-7 | صدقہ | گڑ |

## عدد..... 5:

یہ ماہ آپ کے لیے غیر متوقع صورتحال کی نشاندہی کرتا ہے۔ بغیر سوچے سمجھے جذباتی انداز میں اُٹھایا ہوا قدم نقصان دہ ثابت ہوگا۔ نتیجہ آپ کی توقع کے الٹ آئے گا۔ دراصل یہ وقت آپ کو یہ بتائے گا کہ کون آپ کا دوست ہے اور کون دوست نہیں ہے۔ اور آئندہ زندگی میں آپ نے ایسے لوگوں کے ساتھ کیسے چلنا ہے۔ اگر آپ نوکری کرتے ہیں تو آپ کے اوپر ایسا الزام بھی لگ سکتا ہے جس سے آپ کی نوکری خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ اگر اس وقت آنکھیں اور کان کھلی رہیں اور گفتگو کم کریں تو بہت بہتر رہے گا۔ کسی کے سامنے اپنی پریشانیوں اور مسائل کا ذکر نہ کریں۔ لوگ آپ کی عدم موجودگی میں آپ کے بارے میں دوسروں کو بڑھا چڑھا کر بتائیں گے اور آپ کے مسائل سے ایسے لوگ بھی واقف ہو جائیں گے جو پہلے آشنا نہیں تھے۔ اپنی نوکری یا کاروبار میں لاپرواہی نہ برتیں۔ رہائش اور دفتر کی جگہ بھی تبدیل ہو سکتی ہے۔ کاروباری شراکت میں مسائل پیدا ہوں گے جس کی وجہ سے شراکت ختم ہو سکتی ہے۔ اپنے مزاج کی تلخی پر قابو رکھیں۔ بحث ومباحثہ سے پرہیز کریں۔ جھگڑا بڑھ جائے گا۔ مخصوص کاموں اور ضروریات کے علاوہ زیادہ وقت گھر پر گزاریں۔ سفر میں احتیاط کریں۔ خدانخواستہ حادثہ ہوسکتا ہے۔ طبیعت میں سستی اور بے چینی رہے گی۔ ایسی صورت میں ورزش اور سیر پر توجہ دیں۔ حیران کن طریقے سے کوئی کامیابی بھی مل سکتی ہے۔ صدقہ ضرور دیں۔

خواتین کے لیے یہ وقت تقاضا کرتا ہے کہ وہ زیادہ وقت نماز اور عبادت میں گزاریں۔ ایسی خواتین جو بہت سوشل ہیں اور اپنا وسیع حلقہ احباب رکھتی ہیں انہیں خاص طور پر اپنی گفتگو میں احتیاط برتنی ہوگی۔ دوسروں کی سنیں ضرور مگر اپنی رائے دینے سے پرہیز کریں۔ طبیعت میں تھکن اور جسم میں کھچاؤ رہے گا۔ تھوڑا سا کام کر کے ہی تھکاوٹ محسوس ہونا شروع ہو جائے گی۔ ایسی صورت حال سے بچنے کے لیے پانی کا استعمال زیادہ رکھیں اور شام کو کھانے کے بعد چاہے جتنی

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

نصیر احمد قریشی' کتابستان' شاہی بازار' بہاولپور۔
لوح اسم اعظم چاندی پر ۳۶۰۰ روپے

تھکی ہوں سیر ضرور کریں۔ اگر آپ گھر کی سب سے بڑی ہیں تو آپ کو زیادہ احتیاط کرنا ہوگی۔ غیر شادی شدہ خواتین کی اگر رشتہ، منگنی کی بات چل رہی ہے تو انہیں خاص احتیاط کرنا ہوگی۔ سسرال سے ابھی بنے نہیں ہیں لہذا اُن سے برتاؤ بھی ایسا ہی کریں اُن پر زیادہ پریشر یا دباؤ آپ کے لیے مسائل پیدا کر سکتا ہے۔ رشتہ سے انکار ہو سکتا ہے، منگنی ٹوٹ سکتی ہے۔ اس لیے خاموشی میں ہی فائدہ ہے۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو اپنا موقف باوقار انداز میں پیش کریں۔۔ ضرور بہتر نتیجہ نکلے گا۔ کوئی قریبی عزیزہ بھی دور ہو سکتی ہے۔ بڑی بیٹی کو بخار ہو سکتا ہے۔ نظر کمزور ہو سکتی ہے لہذا احتیاط رہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 17-16-13-3 | لکی نمبر | 3-1 |
| نحس تاریخیں | 27-20-9-2 | صدقہ | چڑیاں آزاد کریں |

## عدد..... 6:

اس ماہ میں کاروبار کو بہتر بنانے کے لیے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں گی۔ کوشش کریں کہ کسی معمولی اور چھوٹے کام میں ہاتھ نہ ڈالیں۔ اس ماہ میں ایسے کام کریں جن کی مدت لمبی ہو اور منافع بھی زیادہ ہو۔ معمولی اور وقتی کام فائدہ دیتا نظر نہیں آتا۔ اس ماہ میں ایسا فرد جو اپنے خاندان میں پانچویں نمبر پر ہو آپ کو ضرور فائدہ دے گا۔ اگر آپ کا اپنا نمبر بھی اپنے خاندان میں پانچواں ہے یا آپ بھائیوں میں پانچویں نمبر پر ہیں تو یقیناً اس وقت سے فائدہ اُٹھائیں گے۔ لوگوں کے سامنے خود کو باوقار انداز میں پیش کریں۔ عمدہ لباس پہنیں۔ البتہ بزرگ لوگوں کے لیے یہ وقت کچھ بہتر نہیں ہے۔ اگر آپ کی عمر 50 سال سے زیادہ ہے تو کسی قسم کے کام میں حصہ نہ لیں۔ اپنا زیادہ وقت عبادت میں گزاریں آپ کے لیے یہ وقت اچھی خبر نہیں دیتا۔ کاروباری حضرات اور نوکری پیشہ افراد بھی بزرگ لوگوں کے ساتھ معاملات طے کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔ نہ ہی شراکت داری کریں۔ ایسے لوگ جن کا تعلق اخبار، بینک، تعلیم وغیرہ سے ہے وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔ اگر آپ خود ایسے ہی شعبہ کے ساتھ منسلک ہیں تو یہ وقت آپ کے لیے مفید ہے۔ البتہ اپنے ازدواجی معاملات میں بحث اور جھگڑے سے پرہیز کریں۔ میاں بیوی کے درمیان جھگڑے کی صورت میں خاموش ہو جائیں یا باہر چلے جائیں یہی بہتر ہے۔

خواتین کو اس ماہ میں سب سے زیادہ توجہ اپنی صحت پر دینا ہوگی۔ دانت اور کان کی درد ہو سکتی ہے۔ پہلے سے تیار رہیں۔ اور گھر میں کوئی نہ کوئی ایسی دوا ضرور رکھیں جس سے فوری فائدہ مل سکے۔ شادی شدہ خواتین اپنے جذبات پر قابو رکھیں۔ گھریلو مسائل کو زیادہ لمبا نہ کریں۔ اگر کسی معاملے میں شوہر سے ناراضگی ہو جائے تو اس ناراضگی کو لمبا نہ کریں اور نہ ہی اپنی انا کا مسئلہ بنائیں۔ نقصان آپ کا ہی ہوگا۔ اپنی والدہ کی صحت کا خیال رکھیں اُن کے لیے بھاری وقت ہے۔ خاندان کا سب سے چھوٹا فرد آپ کی امیدوں کو توڑے گا۔ اس لیے محتاط رہیں۔ غیر شادی شدہ خواتین کے رشتے کی بات چل سکتی ہے۔ منگنی ہو سکتی ہے۔ اس لیے رشتہ کرنے کے لیے کوششیں جاری رکھیں۔ اگر اولاد کی توقع ہے تو بیٹی ہوگی اور جسمانی لحاظ سے کمزور ہوگی بلکہ بہت حد تک ممکن ہے کہ آپریشن سے ہو۔ ایسی صورتحال سے بچنے کے لیے صدقہ و خیرات کریں۔ بچی ہونے کی صورت میں اگلے ایک سال تک اُس کا بہت خیال رکھنا ہوگا۔ ذرا سی بھی لاپرواہی پریشانی کا سبب بن سکتی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعد تاریخیں | 26-24-20-14 | لکی نمبر | 5-4 |
| نحس تاریخیں | 27-8-5-1 | صدقہ | کالے چنے، دال ماش |

## عدد..... 7:

اس ماہ میں آپ کی شخصیت میں اعتماد بڑھ جائے گا۔ اور ایک قسم کی انانیت پیدا ہو جائے گی۔ دوسروں کی باتوں کو سننے کی بجائے آپ اپنی بات کو سچ ثابت کرنا چاہیں گے۔ دوسروں کی رائے پر اپنی رائے کو فوقیت دیں گے۔ مزاج میں تلخی اور غصہ زیادہ رہے گا۔ جس کی وجہ سے جھگڑا ہو سکتا ہے۔ اور جھگڑے کی صورت میں سر پر چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ کاروباری معاملات میں تیزی آئے گی۔ اگر آپ نے احتیاط نہ کی تو جو لوگ آپ کے پاس آئیں گے وہ آپ کی جذباتی گفتگو کی وجہ سے آپ کی مخالفت پر اتر آئیں گے۔ اگر آپ گھر میں سب سے بڑے ہیں تو خاندان کے سب سے چھوٹے فرد سے محتاط رہیں۔ وہ آپ کے لیے مسائل پیدا کر سکتا ہے۔ سفر کرنے میں بھی خاص احتیاط کرنا ہوگی۔ اگر آپ موٹر سائیکل چلاتے ہیں تو پھر ہلمٹ ضرور پہن کر سفر کریں۔ رات کو سفر سے پرہیز کریں۔ اگر آپ خاندان میں سب سے چھوٹے ہیں تو کسی کے ذاتی معاملات میں دخل اندازی نہ کریں۔ جھگڑا ہو سکتا ہے۔ کسی کے ساتھ غلط بیانی سے کام نہ لیں۔ آپ کی طبع غلط ذرائع سے روپے کمانے کی طرف مائل ہوگی۔ ایسی صورت میں آنے والے وقت میں زیادہ مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اس لیے اپنی زبان پر قابو رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنے دماغ میں بھی غلط خیالات کو نہ آنے دیں۔

خواتین بھی اس ماہ میں مشتعل مزاجی سے پرہیز کریں۔ اگر آپ گھر میں سب سے چھوٹی ہیں اور شادی شدہ ہیں تو آپ کو خاص طور پر احتیاط کرنا ہوگی۔ شوہر کے ساتھ بالکل بھی بحث نہ کریں۔ غلطی ہونے کی صورت میں اُسے تسلیم کر لیں۔ آپ کا رجحان علم و روحانیت کی طرف بھی رہے گا۔ زیادہ تعداد میں درود

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

بابو نذیر احمد قادری، گوھر جنرل سٹور اینڈ بک سیلرز، بھمبر، آزاد کشمیر
طلسم صحت چاندی پر ۲۱۰۰ روپے، خصوصی لوح چاندی پر ۳۶۰۰

شریف پڑھیں۔ جب بھی موقع ملے پڑھتے رہیں۔ کان میں صفائی کرتے وقت خاص احتیاط کریں۔ پردے کو نقصان ہو سکتا ہے۔ گھر میں یا کسی تقریب میں گوشت کھانے سے پرہیز کریں۔ قبض نہ ہونے دیں۔ بواسیر ہو سکتی ہے۔ اگر گاڑی خود چلاتی ہیں تو تمام کاغذات مکمل رکھ کر باہر جائیں۔ اشارہ کاٹنے' توڑنے کی کوشش نہ کریں اور دوسری گاڑی کے قریب سے گزرتے وقت احتیاط کریں۔ حادثہ ہونے کے ساتھ ساتھ آپ کی گاڑی کا چالان بھی ہو سکتا ہے۔ اپنے چھوٹے بیٹے پر پوری نظر رکھیں۔ غلط لوگوں کی صحبت میں بیٹھ سکتا ہے اور غلط کاموں کی طرف جا سکتا ہے۔ خدانخواستہ' چوری کی طرف بھی اُس کا دھیان جا سکتا ہے۔ اس لیے اُس پر پوری نظر رکھیں۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 28-19-5-1 |
| نحس تاریخیں | 22-16-17-8 |

| | |
|---|---|
| لکی نمبر | 2-1 |
| صدقہ | کالی مرغی |

## عدد..... 8:

یہ ماہ آپ کے لیے غیر متوقع کامیابیاں لائے گا۔ آپ کے بہت سارے رُکے ہوئے کام ہو جائیں گے۔ لوگ آپ کی بات توجہ سے سُنیں گے۔ کاروبار کو بہتر بنانے کے لیے آپ جو بھی کوششیں کریں گے اُن کا نتیجہ بہتر نکلے گا۔ نئے لوگوں سے تعارف حاصل ہوگا۔ نئے دوست بنیں گے جو کہ مشکل وقت میں ساتھ دیں گے۔ گھر کا سب سے بڑا فرد آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اگر آپ خود خاندان میں بڑے ہیں تو اس ماہ سے ضرور فوائد اُٹھائیں گے۔ البتہ کسی بھی کام میں ہٹ دھرمی سے پرہیز کریں۔ اپنی بات کو حرف آخر ثابت کرنے کی کوشش نہ کریں۔ کوشش کریں کہ آپ کے برتاؤ سے کوئی یہ شکوہ نہ کرے کہ آپ ڈکٹیٹر ہیں اور اپنی بات منواتے ہیں۔ مستقل مزاجی سے جس بھی کام کو کریں گے۔ انشاء اللہ ہو جائے گا۔ آپ کے پاس روپیہ آئے گا۔ فنون لطیفہ کے لوگوں سے تعارف ہوگا۔ کوئی نیا کام کرنے کی آفر بھی آ سکتی ہے۔ دور دراز کا کوئی دوست آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اگر آپ کے روپے کہیں پھنسے ہوئے ہیں اور کوشش کے باوجود نہیں مل رہے تو اس ماہ میں واپس لینے کی ضرور کوشش کریں۔

خواتین کے لیے بھی یہ ماہ کافی بہتر ثابت ہوگا۔ گھریلو زندگی میں سکون رہے گا۔ البتہ سُسرال کی طرف سے کسی گھریلو معاملے پر دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ ایسی صورت میں پُرسکون انداز میں جواب دینا آپکی شخصیت کو مزید خوبصورت بنائے گا۔ آپ کی ضرور تعریف کی جائے گی۔ سیر و تفریح کے مواقع میسر آئیں گے۔ البتہ ازدواجی معاملات میں آپکو بہت زیادہ تدبر کی ضرورت پڑے گی۔ آپ کی ضد اور انا کی وجہ سے کوئی ایسی بات بھی ہو سکتی ہے جو آپ کے وہم و گمان میں بھی نہ ہو۔ آپ کو چاہیے کہ اپنے مزاج میں ضد کو پیدا نہ ہونے دیں۔ شوہر کی مانیں باقی سب آپ کی مانیں گے۔ خوشامدی دوستوں سے محتاط رہیں۔ بہت سارے لوگ اور ساتھی آپ کی جھوٹی تعریف کریں گے۔ اگر آپ موٹاپے کا شکار ہیں اور محتاط رہیں دل کا کوئی نہ کوئی مسئلہ ہو سکتا ہے۔ اگر اولاد متوقع ہے تو یہ بات ذہن میں رکھیں کہ بیٹی ہوگی لیکن اگر بیٹا ہوگا تو وہ آپریشن سے ہوگا اور خدانخواستہ اُس کی زندگی میں مسئلہ درپیش ہوگا۔ اللہ سے دعا کریں کہ بیٹی ہی ہو۔ صدقہ و خیرات ضرور دیں۔ آنکھوں کی تکلیف ہو سکتی ہے۔ اس لیے صبح اُٹھ کر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے ضرور مارا کریں۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 28-27-14-10 |
| نحس تاریخیں | 30-21-13-8 |

| | |
|---|---|
| لکی نمبر | 5-1 |
| صدقہ | گندم زردہ |

## عدد..... 9:

یہ ماہ آپ کے لیے جگہ کی تبدیلی کو ظاہر کر رہا ہے۔ اچانک فائدہ اور نقصان دیتا نظر آتا ہے۔ آپ یہ سمجھ لیں اِس ماہ میں اگر آپ کے پاس روپیہ ہو تو وہ رُکے گا نہیں بلکہ خرچ ہو جائے گا۔ نئی خاتون سے تعارف ہوگا مگر محتاط رہیں ایسی صورت میں آپ کے سٹیٹس میں کمی ہو جائے گی۔ بدنامی ہوگی۔ اس لیے تعلقات کو مضبوط کرنے کی کوشش نہ کریں۔ یہ بات یاد رکھیں کہ روپیہ اگر آئے گا تو اُس میں آپ کی کوئی زیادہ محنت شامل نہ ہوگی۔ بلکہ مقدر ساتھ دے گا۔ آپ کے مزاج میں اتار چڑھاؤ آئے گا۔ طبیعت میں بے چینی رہے گی۔ اگر آپ کسی تفریحی مقام پر جائیں تو کافی پُرسکون محسوس کریں گے۔ اگر آپ کو لاٹری وغیرہ کا شوق ہے تو قسمت آزما سکتے ہیں لیکن زیادہ پیسے نہ لگائیں۔ کوشش کریں کوئی پرائز بانڈ خرید کر رکھ لیں قسمت ساتھ دے سکتی ہے۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ نزلہ' زکام' کھانسی' جریان کی شکایت ہو سکتی ہے۔ قوت فیصلہ کی کمی کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔ ہلکی پھلکی ورزش ضرور کریں۔ زیادہ وزنی چیز نہ اُٹھائیں۔ رات کو جلدی سونے کی کوشش کریں۔ کسی بھی بات پر زیادہ دیر تک سوچتے رہنے سے اعصاب کمزور ہو سکتے ہیں اور فیصلہ پھر بھی آپ سے نہیں ہو پائے گا۔ اس لیے کم سوچیں۔ والدہ کا خاص خیال رکھیں۔ اُن کی صحت کو بھی مسئلہ پیش آ سکتا ہے۔

خواتین اپنے مزاج میں زیادہ اُتار چڑھاؤ محسوس کریں گی۔ طبیعت کسی ایک بات پر ٹکنے نہیں دے گی۔ بے چینی کا شکار رہیں گی۔ طبیعت سفر کی طرف زیادہ مائل ہوگی۔ غیر شادی شدہ خواتین کی زندگی میں نئے شخص کا اضافہ ہوگا۔ منگنی اور شادی کے لیے کئی کوششیں بار آور ثابت ہوں گی۔ البتہ کوشش کریں کہ صرف

معصوم نیوز ایجنسی' شیشن روڈ چوک' جھنگ صدر۔

لوح تحفظ (لاکٹ) تانبہ پر ۷۰۰ روپے چاندی پر ۱۱۰۰ روپے

منگنی ہی ہو کیونکہ اگر شادی ہو جاتی ہے تو وہ ازدواجی سکھ جس کی تمنا کی جاتی ہے۔ اُس سے محروم رہیں گی۔ عموماً گھر میں جھگڑے رہیں گے اور سُسرال کا رویہ بھی کوئی زیادہ دوستانہ نہیں ہوگا۔ زیادہ تر رشتہ باہر کے ملک سے آنے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ بیرون ملک سے رشتہ نہ بھی آئے تب بھی جو رشتہ آئے گا اُس کا تعلق دوسرے شہر سے ہوگا۔ مجموعی طور پر صحت کا خیال رکھیں۔ ریشہ، نزلہ، زکام اور دوسری خواتین کی بیماریاں مسائل پیدا کر سکتی ہیں۔ شادی شدہ خواتین اپنی دوسری بیٹی کی صحت کا زیادہ خیال رکھیں۔ بیمار ہو سکتی ہے۔ اولاد متوقع ہے تو بیٹی پیدا ہوگی۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 12-3<br>30-26 |
| نحس تاریخیں | 15-5<br>29-20 |
| لکی نمبر | 8-7 |
| صدقہ | امرود |

☆☆☆☆☆

# دستِ غیب

از: عامل و حکیم قیوم رضا، ڈیرہ اسماعیل خان۔

دست غیب بھی کیمیا کا ایک جز ہے۔ کیمیا اُسے کہتے ہیں کہ تانبے سے سونا بن جائے۔ اس کا کوئی ناپ اور وزن مقرر نہیں۔ من بھر تانبہ بھی سونا بن سکتا ہے۔ اور ایک دو تولہ بھی۔

دست غیب اُسے کہتے ہیں کہ انسان کو اپنی ضرورت کے مطابق غیب سے اس قدر ملتا رہے کہ وہ اپنے جائز اخراجات پورے کرتا رہے۔ میرا اس میں کیا فائدہ ہے کہ میں خواہ مخواہ آپ سے محنت کرواؤں مجھے بزرگوں سے اور اپنی تحقیق سے جو پہنچا ہے میں کر دیتا ہوں۔ آگے اللہ کی مرضی اور آپ کی صحیح محنت۔ بس اتنا وثوق سے کہوں گا کہ اگر آپ نے اس عمل کو باقاعدہ محنت سے کر لیا تو زندگی پھر کسی کے محتاج نہیں رہیں گے۔ قدرت کی طرف سے سب انتظام ہوتا رہے گا۔

**پرہیز:**

جھوٹ قطعی نہ بولیں۔ کوئی فحش کلمہ منہ سے نہ نکلے۔ سوائے ضرورت کی باتوں کے دیگر باتیں نہ کریں اور بے ضرورت لوگوں سے نہ ملیں۔ گویا سات دن تنہائی اور گوشہ نشینی میں بسر کریں۔ ملنا جلنا، باتیں کرنا بلکہ ہر کام ضرورت سے زیادہ نہ کریں۔ زیادہ سے زیادہ وقت عمل میں صرف کریں۔

گوشت، کچی پیاز، کچا لہسن، مولی قطعی نہ کھائیں۔ کچے کا پرہیز ہے۔ پکے ہوئے کا پرہیز نہیں۔ لیکن اول پرہیز یہ بھی ہے کہ پکا ہوا بھی نہ کھائیں۔ گوشت سے قطعی پرہیز ہے۔ جمعرات کو روزہ رکھیں۔

**طریقہ عمل:**

یہ عمل سات دن کا ہے۔ مہینہ کوئی ہو جمعرات کے دن روزہ رکھیں۔ یہ سارا عمل روزانہ ختم کرنا ہے۔ ایک نشست میں ختم کرنے کے قید نہیں۔ وقفہ وقفہ سے بھی ختم کر سکتے ہیں۔ مگر روزانہ ختم کرنا ہے۔ روزہ پہلے دن یعنی جمعرات کو ہی رکھنا ہے۔ اور بعد نماز عشاء عمل شروع کریں۔ یعنی اس عمل کا دن رات عشاء سے دوسری عشاء تک ہے۔ اس چوبیس گھنٹہ میں عمل ختم کرنا ہے۔ خواہ ایک نشست میں ختم کریں یا تھوڑا تھوڑا کر کے ختم کریں۔ یہ آیت پاک روزانہ ہزار مرتبہ پڑھنا ہے۔

**وَعِنْدَه، مَفَاتِحُ الْغَيْبِ سے کتب" ابلیس تک۔**

یہ آیت پاک قرآن پاک کے ساتویں پارہ، بارھواں رکوع، چھٹی سورہ انعام میں ہے۔ قرآن پاک میں دیکھ کر صحیح کر کے پڑھنا ہے۔ پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پھر ایک ہزار مرتبہ یہ آیت مقدسہ۔ پھر ایک ہزار مرتبہ **یَا حَیُّ** پھر ایک سو پچاس مرتبہ **یَا قَیُّوم** ۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف یہ عمل دن رات کے 24 گھنٹوں میں ختم کرنا ہے۔ تمام عمل مغرب تک ختم کریں۔ اور بعد عشاء سے دوبارہ شروع کر دیا کریں۔ روزانہ سات دن تک یعنی جمعرات سے شروع کر کے بدھ کے دن ختم کر دیں۔

اب جو اللہ غیب سے مقرر فرما دے یا کوئی صورت پیدا فرما دے۔ آپ رزق خرچ کے واسطے کبھی پریشان نہ ہوں گے۔ قرض دور ہوگا۔ اور جو مقصد ہوگا اللہ تعالیٰ پورا کریں گے۔ یہ عمل زندگی بھر کام دے گا۔ باقی جو اس کا حکم ہے۔ مختار ہے۔ قبول کرنا یا نہ کرنا اس کے اختیار میں ہے۔ مگر وہ کسی کی محنت برباد نہیں کرنا۔ وہ سب سے اچھی اور بہتر مزدوری دینے والا ہے۔

☆☆☆☆☆

ہندی نجوم
قیمت 110 روپے
زمیندار نیوز ایجنسی، ساہیوال
لوح مریخ تانبہ پر ۷۰۰ روپے

تحقیق خالد اسحاق راٹھور

# کونسا کام کب کریں

## خوش قسمت اوقات / مہورت

### حصول کامیابی کا قدیم ترین اور حتمی طریقہ

ایک خاص اور قدیم طریقہ کار کے مطابق مختلف کام کرنے کے سعد اوقات کو استخراج کیا گیا ہے۔ آپ جو بھی کام شروع کرنا چاہتے ہیں ذیل کے جدول میں دی گئی تاریخ اور وقت پر کریں۔ انشاء اللہ بہتر نتائج حاصل ہوں گے اور متعلقہ کام میں آپ کو کامیابی نصیب ہو گی۔ آپ ان سعد اوقات کو اپنے دوستوں، ملنے والوں اور حلقہ اثر میں آنے والے لوگوں کو بتا کر ان کی راہنمائی بھی کر سکتے ہیں۔ ذیل میں 60 کے قریب معاملات کے لیے سعد اوقات کار کا استخراج کر دیا گیا ہے۔ بعض لوگ صرف منازل قمر کے حوالے سے بھی احکام اخذ کرتے ہیں جو ایک سادہ اور ابتدائی علم کا مظہر طریقہ ہے۔ جبکہ ذیل کے احکام نجومی حساب کی تمام باریکیوں کو سامنے رکھ کر تحریر کیے گئے ہیں۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ مئی

| تاریخ ابتداء | وقت ابتداء | تا | تاریخ اختتام | وقت اختتام |
|---|---|---|---|---|
| **شادی، منگنی اور نکاح کا وقت** | | | | |
| 1-5-2004 | 00-19 | تا | 1-5-2004 | 11-43 |
| 13-5-2004 | 15-06 | تا | 13-5-2004 | 21-03 |
| 18-5-2004 | 19-34 | تا | 19-5-2004 | 08-29 |
| 28-5-2005 | 08-59 | تا | 28-5-2004 | 20-43 |
| **شراکت، مشترکہ کاروبار کی ابتداء** | | | | |
| 20-5-2004 | 03-57 | تا | 20-5-2004 | 23-30 |

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ انتہا | وقت انتہا |
|---|---|---|---|---|
| 26-5-2004 | 08-21 | تا | 26-5-2004 | 14-32 |
| 27-5-2004 | 02-53 | تا | 27-5-2004 | 08-58 |
| **ملازم رکھیں (مرد)** | | | | |
| 3-5-2004 | 13-12 | تا | 3-5-2004 | 18-31 |
| 17-5-2004 | 17-56 | تا | 19-5-2004 | 02-01 |
| 26-5-2004 | 14-32 | تا | 27-5-2004 | 08-58 |
| 27-5-2004 | 21-02 | تا | 28-5-2004 | 08-59 |
| 30-5-2004 | 23-28 | تا | 31-5-2004 | 04-58 |
| **ملازم رکھیں (عورت)** | | | | |
| 14-5-2004 | 15-07 | تا | 14-5-2004 | 21-12 |
| **آپریشن اور جراحی وغیرہ** | | | | |
| 8-5-2004 | 02-19 | تا | 8-5-2004 | 07-31 |
| 15-5-2004 | 21-49 | تا | 16-5-2004 | 04-00 |
| 16-5-2004 | 10-17 | تا | 16-5-2004 | 16-35 |
| **کوئی بھی کام شروع کریں** | | | | |
| 12-5-2004 | 09-51 | تا | 12-5-2004 | 15-39 |
| 20-5-2004 | 03-57 | تا | 20-5-2004 | 16-59 |
| **کپڑے کاٹنے کے لیے** | | | | |
| 27-5-2004 | 08-58 | تا | 27-5-2004 | 15-01 |
| **زمینوں کی آبادکاری اور کاشت** | | | | |
| 27-5-2004 | 08-58 | تا | 27-5-2004 | 15-01 |
| 28-5-2004 | 03-05 | تا | 28-5-2004 | 08-59 |
| **نہریں و کنویں کھودنے، صفائی و مرمت** | | | | |
| 16-5-2004 | 04-00 | تا | 16-5-2004 | 10-17 |

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ انتہا | وقت انتہا |
|---|---|---|---|---|
| **بدلہ لینے کے لیے** | | | | |
| 11-5-2004 | 05-28 | تا | 11-5-2004 | 11-07 |
| 16-5-2004 | 22-53 | تا | 17-5-2004 | 05-11 |
| 23-5-2004 | 23-05 | تا | 24-5-2004 | 05-34 |
| **پیغام رساں بھیجنے کے لیے** | | | | |
| 10-5-2004 | 18-26 | تا | 10-5-2004 | 23-57 |
| 11-5-2004 | 05-28 | تا | 11-5-2004 | 11-07 |
| **بچوں کی تعلیم شروع کرنے کے لیے** | | | | |
| 18-5-2004 | 19-34 | تا | 19-5-2004 | 08-29 |
| 19-5-2004 | 14-58 | تا | 19-5-2004 | 21-28 |
| **تجارت/نیا کاروبار/نیا سودا** | | | | |
| 1-5-2004 | 17-21 | تا | 1-5-2004 | 22-59 |
| 3-5-2004 | 23-51 | تا | 4-5-2004 | 10-23 |
| 13-5-2004 | 03-15 | تا | 13-5-2004 | 09-09 |
| 16-5-2004 | 22-53 | تا | 17-5-2004 | 17-56 |
| 20-5-2004 | 23-30 | تا | 21-5-2004 | 06-01 |
| 21-5-2004 | 19-04 | تا | 22-5-2004 | 01-35 |
| 27-5-2004 | 08-58 | تا | 27-5-2004 | 15-01 |
| 27-5-2004 | 21-02 | تا | 28-5-2004 | 14-51 |
| 29-5-2004 | 02-34 | تا | 29-5-2004 | 08-19 |
| 31-5-2004 | 03-15 | تا | 13-5-2004 | 09-09 |
| **تعمیر عمارت و مکان وغیرہ** | | | | |
| 3-5-2004 | 18-31 | تا | 4-5-2004 | 05-10 |
| 5-5-2004 | 07-14 | تا | 5-5-2004 | 12-23 |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

بلال شاہین بک ڈپو بلال چوک جمیل شاپنگ سنٹر پرانا سینما روڈ رحیم یار خان۔
لوح مریخ تانبہ پر ۷۰۰ روپے

| تاریخ ابتداء | وقت ابتداء | تا | تاریخ انتہا | وقت انتہا |
|---|---|---|---|---|
| 7-5-2004 | 05-34 | تا | 7-5-2004 | 21-07 |
| 11-5-2004 | 05-28 | تا | 11-5-2004 | 11-07 |
| 18-5-2004 | 00-19 | تا | 18-5-2004 | 06-42 |
| 18-5-2004 | 13-08 | تا | 18-5-2004 | 19-34 |
| 24-5-2004 | 11-58 | تا | 24-5-2004 | 18-23 |
| 27-5-2004 | 08-58 | تا | 27-5-2004 | 15-01 |
| 31-5-2004 | 04-58 | تا | 31-5-2004 | 15-38 |

### مقدمہ بازی / کیس / اپیل / داخل کروانا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 19-5-2004 | 02-01 | تا | 19-5-2004 | 08-29 |

### مقابلہ/جنگ/لڑائی/ برتری حاصل کرنا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 19-5-2004 | 21-28 | تا | 20-5-2004 | 02-57 |
| 20-5-2004 | 16-59 | تا | 20-5-2004 | 23-30 |

### جانوروں کی خرید وفروخت

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 17-5-2004 | 05-11 | تا | 17-5-2004 | 17-56 |

### پودے /فصل لگائیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4-5-2004 | 20-50 | تا | 5-5-2004 | 07-14 |
| 17-5-2004 | 17-56 | تا | 18-5-2004 | 00-19 |
| 18-5-2004 | 13-08 | تا | 18-5-2004 | 19-34 |
| 26-5-2004 | 08-21 | تا | 26-5-2004 | 20-43 |

### شکار کریں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 16-5-2004 | 16-35 | تا | 16-5-2004 | 22-53 |
| 17-5-2004 | 11-13 | تا | 17-5-2004 | 17-56 |

### سواری سیکھنے /شروع کرنے /جانور سدھانے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 14-5-2004 | 15-07 | تا | 15-5-2004 | 06-26 |
| 15-5-2004 | 15-38 | تا | 15-5-2004 | 19-45 |

### دوا لینے / علاج کروانے (خصوصاً لمبے امراض)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1-5-2004 | 11-43 | تا | 1-5-2004 | 17-21 |
| 8-5-2004 | 23-17 | تا | 9-5-2004 | 04-32 |
| 9-5-2004 | 15-16 | تا | 9-5-2004 | 20-38 |
| 13-5-2004 | 15-06 | تا | 13-5-2004 | 21-03 |

| تاریخ ابتداء | وقت ابتداء | تا | تاریخ انتہا | وقت انتہا |
|---|---|---|---|---|
| 15-5-2004 | 09-26 | تا | 15-5-2004 | 15-38 |
| 22-5-2004 | 14-37 | تا | 22-5-2004 | 21-08 |
| 28-5-2004 | 20-43 | تا | 29-5-2004 | 02-34 |

### نئے زیورات یا پہلی دفعہ ان کا استعمال

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 17-5-2004 | 17-56 | تا | 18-5-2004 | 06-42 |
| 18-5-2004 | 13-08 | تا | 18-5-2004 | 19-34 |
| 21-5-2004 | 12-32 | تا | 21-5-2004 | 19-04 |
| 22-5-2004 | 01-35 | تا | 27-5-2004 | 14-37 |

### سفر کریں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 8-5-2004 | 02-19 | تا | 8-5-2004 | 07-31 |
| 9-5-2004 | 09-54 | تا | 9-5-2004 | 20-38 |
| 18-5-2004 | 00-19 | تا | 18-5-2004 | 06-42 |
| 18-5-2004 | 19-34 | تا | 19-5-2004 | 02-01 |
| 26-5-2004 | 08-21 | تا | 26-5-2004 | 14-32 |
| 27-5-2004 | 02-53 | تا | 27-5-2004 | 08-58 |

### سفر (پانی سے)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 19-5-2004 | 21-58 | تا | 20-5-2004 | 16-59 |
| 20-5-2004 | 23-30 | تا | 21-5-2004 | 19-04 |

### نیا لباس پہلی دفعہ استعمال کریں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 3-5-2004 | 02-29 | تا | 3-5-2004 | 13-12 |
| 3-5-2004 | 18-31 | تا | 3-5-2004 | 23-51 |
| 4-5-2004 | 05-10 | تا | 4-5-2004 | 15-37 |
| 8-5-2004 | 02-19 | تا | 8-5-2004 | 07-31 |
| 8-5-2004 | 18-02 | تا | 8-5-2004 | 23-17 |
| 17-5-2004 | 17-56 | تا | 18-5-2004 | 19-34 |
| 21-5-2004 | 06-01 | تا | 22-5-2004 | 08-06 |
| 23-5-2004 | 03-40 | تا | 23-5-2004 | 10-08 |
| 23-5-2004 | 23-05 | تا | 24-5-2004 | 05-34 |
| 26-5-2004 | 14-32 | تا | 27-5-2004 | 08-58 |
| 30-5-2004 | 12-28 | تا | 30-5-2004 | 23-28 |
| 31-5-2004 | 04-58 | تا | 31-5-2004 | 10-18 |

| تاریخ ابتداء | وقت ابتداء | تا | تاریخ انتہا | وقت انتہا |
|---|---|---|---|---|
| 31-5-2004 | 15-38 | تا | 31-5-2004 | 02-17 |

### بال کاٹنے رنگنے Setting

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 15-5-2004 | 05-34 | تا | 24-5-2004 | 21-49 |

### آنکھوں وغیرہ کا میک اپ اور علاج

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 24-5-2004 | 05-28 | تا | 24-5-2004 | 11-58 |

### ملازمت کی تلاش / اپلائی کرنے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2-5-2004 | 10-05 | تا | 2-5-2004 | 15-33 |
| 3-5-2004 | 13-12 | تا | 3-5-2004 | 18-31 |
| 4-5-2004 | 05-10 | تا | 4-5-2004 | 10-23 |
| 8-5-2004 | 18-02 | تا | 8-5-2004 | 23-17 |
| 15-5-2004 | 21-49 | تا | 16-5-2004 | 04-00 |
| 16-5-2004 | 22-53 | تا | 17-5-2004 | 17-11 |
| 17-5-2004 | 11-33 | تا | 17-5-2004 | 17-56 |
| 29-5-2004 | 19-41 | تا | 30-5-2004 | 01-22 |
| 30-5-2004 | 23-58 | تا | 31-5-2004 | 04-58 |
| 31-5-2004 | 15-38 | تا | 31-5-2004 | 20-58 |

### میوزک / آرٹ کی ابتداء / تربیت شروع

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 18-5-2004 | 06-42 | تا | 18-5-2004 | 13-08 |

### دوسری شادی کرنے / رشتہ لینے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 7-5-2004 | 21-07 | تا | 8-5-2004 | 07-31 |
| 12-5-2004 | 09-51 | تا | 12-5-2004 | 15-39 |
| 16-5-2004 | 04-00 | تا | 16-5-2004 | 10-17 |

### امور زچگی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 9-5-2004 | 20-38 | تا | 10-5-2004 | 02-01 |
| 8-5-2004 | 02-19 | تا | 8-5-2004 | 12-47 |
| 12-5-2004 | 09-51 | تا | 12-5-2004 | 15-39 |
| 15-5-2004 | 21-49 | تا | 16-5-2004 | 04-00 |
| 20-5-2004 | 10-28 | تا | 20-5-2004 | 16-59 |
| 23-5-2004 | 26-05 | تا | 24-5-2004 | 11-58 |
| 26-5-2004 | 02-07 | تا | 26-5-2004 | 14-32 |
| 27-5-2004 | 08-58 | تا | 27-5-2004 | 15-01 |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# نظراتِ کواکب کے اثرات و احکام

حافظ ایم فرخ لاہور

## مئی — احکام نظرات.........ماہ مئی 2004

| تاریخ | وقت | کواکب | نظر | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 1.09 | دہ | س | کاروباری معاملات میں ایک قسم کا سکون رہے گا۔ اور بہت سے اہم کاروباری امور آسانی سے حل ہوں گے۔ |
| 1 | 7.37 | رہ | ع | ضرورت سے زیادہ لاپرواہی کا مظاہرہ معاشرے میں عزت اور مقام کے لیے پریشانی لا سکتا ہے۔ |
| 1 | 8.42 | رٹو | ع | گھریلو حالات اور ماحول کچھ انقلابی انداز اپنانے کے تقاضے کر رہے ہیں۔ سوذرا دھیان سے وقت گزاریں۔ |
| 1 | 16.26 | رخ | ع | جوش اور ولولے سے کام کرنا ٹھیک ہے مگر جب جوش ہوش کھو بیٹھتا ہے تو معاملات بگڑ جاتے ہیں۔ |
| 2 | 1.31 | ی ل | س | جائیداد کے امور با آسانی حل ہوں گے۔ کچھ اخراجات تو ضرور ہوں گے مگر معاملات مستقل طور پر حل ہو سکتے ہیں۔ |
| 2 | 11.15 | ہٹو | لہ | محبت اور عشقیہ معاملات میں انقلابی انداز اپنانا صرف اور صرف معاملے کی خرابی کا باعث ہو سکتا ہے اور کچھ نہیں۔ |
| 2 | 14.25 | رل | ع | یہ وقت صبر اور تحمل سے معاملات کو دیکھنے کا ہے نہ کہ جذباتی ہو کر معاملات کو حل کرنے کا ہے۔ |
| 3 | 1.15 | رن | ث | حلقہ احباب میں اچانک اضافہ ہو سکتا ہے۔ جو کہ کچھ خوشگوار قسم کے اثرات لے کر آئے گا۔ |
| 3 | 11.23 | رد | لہ | فریق مخالف اپنی پوری ذہنی تیاریوں کے ساتھ آیا ہے۔ لہذا اپنے ذہن کو بیدار رکھ کر معاملات حل کریں۔ |
| 3 | 12.05 | رٹو | س | قریبی شہر سے کسی قسم کا فائدہ ہو سکتا ہے۔ بعض رشتہ دار بھی اچانک مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ |
| 3 | 13.00 | رہ | ث | بیرون ممالک سے متعلقہ معاملات با آسانی حل ہوں گے۔ سسرالی رشتہ دار فائدے کا باعث ہوں گے۔ |
| 3 | 21.47 | رخ | ث | پرانے قانونی مسائل و معاملات میں اچانک تیزی آئے گی اور وہ مثبت انداز میں حل ہوں گے۔ |
| 4 | 11.47 | رس | ث | آسان ذرائع سے آمدنی کا بندوبست ہو سکتا ہے۔ سو ایسے موقع کو ضائع نہ جانے دیں۔ |
| 4 | 16.08 | ری | س | روپے پیسے اور قانونی معاملات میں کسی طرح کی پیچیدگی ہو وہ اس وقت میں حل ہونے کی اُمید ہے۔ |
| 4 | 16.33 | رل | ث | ایسے دوست احباب جو بیرون ملک ہوں وہ فائدہ مند ثابت ہو سکتے ہیں۔ |
| 4 | 22.43 | دٹو | ث | صحت کے معاملات میں اچانک ایسی تبدیلی جو کہ کسی پرانے مرض کے خاتمے کا باعث بھی ہو سکتی ہے۔ |
| 5 | 1.32 | س ر | لہ | طاقت کے آگے سر جُھکانا ہی مناسب ہوتا ہے۔ اس لیے وقت کی نزاکت کو پہچانتے ہوئے کام کریں۔ |
| 5 | 2.35 | رن | ع | جائیداد کے اُمور میں اچانک کسی قسم کا تناؤ یا کوئی مسئلہ سامنے آ سکتا ہے۔ |
| 5 | 17.48 | س ن | ع | صاحب اقتدار لوگوں سے محتاط رہیں اور خاص طور پر خاندان کے بڑوں سے ذرا محتاط وقت گزاریں۔ |
| 6 | 12.12 | رس | ع | خاندان کے لوگ نئے انداز اور نئے زمانے کے تقاضے طلب کر رہے ہیں۔ دینے میں ہچکچاہٹ نہ کریں۔ |
| 6 | 16.23 | ری | ع | کاروباری معاملات اور سوشل پوزیشن جیسے معاملات میں ضرورت سے زیادہ لاپرواہی کا مظاہرہ باعث نقصان ہوگا۔ |
| 7 | 2.43 | رن | س | قریبی شہر کے سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے اور وہ فوائد لے کر آئے گا۔ مثبت وقت ہے۔ |
| 7 | 13.01 | رٹو | ن | ضرورت سے زیادہ انقلابی قسم کی طبیعت معاملات کو بگاڑ سکتی ہے۔ اس لیے انقلاب کو ذرا سنبھال کر استعمال کریں۔ |
| 7 | 14.56 | رد | ث | بچوں کے معاملات میں تبدیلی لے کر آئیں۔ اس سے بچے بھی خوش ہو جائیں گے۔ |
| 7 | 16.51 | رہ | لہ | ذہن عیاشی' فضول خرچی اور لاپرواہی کے مظاہرے پر آمادہ ہے مگر یہ سب اس وقت کرنا فائدہ نہ دے گا۔ |

حسان کتاب گھر' بیرون بوہر گیٹ' ملتان

لوح شمس سونے پر ۸۰۰۰ روپے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 8 | 2.51 | رخ | لہ | لین دین کے معاملات میں جذبات پر قابو رکھیں اور دماغ کو ٹھنڈا رکھیں وگرنہ مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ |
| 8 | 12.38 | رلس | س | تحریر و تقاریر کے انداز میں ایک نیا پن جھلکے گا اور اس سے بہت سے رُکے ہوئے کام پورے ہوں گے۔ |
| 8 | 16.50 | ری | ش | دولت اور قانونی معاملات میں ایک آسانی رہے گی اور معاملات مقصدیت کی طرف جائیں گے۔ |
| 8 | 17.51 | رل | لہ | وقت آپ کے ساتھ نہیں ہے۔ سو آپ کو وقت کی چال کے حساب سے رُکنا اور چلنا پڑے گا۔ |
| 9 | 9.13 | س ر | ش | حلقہ احباب میں ذی وقار لوگ آئیں گے اور بچوں کی طرف سے بھی اچھی خبر ہی ملے گی۔ |
| 9 | 18.06 | رو | ع | تحریر و دستاویزات کے معاملے میں جلد بازی نہ کریں وگرنہ نقصان پہنچ سکتا ہے۔ |
| 11 | 4.26 | رہ | س | انداز گفتگو میں لوچ اور ایک روانی رہے گی جو کہ مقبولیت کا باعث ہو سکتی ہے۔ |
| 11 | 6.09 | رن | ن | دماغ پُر فریبی پر آمادہ ہے اور یہ چیز اگر قابو میں نہ رہی تو اپنے لیے ہی نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ |
| 11 | 16.08 | س ر | ع | خاندان کے بڑے اپنے زور پر ہیں اور ان کی ماننے میں ہی بھلائی ہے وگرنہ..... |
| 11 | 17.10 | رٹو | س | خواہشات انقلابی رنگ و روپ لیے ہوئے ہیں اور ایسی خواہشات پوری بھی ہو سکتی ہیں۔ |
| 11 | 23.43 | رہ | ش | سیر و تفریح کرنے کا بہترین وقت ہے۔ اور ایسے معاملات جو ذہنی سکون دیتے ہوں ان کی طرف دھیان دیں۔ |
| 12 | 0.31 | رو | س | کاروباری سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے اور یہ سفر وسیلہ ظفر بن سکتا ہے۔ کوئی فائدے کی خبر بھی مل سکتی ہے۔ |
| 12 | 13.36 | رخ | ش | اچانک کسی بڑے آسان ذریعے سے روپے پیسے مل سکتے ہیں۔ جو باعث خوشی ہو سکتے ہیں۔ |
| 12 | 19.31 | رلس | ن | ضرورت سے زیادہ متقلب مزاجی تبدیلی تو دے سکتی ہے مگر کوئی خاص کامیابی نہیں دلا سکتی۔ |
| 13 | 0.06 | ری | لہ | شریک کار پر ضرورت سے زیادہ انحصار معاملات میں کچھ ایسی تبدیلی لا سکتا ہے جو کہ پسند کے مطابق نہ ہوں گے |
| 13 | 1.54 | رل | ش | بچے کچھ خرچہ کروانے کے موڈ میں ہیں مگر بچوں کو خوشی دے کر ان کو قریب لایا جا سکتا ہے۔ |
| 13 | 23.20 | رٹو | ع | اس وقت کو لگے بندھے اصول و قواعد پر رہتے ہوئے گزاریں۔ نیا کچھ کرنے کی کوشش نہ کریں۔ |
| 14 | 2.45 | س ر | س | دوستوں کی مدد سے بہت سے معاملات حل ہو سکتے ہیں اور فائدے ہو سکتے ہیں۔ |
| 14 | 7.17 | رہ | ع | گھر والے کسی نہ کسی معاملے میں توجہ چاہیں گے اور محبت کے طلب گار ہوں گے۔ ذرا سنبھل کے۔ |
| 15 | 23.57 | رخ | ع | جائیداد کے معاملات میں ضرورت سے زیادہ جوش و خروش کا مظاہرہ باعث نقصان ہو سکتا ہے۔ |
| 15 | 10.33 | رل | ع | جلد بازی کسی بھی معاملے میں صرف نقصان ہی پہنچا سکتی ہے اور کچھ بھی نہیں۔ |
| 16 | 20.28 | رن | س | کاروبار میں اچانک فائدہ ہو سکتا ہے اور کوئی بروقت اچھا کام بھی ہو سکتا ہے۔ |
| 16 | 8.29 | رٹو | ش | بیرون ممالک سے متعلقہ معاملات میں اچانک چیزیں حق میں جا سکتی ہیں۔ |
| 16 | 17.18 | رہ | س | تفریح اور عشقیہ معاملات میں اچانک فوائد ہو سکتے ہیں اور معاملات پُر سکون رہیں گے۔ |
| 17 | 2.11 | رو | ن | تحریر و تقاریر میں ایک روانی رہے گی اور محفل کی جان بھی بن سکتے ہیں۔ اچھا وقت ہے۔ |
| 17 | 13.28 | رخ | س | اچانک سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے اور یہ سفر اچانک اور پُر جوش فائدہ دے سکتا ہے۔ |
| 17 | 13.55 | رلس | س | خواہشات نیا رنگ اور نیا روپ لے کر آپ کے سامنے آئیں گی اور فائدہ دیں گی۔ |
| 17 | 19.03 | ری | ش | روپے پیسے کے معاملات میں بہت پُر سکونی رہے گی اور معاملات آسانی سے حل ہوں گے۔ |
| 17 | 21.42 | رل | س | قریبی رشتہ دار سے متعلقہ معاملات جو بہت دیر سے چل رہے ہیں وہ حل ہو سکتے ہیں۔ |
| 17 | 22.27 | خ لس | ش | ساتھ چلنے والے لوگ بہت سے معاملات اور خواہشات پوری کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ |
| 18 | 7.29 | رن | ع | کاروباری معاملات میں اچانک ایسے حالات اور واقعات سامنے آئیں گے جو کہ کچھ تنگ کر سکتے ہیں۔ |
| 19 | 9.53 | س ر | ن | دل و دماغ کی قوتوں کے ساتھ معاملات زندگی کو حل کریں اور وقت کی مناسبت کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ |
| 20 | 2.07 | رلس | ع | کاروباری فریق نت نئے انداز اور داؤ پیچ آزما رہے ہیں اس کا مقابلہ کرنے کی تیاری کریں۔ |
| 20 | 7.29 | ری | ع | گھریلو معاملات میں ضرورت سے زیادہ خوش فہمی کا شکار معاملات کو ایسا رنگ دے سکتی ہے جو کہ ناپسند ہو۔ |
| 20 | 19.55 | رن | ش | بیرون ملک سے متعلقہ معاملات میں اچانک تبدیلی جو کہ خوشگوار ثابت ہو سکتی ہے۔ |

free copy
khalidrathore.com
Lughat Document Processing Solutions


لوح زہرہ تانبہ پر ۷۰۰ روپے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 21 | 8.13 | رٹو | لہ | فریق مخالف کچھ انقلابی انداز اپنائے ہوئے ہیں۔ سو پرانے انداز پر قائم رہنے سے نقصان ہوسکتا ہے۔ |
| 21 | 17.12 | رہ | ن | ضرورت سے زیادہ لاپرواہ انداز اپنانے سے معاملات ہاتھ سے نکل سکتے ہیں۔ |
| 22 | 3.39 | دلس | س | کاروباری اخراجات بڑھ سکتے ہیں۔ سوشل پوزیشن کو برقرار رکھنے کے لیے بھی اخراجات ہوسکتے ہیں۔ |
| 22 | 8.05 | خ ی | س | روپے پیسے سے متعلقہ معاملات چٹکیوں میں حل ہوسکتے ہیں۔ |
| 22 | 15.03 | رلس | ث | بیرون ممالک سے متعلقہ معاملات بڑی آسانی سے حل ہوں گے۔ |
| 22 | 16.27 | رد | س | دوستوں کے ساتھ تفریحی سفر پر جاسکتے ہیں اور یہ سفر فوائد لے کر آئے گا۔ |
| 22 | 20.35 | ری | س | کوئی ایسی خبر سُننے کو مل سکتی ہے جو کہ آپ کے لیے خوشی کا باعث بن سکتی ہے۔ |
| 22 | 21.14 | رخ | ن | جوش وجذبے سے بھرا وقت ہے اور اس وقت کو رُکے ہوئے معاملات چلانے کے لیے استعمال کریں۔ |
| 22 | 23.57 | رل | ن | جس کام کو کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اس کو آخری دم تک پورا کرنے کی کوشش کریں۔ |
| 24 | 5.47 | دی | ث | دستاویزات کو تحریر کرنے میں آسانی رہے گی۔ اور روپے پیسے کے معاملات بڑی آسانی سے حل ہوں گے۔ |
| 24 | 21.45 | س ر | س | خواہشات کو پورا کرنے کے لیے انداز میں ایک باوقار قسم کا برتاؤ لے کر آئیں تو ضرور پوری ہوں گی۔ |
| 25 | 10.39 | خ ل | ن | ذرا محتاط رہیں۔ کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ ہے۔ یہ نقصان گھریلو ملازمین سے پہنچ سکتا ہے۔ |
| 25 | 12.24 | رد | ع | کاروبار کے دوران ایجنٹ حضرات اور ڈیلرز وغیرہ سے معاملات طے کرتے وقت دھیان رکھیں۔ |
| 25 | 13.33 | دل | س | طویل المدت معاملات کو طے کرنے کے لیے بہترین وقت ہے۔ اس وقت کو پوری طرح استعمال کریں۔ |
| 25 | 15.24 | دخ | س | خواہشات کی تکمیل کا انحصار ذاتی کوششوں اور خواہشات پر ہے۔ فیصلہ جلدی کریں زیادہ دیر نہ لگائیں۔ |
| 25 | 20.31 | رن | لہ | کاروباری معاملات اور روزمرہ معمولات کے دوران احتیاط کریں اچانک ناخوشگوار تبدیلی کا امکان ہے۔ |
| 26 | 8.06 | رٹو | ث | دوست احباب کے حلقے میں تبدیلی آسکتی ہے اور حلقہ بڑھ بھی سکتا ہے۔ کچھ تفریحی ماحول رہے گا۔ |
| 26 | 14.37 | رہ | س | خواہشات ایسے پوری ہوسکتی ہیں جیسے کہ بہت سکون اور آرام سے کوئی کام ہو جاتا ہے۔ |
| 27 | 12.51 | س ر | ع | صاحب اقتدار لوگ معاملات کی تکمیل میں رکاوٹ ڈال سکتے ہیں محتاط رہیں۔ |
| 27 | 13.13 | رلس | لہ | ذہنی طور پر کشمکش کا شکار رہیں گے اور اس کشمکش کی وجہ سے فریق مخالف سے بگڑ سکتی ہے۔ |
| 27 | 19.05 | ری | ن | یہ وقت مثبت ہے۔ اس وقت معاملات کھل جائیں گے اور راہیں ہموارہ ہوتی جائیں گی۔ |
| 27 | 21.43 | س لس | ع | کاروباری اداروں سے لین دین کے معاملات میں اچانک تبدیلی آسکتی ہے جو کہ موافق نہ ہوگی۔ |
| 27 | 22.44 | رل | س | پرانی دیرینہ خواہشات پورا ہونے اور ان کے لیے کوشش کرنے کا وقت ہے۔ |
| 28 | 1.17 | رخ | س | رشتہ دار اور بہن بھائی خواہشات کی تکمیل میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ |
| 28 | 5.37 | رد | ث | دوستوں کی طرف سے اچھی بات سننے کو مل سکتی ہے۔ سُسرالی رشتہ دار بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ |
| 28 | 6.09 | دن | ع | صحت کے معاملات میں دھیان رکھیں۔ اچانک طبیعت بگڑ سکتی ہے۔ صحت کی طرف سے محتاط رہیں۔ |
| 28 | 16.32 | رٹو | ع | خاندان اور گھریلو معاملات میں کچھ ہلچل سی مچ سکتی ہے۔ مگر صبر وتحمل سے وقت کو گزاریں۔ |
| 28 | 21.14 | رہ | ع | سوشل پوزیشن کے بارے میں لاپرواہی کا مظاہرہ کرنا کچھ معاملات کی خرابی لاسکتی ہے۔ |
| 29 | 23.47 | س ر | ث | اعلیٰ حکام اور افسران کی طرف دھیان دیں کیونکہ وہ جو کچھ بھی دینا چاہتے ہیں آگے بڑھ کر لے لیں۔ |
| 30 | 5.12 | رل | ع | کچھ کاروباری معاملات میں رکاوٹ آسکتی ہے اور پروموشن کے معاملات بھی رُک سکتے ہیں۔ |
| 30 | 9.39 | رخ | ع | ضرورت سے زیادہ تیزی دکھانے سے معاملات ہاتھ سے نکل بھی سکتے ہیں سو احتیاط کریں۔ |
| 30 | 11.12 | رن | ث | بچے کچھ ایسا کریں گے جس سے وہ توجہ چاہیں گے اور اپنے لیے وقت مانگیں گے۔ |
| 30 | 21.18 | رٹو | س | اچانک سفر سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ یہ سفر اور کوئی خبر معاملات میں انقلابی تبدیلی لاسکتی ہے۔ |
| 31 | 0.09 | رہ | ث | اس وقت دھیان کچھ ایسے معاملات کی طرف ہے جو کہ سُسرالی رشتہ داروں سے متعلقہ ہوسکتا ہے۔ |
| 31 | 5.33 | س ی | ع | خواہشات کی تکمیل تو ہوسکتی ہے مگر اخراجات اور ٹینشن کے ساتھ ہی کچھ مل سکتا ہے۔ |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# مفت ایک سوال کا جواب

## شرائط

سوال مختصر اور جامع ہو۔
ایک کوپن پر صرف ایک سوال ارسال کریں۔
سوال کے ہمراہ درج ذیل کوپن لازم ارسال کیا جائے۔ کوائف الگ صفحے پر تحریر کرکے ارسال کریں۔
سوال کا جواب ہر ماہ ان صفحات میں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ ارسال کرنے کی ضرورت نہیں۔
نوٹ...... شرائط پر پورے نہ اترنے والے خطوط کے جواب سے پیشگی معذرت۔

## ایک سوال کا جواب مفت کوپن

صرف ماہ مئی ۲۰۰۴ کے لیے

نام ______
نام والدہ ______ پیدائش کی تاریخ،
وقت اور مقام ______ کوپن
مکمل کرنے کی تاریخ، وقت اور مقام ______
سوال یا مقصد جس کے لیے کوپن ارسال کیا جارہا ہے ______ آپ کا مکمل پتہ (صاف ستھرا تحریر کریں) ______

محمد فہد، لاہور۔

**جواب:** قریباً دو سال تک آپ کی شادی ہوگی۔ پہلے ایک کرلیں۔ ابھی سے دو کی کیا فکر پڑگئی ہے۔

اظہر حسن، اسلام آباد۔

**جواب:** ۔فی الحال حالات میں کسی بہتری کا خاص امکان نظر نہیں آرہا۔ مزید تفصیل مقررہ فیس ادا کرکے معلوم کرسکتے ہیں۔

فریسہ بنت جمیلہ، میر پور خاص۔

**جواب:** مفت سوال کا کوپن ڈھائی سال کے لیے حالات زندگی بیان کرنے کے لیے نہیں ہے۔ اس کوپن پر صرف ایک سوال کا جواب لیا جاسکتا ہے۔ حالانہ حالات کے لیے مقررہ فیس ادا کرنا ہوگی۔

شازیہ حسن، کراچی۔

**جواب:** اگر زیادہ چھان بین اور اچھے رشتے کی تلاش میں نہ پڑیں تو اگلے چند ماہ میں حصول مقصد ہوسکتا ہے۔

محمد اشرف، سرگودھا۔

**جواب:** آپ کا سوال پورا ہوتا نظر نہیں آتا۔ اس کام میں وقت ضائع نہ کریں۔

سنبل افروز، پشاور۔

**جواب:** آپ حصول مقصد کے لیے یا اللہ یا باسط یا حکیم گیارہ تسبیح روزانہ اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ لیا کریں۔ بعد میں حصول مقصد کے لیے دعا کریں۔

وقاص علی، ڈسکہ۔

**جواب:** زائچہ پیدائش حاصل کرنے کے لیے جوابی لفافہ بمعہ تازہ کوپن کے ارسال کریں۔

علی مراد، میر پور ماتھیلو۔

**جواب:** فی الوقت ادائیگی قرضہ کا امکان نظر نہیں آرہا۔ خوش قسمتی کا پتھر معلوم کرنے کی فیس دو صد روپے ہے۔ آپ کو جس عمل کو کرنا ہے اس کی اجازت وغیرہ کے لیے رابطہ کریں۔ علی مراد صاحب آپ کے تمام کوپنوں کے جواب تحریر کردیئے گئے ہیں۔

ریاض احمد، میر پور ماتھیلو۔

**جواب:** رشوت کے بغیر نوکری نہیں ملتی؟ تو اس سلسلے میں حکومت سے رابطہ کریں میں اس بارے میں کیا کرسکتا ہوں۔

## نوٹ

اپنا سوال اور خط صاف اور مختصر تحریر کریں۔
ایک خط میں صرف ایک سوال ارسال کریں۔

## بانڈ نمبر

| فیصل آباد | سکھر |
|---|---|
| ۶۷۹ | ۲۶۲ |
| ۶۷۸ | ۶۸۰ |
| ۴۵۷ | ۳۴۰ |
| ۳۹۰ | ۰۴۸ |
| ۶۰۹ | ۹۸۴ |
| ۷۶۷۰ | ۴۵۶ |
| ۱۸۹ | ۷۲۰ |

لوح مشتری کاغذ پر ۷۰۰ روپے، عمومی چاندی پر

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# خالد روحانی جنتری ۲۰۰۴

قیمت ۸۰ روپے
صفحات ۱۹۲

## شائع ہو چکی ہے

## فہرست مضامین


سالانہ حالات
زحل، مشتری اور آپ
۲۰۰۴ کے امکانات
ملکی حالات اور ۲۰۰۴
خالد روحانی جنتری سال ۲۰۰۴
طلوع و غروب ..... قمر
در بروج ..... قمر در منازل .....
کواکب کی
پوزیشن/ حالت/ حرکت/ گرہن
وغیرہ/ گزر اکل
استخراج طالع اور زائچہ
جدید تسویۃ البیوت
کواکبی تقویم سال ۲۰۰۴
بمعہ داخلہ کواکب فی البروج،
رجعت و استقامت کواکب،
شرف و ہبوط کواکب، ماہانہ قمری
حالتیں، گرہن، اقل تعدیل
تحویل کواکب، رجعت
و استقامت کواکب ۲۰۰۴

شرف و ہبوط کواکب
سال رواں میں قمر کا
..... شرف/ اوج/ ہبوط/ حضیض
شرف، ہبوط کواکب علاوہ قمر
داخلہ کواکب در بروج
کسوف و خسوف (شمسی اور قمری
گرہن)
قمری حالتیں
تحویل آفتاب عالم ..... نوروز
کواکبی نظرات کی مختصر تشریح
نظرات کواکب سال ۲۰۰۴
نظرات کواکب علاوہ قمر
آپ کا زائچہ اور تیز رفتار کواکب
خوش قسمت اوقات ۲۰۰۴
اوقات سحری و افطاری ۲۰۰۴
تسخیر الحب
پرائز بانڈ کی دنیا
الحب
اعمال سورہ فاتحہ

حقائق حاضرات الارواح
آواجیاؤ
دولت، خوشحالی، خوش بختی کا ستارہ
انعامی بانڈ، کرکٹ اور علم اعداد
بسم اللہ اور اسکے خواص و برکات
فیضان روحانی
فتح و جمیت
دعوت صمدیہ اور اس کی شرح
سال پیدائش کا ثمرہ
کبریت احمر
رحمکاریہ الجفر اوج مشتری
زندگی کے روزمرہ امور سے
متعلق کسی بھی سوال کا جواب
(بذریعہ اعداد)
خواص حروف ابجد
مجرب عملیات
اصول نقوش و عملیات
حصول انعام


جنتری منگوانے والے

قیمت ۸۰ روپے + ڈاک خرچ ۲۵ روپے

بذریعہ منی آڈر ارسال کریں۔

جنتری V.P. نہیں کی جائے گی۔

آج ھی کسی اچھے دوکاندار یا اپنے ھاکر سے طلب کریں۔





free copy
khalidrathore.com
UniTech
Document Processing Solutions

# راہنمائے عملیات

قیمت 30 روپے — ماہ مئی — LPL NO.231



مختلف پتھر مختلف سحری اثرات کے حامل ہوتے ہیں۔ ان کو خوش قسمتی، صحت، ردسحر، ذہنی سکون، حصول دولت اور دیگر لاتعداد امور میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ادارہ راہنمائے عملیات نے اس امر کا خاص اہتمام کیا ہے کہ آپ کو اصلی پتھر سستی قیمت پر دستیاب ہوں۔ آپ اس سلسلے میں مکمل اعتماد اور یقین سے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

صبح 11 بجے تا شام 5 بجے تک
فون نمبر (042) 6374864
email : kirathor@yahoo.com
خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر ۲، گلی نمبر ۱۱، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions